سلسلۂ تاریخ عالم

نمبر ۵

تاریخ اسلام

جلد پنجم (۱)

(زبدۃ الکلام فی مشاہیر الاسلام)

جس میں

ساڑھے تین ہزار ۳۵۰۰ سے زیادہ مشاہیر اسلام صحابہ۔ تابعین۔ مشائخ صوفیہ۔ محدثین۔ مفسرین۔ فقہاء۔ مورخین۔ ادباء۔ شعراء۔ حکماء۔ اطباء۔ غرض ہر طبقہ کے علماء کاملین و ماہران فنون کے مختصر حالات وطن۔ سنہ وفات و تصنیفات وغیرہ بترتیب حروف تہجی نہایت خوش اسلوبی سے درج کیے گئے ہیں۔ شروع میں مشہور نام اور آگے اصلی نام لکھا گیا ہے۔ مشہور نام اکثر کنیت یا نسبتی ہے مثلاً ابن خلدون۔ ابو قحافہ۔ شہرستانی وغیرہ۔ یہ کتاب مشرقی (عربی۔ فارسی۔ اردو) علم ادب کے واسطے مثل ڈکشنری کے ایک نہایت اعلیٰ اور مفید کتاب فرنس کی بنائی گئی ہے

(یہ تاریخ اسلام جلد اول کا ضمیمہ ہے)

از

ایس ذاکر حسین جعفر پروپرائٹر دفتر اتالیق انگریزی دہلی

۱۳۳۷ھ

۱۹۱۹ء

جے اینڈ سنز پرنٹنگ ورکس دہلی میں چھاپی گئی

کاغذ بادامی ۱۲/ کاغذ سفید اعلیٰ ... محصول ڈاک ۱/

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱ آبیاری [عبدالہادی بن آبیاری شافعی] (فقیہ ۔ ادیب ۔ شاعر ۔ ۱۳۰۵) نفحۃ الاکمام ۔ سعود المطالع ۔ سحر العیون ۔ وسائل الادبیہ ۔ نیل الامانی ۔ کواکب الدریہ ۔ شرح

۲ آبرو [نجم الدین شاہ مبارک اکبرآبادی دہلوی] (شاعر اُردو ۔ صدی دوازدہم) معاصر جانجاناں و محمد شاہ بادشاہ دہلی)

۳ آتش [خواجہ حیدر علی دہلوی لکھنوی] (شاعر اُردو ۔ ۱۲۵۲)

۴ آجری [ابوبکر محمد بن حسین بن عبداللہ شافعی بغدادی] (محدث ۔ فقیہ ۔ ۳۵۹) الاربعین ۔ الشریف ۔ ۳۰ سال مکہ میں رہا ۔ آجر بغداد کا ایک قریہ ہے

۵ آدم [آدم بن ابی ایاس] (مفسر ۔ ۲۲۴)

۶ آذری [نورالدین حمزہ بن عبدالملک طوسی اسفرائنی] (صوفی ۔ شاعر فارسی ۔ ۸۶۶) مداح شاہرخ بن تیمور

۷ آذوز [سلیمان آذنی نصیری ۔ انطاکی] (متکلم ۔ صدی سیزدہم) ولادت ۱۲۵۰ ۔ باکورۃ السلیمانیہ فی کشف اسرار الدیانۃ النصیریہ

۸ آزاد [محمد حسین بن محمد باقر دہلوی] (ادیب ۔ اردو ۔ ۱۳۲۰) آبحیات ۔ دربار اکبری ۔ نیرنگ خیال (اردو فارسی کے شاعر)

۹ آزاد [سید غلام علی حسینی واسطی بلگرامی] (شاعر عربی و فارسی ۔ ادیب ۔ ۱۲۰۰) سبحۃ المرجان ۔ خزانۂ عامرہ ۔ ید بیضاء ۔ روضۃ الاولیاء

۱۰ آرزو [سراج الدین علی خاں اکبرآبادی دہلوی] (شاعر فارسی و اُردو ۔ ادیب ۱۱۶۹) چراغ ہدایت

۱۱ آصفی [آصفی بن خواجہ نعمت اللہ بن علاءالدین علی ہروی] (شاعر فارسی ۹۲۵) شاگرد جامی ۔ انکے والد سلطان ابوسعید تیموری کے وزیر تھے

۱۲ آغا صاحب [سید مصطفیٰ بن عمدۃ العلماء سید محمد ہادی بن سید مہدی بن سید دلدار علی نصیرآبادی لکھنوی] (فقیہ ۱۳۲۳) ولادت ۱۲۵۲ ۔ سید مہدی کا ۱۳۱۲ھ میں انتقال ہوا ۔ اور عمدۃ العلماء کا ۱۲۷۸ھ میں ۔

۱۳ آفتاب حسین [سید آفتاب حسین دہلوی] (محدث ۔ ۱۳۲۱) عربی سکول دہلی میں مدرس تھے ۔

۱۴ آقا جمال [آقا جمال الدین بن آقا حسین خونساری اصفہانی] (فقیہ ۔ ۱۱۲۱) حاشیہ شرح لمع ۔ حاشیہ شرح تجرید ۔ حاشیہ شرائع الاسلام ۔ حاشیہ مختصر الاصول عضدی

۱۵ آقا حسن [سید آقا حسن بن سید کلب عابد لکھنوی] (فقیہ ۔ حی) آغا صاحب کے بھانجے اور داماد

۱۶ آقا خونساری [علامہ آقا حسین ملقب بہ استاد الکل فی الکل بن جمال الدین محمد خونساری] (فقیہ ۔ ۱۰۹۸ ۔ اصفہان) شاگرد محقق سبزواری ۔ مشارق الشموس ۔ شرح دروس ۔ ترجمۂ کلام اللہ ۔ ترجمۂ صحیفۂ کاملہ ۔

۱۷ آقا دربندی [آقا بن عابد بن رمضان دربندی طہرانی] (فقیہ ۔ صدی سیزدہم) اسرار الشہادۃ ۔ خزائن الاصول ۔ تعریف العلماء کے شاگرد ۔ معاصر ناصرالدین شاہ ایران

۱۸ آقا سید [سید ابراہیم "استاد صاحب ضیاء الجنات" بن محمد باقر قزوینی حائری] (فقیہ ۔ ۱۲۶۴) ضوابط الاصول ۔ نتائج الافکار ۔ دلائل الاحکام الفقہ ۔ شاگرد ملا شریف

۱۹ آقائے صدر [سید اسمٰعیل بن سید صدرالدین حائری] فقیہ ۔ حی) مرزا محمد حسن شیرازی کے شاگرد

۲۰ آل حسن [سید آل حسن بن اولاد علی بخاری قنوجی] (فقیہ ۔ ۱۲۵۳) ہدایۃ المؤمنین ۔ تقویۃ المتقین (صدیق حسن خاں نواب بھوپال کے والد تھے)

۲۱ آلوسی زادہ ۔ محمود بن عبداللہ آلوسی بغدادی (مفتی بغداد)] (مفسر ۔ ۱۲۷۰) تفسیر روح المعانی

۲۲ آمدی [ابوالقاسم حسن بن بشر بن یحییٰ آمدی] (نحوی ۔ ۳۷۱)

۲۳ آمدی [قاضی ناصح الدین ابوالفتح عبدالواحد بن محمد بن عبدالواحد تمیمی] (فقیہ ۔ صدی پنجم) الدرر والغرر (مجموعۂ کلام امیرالمومنین) جسکو غررالحکم و دررالکلم بھی کہتے ہیں ۔ معانی شرح

۲۴ آمدی [ابوالفضائل علی بن ابوالمظفر یوسف بن احمد آمدی واسطی شافعی] (فقیہ ۔ ۶۰۸) قاضی واسط

۲۵ آمدی اصولی [ابوالحسن سیف الدین علی بن ابوعلی محمد بن سالم بن سیف الدین محمد آمدی حنبلی شافعی] (فقیہ ۔ متکلم ۔ اصولی ۶۳۱) سکونت بغداد ۔ شام ۔ مصر ۔ ولادت ۵۵۱ ۔ ابکار الافکار ۔ لب الالباب ۔ دقائق الحقائق ۔ منتہی السؤل فی الاصول ۔

۲۶ ابان الاحمر [ابان بن عثمان الاحمر بجلی (ابوعبداللہ) کوفی بصری] (فقیہ ۔ صدی دوم) کتاب المغازی والمبتدی والمبعث والوفات والسقیفہ ۔ امام جعفر صادق کے ۶ فقیہ اصحاب میں سے اور وہ یہ ہیں ۔ جمیل بن دراج ۔ عبداللہ بن مسکان ۔ عبداللہ بن بکیر ۔ حماد بن عیسیٰ ۔ حماد بن عثمان ۔ ابان بن عثمان ۔

؎ ہندسہ پر خط عرضی شیعہ کی علامت قرار دی گئی ہے ۔

۲۷ ابان بن تغلب [ابان بن تغلب بن رباح (ابو سعید) بکری کوفی] (قاری، فقیہ، لغوی، محدث - ۱۴۱) امام زین العابدینؑ و باقرؑ و جعفرؑ کے صحابی - تفسیر غریب القرآن - کتاب المفرد - کتاب الفضائل - کتاب الصفین - ان کو جناب صادقؑ سے تیس ہزار احادیث حفظ تھیں۔

۲۸ ابان بن سعید [ابان بن سعید بن عاص بن امیہ] (صحابی - ۱۳ یا ۱۵) ۷ھ میں مسلمان ہوئے۔ عہد عثمانی میں متولی جمع قرآن - جنگ اجنادین یا یرموک میں مارے گئے

۲۹ ابان بن محمد [ابان بن محمد بجلی کوفی (معروف بسندی البزاز)] (محدث - صدی سوم) کتاب النوادر - صفار نے ان سے روایت کی

۳۰ ابراہیم ادہم [ابراہیم بن ادہم بن منصور عجلی بلخی (ابو اسحاق)] (صوفی - ۱۶۱ صوور) ولادت مکہ میں جبکہ انکے والدین حج کو آئے تھے

۳۱ ابراہیم اشعری [ابراہیم بن محمد اشعری قمی] (محدث - صدی دوم) امام موسیٰ کاظمؑ و امام رضاؑ سے روایت کی

۳۲ ابراہیم اہوازی [ابراہیم بن مہزیار اہوازی] (محدث - صدی سوم) کتاب البشارات - امام جوادؑ و امام ہادیؑ کے صحابی

۳۳ ابراہیم باجوری [ابراہیم باجوری] (متکلم - ۱۲۷۶) ولادت ۱۱۹۸ - تحفۃ المرید علی جواہر التوحید - شرح کفایۃ العوام فی العقائد

۳۴ ابراہیم حفید [ابراہیم حفید ثابت بن قرہ حرانی] (مہندس - ۳۳۵) طریق التحلیل والترکیب والاعمال الہندسیہ

۳۵ ابراہیم حلبی [ابراہیم بن محمد حلبی حنفی (خطیب قسطنطنیہ)] (فقیہ - ۹۵۶) ملتقی الابحر - کبیری شرح منیۃ المصلی - سیاسۃ الشرعیہ

۳۶ ابراہیم خراسانی [ابراہیم بن ابی محمود خراسانی] (محدث - صدی سوم) معاصر امام کاظمؑ و رضاؑ و جوادؑ

۳۷ ابراہیم خزاز [ابراہیم بن سلیمان بن عبداللہ خزاز کوفی] (محدث - صدی سوم) کتاب النوادر - کتاب الخطب - کتاب الدعا - کتاب المناسک - کتاب الجہاد - کتاب مقتل ... حمید بن زیاد المتوفی ۳۱۰ھ نے ان سے روایت کی

۳۸ ابراہیم شیرازی [مرزا ابراہیم بن ملا صدرا شیرازی] (مفسر، فقیہ - ۱۰۷۰) تفسیر عروۃ الوثقی - رسالہ انیقہ و عجالہ دقیقہ - حاشیہ شرح لمعہ

۳۹ ابراہیم عباسی [ابو اسحاق ابراہیم بن مہدی بن منصور عباسی] (مغنی، مطرب - ۲۲۴) مامون جب مرو میں تھا بغداد میں خلیفہ بن گیا مامون نے بغداد میں آ کر ...

۴۰ ابراہیم عاملی [ابراہیم بن محمد بن حسین موسوی عاملی کرکی] (فقیہ - صدی یازدہم) طہران کے شیخ الاسلام - معاصر حرؒ عاملی

۴۱ ابراہیم قطیفی [ابو اسماعیل ابراہیم بن سلیمان قطیفی] (فقیہ - محدث صدی دہم) ہادی الی السبیل الرشاد - تعیین الفرقۃ الناجیہ - شرح النفلیہ شہید - نفحات الفوائد وغیرہ - معاصر شاہ طہماسپ صفوی - نورالدین علی کرکی سے اجازہ پایا ۹۴۴ھ میں زندہ تھے۔

۴۲ ابراہیم کوفی [ابراہیم بن محمد بن سعید ثقفی کوفی] (مفسر، محدث، فقیہ - ۲۸۳ اصفہان) کتاب الغارات - کتاب المغازی - کتاب السقیفہ - مقتل عثمان - کتاب الشوریٰ - کتاب الجمل - کتاب الصفین - مقتل علی - مقتل حسین - اخبار المختار - کتاب فدک - کتاب التفسیر - کتاب الامۃ - کتاب التاریخ - جامع الکبیر فقہ میں

۴۳ ابراہیم کرباسی [ابوالحاج محمد ابراہیم بن حاجی محمد حسن خراسانی کرباسی] (فقیہ، محقق - ۱۲۶۲) اشارات الاصول - ایقاظات - منہاج الہدایہ - تقلید الاموات - کتاب الارشاد - نخبہ فارسی - شوارع الہدایہ الی شرح الکفایہ للمحقق سبزواری - عمرہ ۹۵

۴۴ ابراہیم کفعمی [تقی الدین ابراہیم بن علی بن حسن عاملی کفعمی] (عالم، ادیب، شاعر - آغاز صدی دہم) مصباح - فوائد الطریفہ - مقصد الاسنیٰ - محاسبۃ النفس - فروق اللغۃ - حدیقۃ الناضرہ - نہایۃ الادب فی امثال العرب - کوکب الدری - وفیات العلماء

۴۵ ابراہیم بن معصوم [میر محمد ابراہیم بن محمد معصوم حسینی] (فقیہ - ۱۱۴۹) حاشیہ بر تفسیر آیات الاحکام مقدس اردبیلی

۴۶ ابراہیم نخعی [ابو عمران ابراہیم بن یزید بن اسود نخعی کوفی] (تابعی، فقیہ - ۹۵) ولادت ۴۹ھ

۴۷ ابراہیم نہاوندی [ابراہیم بن اسحاق احمری نہاوندی] (محدث - صدی سوم) امام ہادیؑ کے صحابی - کتاب الصیام - کتاب المتعہ - کتاب الدواجن - کتاب الجنائز - جواہر الاسرار - کتاب النوادر - کتاب الغیبۃ - مقتل الحسین۔

۴۸ ابراہیم نیشاپوری [ابراہیم بن عبدہ نیشاپوری] (محدث - صدی سوم) امام حسن عسکریؑ سے انکو نام توقیع جاری ہوئی [ابراہیم قزوینی دیکھو آقا سید]

۴۹ ابراہیم ہمدانی [مرزا ظہیر الدین ابراہیم بن مرزا قوام الدین حسین الحسینی ہمدانی] (حکیم، فاضل، علامہ - ۱۰۲۶) ملا محمد تقی مجلسی نے انسے اجازہ پایا - حاشیہ علی الہیات الشفا - حاشیہ اشارات - حاشیہ کشاف۔

۵۰ البشہی [شہاب الدین احمد البشہی] (ادیب - ۸۰۰) المستطرف فی کل فن مستظرف

۵۱ ابن ابار [ابوجعفر احمد بن محمد خولانی اشبیلی] (شاعر عرب - ۴۳۳ھ) عبّاد شاہ اشبیلیہ کا شاعر۔ صاحب دیوان

۵۲ ابن ابار [ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ بن ابی بکر بلنسی] (لغوی - ادیب - مورخ - فقیہ - ۶۵۸) ولادت ۵۹۵ھ - امام عربیت۔ تاریخ اندلس ۴ جلد میں

۵۳ ابن ابی الازہر [محمد بن زید بن محمود بن منصور خزاعی] (نحوی - ۳۲۵) ما انزل من القرآن فی علی - مبرد سے روایت کرتا ہے اور دار قطنی اور ابوالفرج اصفہانی

۵۴ ابن ابی اُسامہ [حارث بن ابی اُسامہ] (محدث - ۲۸۲)

۵۵ ابن ابی الاحوص [قاضی ابوعلی حسین بن عبدالعزیز بن محمد غرناطی] (محدث - فقیہ - نحوی) ۶۹۹ غرناطہ)

۵۶ ابن ابی الاسحٰق [امام ابوبحر عبداللہ بن ابی اسحاق حضرمی] (نحوی - ادیب - ۱۱۷) نحو کو اوّل اسی نے معلل کیا۔ فرزدق کا اکثر ذکر تا تھا

۵۷ ابن ابی اصیبعہ [احمد بن قاسم بن خلیفہ خزرجی دمشقی] (طبیب - ۶۶۸) عیون الانباء فی طبقات الاطباء - قاہرہ و صلخد کے شفاخانوں میں ملازم رہا۔ ابن بیطار کے ساتھ بوٹیوں کی تلاش میں بادیۂ شام میں پھرتا تھا۔

۵۸ ابن ابی الاصبع [عبدالعظیم بن عبدالواحد بن ظافر مصری] (ادیب - شاعر - ۶۵۴) امام ادب - عمر ۶۰

۵۹ ابن ابی جمرہ [ابومحمد عبداللہ بن سعد بن ابی جمرہ اندلسی] (محدث - مفسر - ۶۷۵) جمع النہایہ فی بدء الخیر والغایہ - بہجۃ النفوس خلاصۂ صحیح بخاری تفسیر

۶۰ ابن ابی جمہور [محمد بن شیخ زین الدین ابوالحسن علی بن ابراہیم ہجری احسائی] (فقیہ - صدی نہم قاہرہ) غوالی اللئالی - نثر اللئالی - شرح باب حادی عشر - احادیث الفقہیہ - ۸۸۸ھ میں زندہ تھے۔

۶۱ ابن ابی حاتم [ابومحمد عبدالرحمان بن ابی حاتم محمد تیمی رازی] (محدث - ۳۲۷) ولادت ۲۴۰ تفسیر - مسند - صحیح - کتاب الزہد - فوائد الکبریٰ - الجرح والتعدیل

۶۲ ابن ابی حجلہ [احمد بن یحییٰ تلمسانی حنبلی نزیل دمشق و قاہرہ] (ادیب - شاعر - ۷۷۶) سکردان - مجتبی الادباء - دیوان الصبابہ

۶۳ ابن ابی الحدید [ابوحامد عزالدین عبدالحمید بن ہبۃ اللہ مدائنی بغدادی معتزلی] (ادیب - شاعر - کاتب - ۶۵۵ بغداد) شرح نہج البلاغہ - فلک الدائر علی المثل السائر - ولادت ۵۸۶

۶۴ ابن ابی الحدید [موفق الدین بن ہبۃ اللہ معتزلی مدائنی] (ادیب - ۶۵۶) صاحب شرح نہج البلاغہ کا بھائی - وشی المرقوم فی حل المنظوم - ولادت ۵۹۰ - وفات بعد فتنۂ بغداد

۶۵ ابن ابی حفصہ [ابوالسمط مروان بن سلیمان بن یحییٰ شامی] (شاعر عرب - ۱۸۱ بغداد) ولادت ۱۰۵

۶۶ ابن ابی داؤد [امام ابوعبداللہ احمد بن ابی داؤد فرج بن جریر معتزلی بغدادی] (فقیہ - شاعر عرب - ۲۴۰ بغداد) یحییٰ بن اکثم کی معزولی پر بغداد کا قاضی القضاۃ - احمد بن حنبل کو مسئلۂ خلق قرآن میں معقول کیا۔ بکمال فصیح و بلیغ تھا۔

۶۷ ابن ابی داؤد [ابوبکر عبداللہ بن ابی داؤد سلیمان سجستانی بغدادی] (محدث - ۳۱۶ بغداد) ولادت ۲۳۰

۶۸ ابن ابی الدنیا [ابوبکر عبداللہ بن محمد بن عبید اموی بغدادی] (محدث - ۲۸۱) ولادت ۲۰۸ - معتضد وغیرہ خلفائے عباسیہ کا اتالیق - کتاب مصنّف

۶۹ ابن ابی الدم [قاضی شہاب الدین بن ابی الدم حموی] (فقیہ - مورخ - ۶۴۲) تاریخ المظفری جو رکن الدین مظفر بیبرس سلطان مصر کے نام پر لکھی

۷۰ ابن ابی دینار [ابوعبداللہ بن ابی دینار] (مورخ - ۱۰۹۲) المونس نے تاریخ افریقیہ و تونس

۷۱ ابن ابی زرع [ابوالحسن علی بن عبداللہ فزانی] (مورخ - صدی ہفتم) انیس المطرب بروض القرطاس فی اخبار المغرب - زہرۃ البستان فی اخبار الزمان

۷۲ ابن ابی ذیب [امام محمد بن عبدالرحمان بن ابی ذئب ہشام مدنی (ابوالحارث)] (محدث - ۱۵۹ کوفہ) ولادت ۸۱ - امام مالک کا مصاحب۔

۷۳ ابن ابی راحہ [ابراہیم بن سلیمان بن ابی راحہ مزنی بصری] (فقیہ - متکلم - ادیب - صدی دوم) جناب صادق سے روایت کی

۷۴ ابن ابی الربیع [شہاب الدین احمد بن محمد بن ابی الربیع] (ادیب - صدی سوم) معتصم عباسی کا معاصر جو ۲۲۷ھ میں مرا۔ صاحب سلوک المالک فی تدبیر الممالک

۷۵ ابن ابی الربیع [عبید اللہ بن احمد بن عبید اللہ اموی عثمانی اشبیلی] (نحوی - ۶۸۸) ولادت ۵۹۹ شلوبین کا شاگرد - شرح ایضاح - ملخص القوانین - شرح سیبویہ - شرح جمل

۷۶ ابن ابی الرکب [ابوبکر محمد بن مسعود جیانی اندلسی] (نحوی - فقیہ - ۵۴۴) ابن ابی العافیہ کا شاگرد - ابوعلی صدفی سے روایت کی - شرح کتاب سیبویہ

۷۷ ابن ابی رندقہ [ابوبکر محمد بن ولید بن محمد طرطوشی مالکی] (صوفی۔ادیب۔فقیہ۔۵۲۰ سکندریہ) سراج الملوک جو بطائحی وزیر مصر سے معنون کی۔سراج الہدی۔ برالوالدین۔کتاب الفتن۔ ابن حزم و باجی کا شاگرد۔ ولادت ۴۵۱

۷۸ ابن ابی سارہ [ابوجعفر محمد بن حسن بن ابی سارہ رواسی کوفی] (نحوی۔دوسری صدی) (دیکھو ابوجعفر رواسی)

۷۹ ابن ابی سعد [ابوالعالی بہاءالدین محمد بن حسن بن محمد بغدادی] (کاتب۔کافی الکفاۃ۔شاعر۔۵۶۲) مستنجد عباسی کے مخصوصین سے۔کتاب التذکرہ ادب میں۔نوادر۔تاریخ ۱۲ جلد

۸۰ ابن ابی شامہ [محمد عبدالرحمان بن ابی شامہ مقدسی] (مورخ۔۶۹۵) الروضتین فی اخبار الدولتین

۸۱ ابن ابی الشوارب [محمد بن عبدالملک بن ابی الشوارب اموی (ابوعبداللہ ابلی)] (محدث۔۲۴۴) ابوعوانہ سے روایت کرتا ہے۔

۸۲ ابن ابی الشوارب [قاضی حسن بن عبداللہ بن ابی الشوارب بغدادی] (محدث۔فقیہ۔تیسری صدی) قاضی القضاۃ بغداد۔معاصر معتز باللہ وغیرہ۔وفات بعہد معتمد۔ان کے بیٹے ابن ابی الشوارب عبداللہ بن حسن مطیع کے زمانہ میں بغداد کے قاضی القضاۃ مقرر ہوئے

۸۳ ابن ابی شیبہ [دیکھو ابوبکر بن ابی شیبہ و عثمان بن ابی شیبہ]

۸۴ ابن ابی الصقر [ابوالحسن محمد بن علی بن حسن واسطی شافعی] (فقیہ۔ادیب۔شاعر عرب۔۴۹۸ واسط) ولادت ۴۰۹۔ابواسحاق شیرازی کا شاگرد

۸۵ ابن ابی عاصم [احمد بن عمر شیبانی] (محدث۔۲۸۷) مسند

۸۶ ابن ابی عباد [شیخ ابومحمد حسن بن اسحاق یمنی] (نحوی۔حدود ۵۹۰)

۸۷ ابن ابی عروبہ [ابونصر سعید بن ابی عروبہ مہران عدوی۔بصری] (محدث۔۱۵۶)

۸۸ ابن ابی عصرون [شرف الدین ابوسعد عبداللہ بن ابی السری محمد بن ہبۃ اللہ موصلی شافعی] (فقیہ۔۵۸۵ دمشق) ولادت ۴۹۲ موصل۔صفوۃ المذہب ۷ جلد۔کتاب الانتصار۔کتاب المرشد۔کتاب الذریعہ۔

۸۹ ابن ابی عقیل [ابومحمد حسن بن علی بن ابی عقیل عمانی] (فقیہ۔متکلم۔تیسری صدی) معاصر کلینی۔ابن قولویہ کے استاد۔المتمسک بحبل آل الرسول فقہ میں۔الکر و فر امامۃ میں۔

۹۰ ابن ابی عمر [ابن ابی عمر عدنی] (محدث۔۲۴۳) مسند

۹۱ ابن ابی الغنائم [مواہب حسن بن ہبۃ اللہ بن محفوظ دمشقی] (محدث۔۵۸۶) ولادت ۵۳۷۔معجم

۹۲ ابن ابی الغنائم [عبدالعزیز محمد بن ابوالغنائم بن احمد کاشی] (نحوی۔صدی ہشتم) معاصر حکیم عبدالرزاق نسفی۔شرح مفصل زمخشری

۹۳ ابن ابی الکرام [ابراہیم بن علی بن عبداللہ بن جعفر بن ابیطالب] (محدث۔دوسری صدی) امام رضا کے صحابی

۹۴ ابن ابی لیلی [قاضی محمد بن ابی لیلی عبدالرحمان بن ابی لیلی یسار کوفی] (فقیہ۔۱۴۸) ولادت ۷۴ھ بنی امیہ و بنی عباس کی طرف سے ۳۳ سال قاضی کوفہ رہا۔شعبی کا شاگرد۔اصحاب الرائے سے تھا مخالف ابوحنیفہ۔

۹۵ ابن ابی لیلی [ابوعیسیٰ عبدالرحمان بن ابی لیلیٰ یسار انصاری کوفی] (تابعی۔۸۳) ولادت ۱۷ھ جنگ جمل میں علیؑ کے ہمراہ تھے۔

۹۶ ابن ابی ملیکہ [عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ مکی] (تابعی۔۱۱۷) شیخ الحرم۔ابن زبیر کے عہد میں مکہ کا قاضی۔

۹۷ ابن ابی ہریرہ [ابوعلی حسن بن حسین بن ابی ہریرہ شافعی] (فقیہ۔۳۴۵) امام عراق۔شرح مختصر مزنی

۹۸ ابن ابی ہراسہ [احمد بن نصر بن سعید نہروانی] (محدث۔۳۶۳)

۹۹ ابن ابی الیسر [تقی الدین اسماعیل بن ابی الیسر ابراہیم] (کاتب۔محدث۔اواخر صدی ہفتم) ابن تیمیہ نے اس سے روایت کی

۱۰۰ ابن الابرش [ابوالقاسم خلف بن یوسف بن فرتون شنتمیری اندلسی] (نحوی۔شاعر۔۵۳۲ھ شونطہ)

۱۰۱ ابن اثیر [امام عزالدین ابوالحسن علی بن محمد بن محمد بن عبدالکریم جزری موصلی] (محدث۔مورخ۔۶۳۰ موصل) تاریخ الکامل۔اسدالغابہ۔اللباب ولادت ۵۵۵ جزیرۃ ابن عمر متصل موصل۔

۱۰۲ ابن اثیر [مجد الدین مبارک بن محمد بن محمد بن عبد الکریم جزری] (محدث۔ لغوی۔ ۶۰۶ موصل) جامع الاصول۔ نہایہ فی غریب الحدیث۔ کتاب الانصاف فی التفسیر۔ ولادت ۵۴۴ جزیرۂ ابن عمر

۱۰۳ ابن اثیر [ابو الفتح ضیاء الدین نصر اللہ بن محمد بن محمد بن عبد الکریم جزری] (ادیب۔ کاتب۔ ۶۳۷ بغداد) مثل السائر۔ ولادت ۵۵۸ جزیرۂ ابن عمر

۱۰۴ ابن آجروم [ابن آجروم صنہاجی] (نحوی۔ ۷۲۳) آجرومیہ نحو میں

۱۰۵ ابن الاجدابی [ابو اسحاق ابراہیم بن اسمٰعیل بن احمد طرابلسی] (ادیب۔ صدی ششم) پانچویں اور چھٹی صدی ہجری کے درمیان تھا۔ کفایۃ المتحفظ

۱۰۶ ابن احدب [ابراہیم بن الاحدب طرابلسی شامی نزیل بیروت] (ادیب۔ حی) کشف الارب عن سر الادب۔ ذیل ثمرات الاوراق (تاہیل الغریب)

۱۰۷ ابن الاحنف [ابو الفضل عباس بن احنف بن اسود یمامی] (شاعر عرب۔ ۱۹۲)

۱۰۸ ابن الاخضر جنابذی [ابو محمد عبد العزیز بن مسعود بن مبارک بغدادی] (محدث۔ نسابہ۔ ۶۱۱) ولادت ۵۲۴۔ موالید اہل بیت

۱۰۹ ابن اخی العزیز [عماد الدین ابو عبد اللہ محمد بن صفی الدین محمد بن نفیس الدین حامد اصفہانی] (مورخ۔ ۵۹۷ دمشق) ولادت ۵۱۹ اصفہان۔ صلاح الدین یوسف کے مخصوصین سے۔ خریدۃ القصر و جریدۃ العصر دس جلد۔ برق الشامی ۷ جلد۔ نصرۃ الفطرۃ۔ اخبار دولت سلجوقیہ

۱۱۰ ابن ادریس [ابو عبد اللہ فخر الدین محمد بن احمد بن ادریس حلّی (عجلی العلماء)] (فقیہ۔ ۵۷۸) مولف صحیفہ کاملہ۔ سرائر الحاوی لتحریر الفتاوی۔ ابو علی حسن بن طوسی کے شاگرد۔ عمر ۲۵ سال

۱۱۱ ابن ازہر [محمد بن یزید خزاعی] (نحوی۔ ۳۲۵) عمر ۹۰ سے اوپر

۱۱۲ ابن اسحاق [ابو بکر محمد بن اسحاق بن یسار مدنی بغدادی] (محدث۔ مورخ۔ ۱۵۱ بغداد) المغازی والسیر۔ ابن ہشام نے سیرۃ الرسول اسی کی کتاب سے لکھی

۱۱۳ ابن اسحاق صابی [ابو الحسن ہلال بن محسن بن ابراہیم حرانی] (کاتب۔ ۴۴۸) ولادت ۳۵۹ عضد الدولہ کا کاتب۔ آخر عمر میں مسلمان ہوا تاجی کتاب الاماثل

۱۱۴ ابن اصیبعہ [رشید الدین علی بن خلیفہ بن یونس خزرجی مصری] (طبیب حکیم۔ ادیب۔ ۶۱۶) عمر ۷۳۔ موخر المفید حساب میں۔ کتاب المساحۃ۔ کتاب الطب

۱۱۵ ابن الاعرابی [ابو سعید احمد بن محمد بصری] (صوفی۔ محدث۔ ۳۴۰) ولادت ۲۴۶

۱۱۶ ابن الاعرابی [ابو عبد اللہ محمد بن زیاد کوفی] (لغوی۔ نحوی۔ ۲۳۱ سامرہ) ولادت ۱۵۰ کوفہ۔ کتاب النوادر۔ کتاب الالفاظ۔ تفسیر الامثال (مفضل و کسائی کا شاگرد)

۱۱۷ ابن الاعمیٰ [کمال الدین علی بن محمد] (ادیب۔ شاعر۔ ۶۹۲) دولت ناصریہ کے مشہور شاعروں سے

۱۱۸ ابن الافطس [عمر بن مظفر بن افطس مکناسی بطلیوسی] (شاعر۔ صدی پنجم) شاہ بطلیوس

۱۱۹ ابن ام قاسم [بدر الدین حسن بن قاسم بن عبد اللہ رازی مصری] (نحوی۔ لغوی۔ ۷۴۹)

۱۲۰ ابن ام مکتوم [عمرو بن ام مکتوم یا عبد اللہ بن قیس بن زائدہ] (صحابی۔ ۱۴) خدیجہ کے ماموں زاد۔ جنگ قادسیہ میں شہید ہوئے۔ قدیم الاسلام نابینا موذن رسول

۱۲۱ ابن الانباری [ابو بکر محمد بن قاسم بن محمد بن بشار انباری] (محدث۔ لغوی۔ ادیب۔ ۳۲۸ بغداد) عمر ۵۷۔ کتاب الاضداد۔ کتاب الامثال۔ الانصاف۔ غریب الحدیث۔ مشکل الحدیث

۱۲۲ ابن الانباری [کمال الدین ابو البرکات عبد الرحمان بن محمد بن عبد اللہ انباری] (نحوی۔ ۵۷۷) نزہۃ الالباء فی طبقات الادباء۔ نسمۃ العبیر فی التعبیر۔ اسرار العربیہ۔ میزان نحو میں۔ ولادت ۵۱۳

۱۲۳ ابن ایاز [جمال الدین ابو محمد حسین بن بدر بن ایاز بغدادی] (فقیہ۔ ۶۸۱) ابو عثمان مالکی کا شاگرد

۱۲۴ ابن ایاس [محمد بن احمد بن ایاس حنفی مصری] (مورخ۔ ۹۳۰) بدایع الزہور فی وقایع الدہور جو مصر کی تاریخ ہے۔

۱۲۵ ابن باب [ابو عثمان عمرو بن عبید بن باب بصری معتزلی (ابو عبید)] (زاہد۔ متکلم۔ ۱۴۴) ولادت ۸۰۔ اپنے زمانہ میں معتزلیوں کا شیخ۔ حسن بصری کا مکتب۔ کتاب الرد علی القدریہ۔ کتاب التفسیر عن حسن بصری۔ کلام کثیر فی العدل و التوحید

۱۲۶ ابن بابویہ [ابو الحسن علی بن حسین بن موسیٰ بن بابویہ قمی] (فقیہ۔ محدث۔ ۳۲۹) کتاب الامامۃ۔ کتاب الشرایع۔ کتاب التفسیر۔ جامع الاخبار۔ کتاب الخصال۔ معانی الاخبار۔ مجالس۔ عقاب الاعمال۔

۲۵۷ ب۔ ... ابن سکیت کا استاد

۱۲۷ ابن بابشاد [ابوالحسن طاہر بن احمد بن بابشاد دیلمی مصری] (نحوی - ۴۶۹ مصر) شرح کتاب الاصول ابن سراج - شرح جمل زجاجی - مقدمہ اور اس کی شرح نحو میں -

۱۲۸ ابن باجہ [ابوبکر محمد بن یحییٰ التجیبی السرقسطی غرناطی] (ادیب - شاعر طبیب فلسفی - ۵۳۳ فاس) اشبیلیہ غرناطہ میں مدتوں - پھر فاس میں آیا اندلس میں اول اسی نے فلسفہ ارسطو کو رواج دیا -

۱۲۹ ابن البادش [ابوجعفر احمد بن علی بن احمد بن خلف انصاری غرناطی] (نحوی - ۵۴۰) ولادت ۴۹۱ھ - الاقناع قرأت میں - انکے والد ابوالحسن علی ابن البادش جو عربیت اور اسماء الرجال کے بڑے عالم تھے - ۵۲۸ میں مرے -

۱۳۰ ابن البارزی [نجم الدین عبدالرحمان بن ابراہیم بن ہبۃ اللہ حموی شافعی] (فقیہ - ۶۸۳ مدینہ) ولادت ۶۰۸ - حماۃ کا قاضی

۱۳۱ ابن باقی [سید علی بن حسین بن حسان بن باقی قرشی] (محدث - صدی ہفتم) اختیار المصباح ابوجعفر طوسی جو ۶۵۳ میں لکھی

۱۳۲ ابن بانہ [عمرو بن محمد بن سلیمان بغدادی] (مغنی - شاعر عرب - ۲۷۸ سامرہ) متوکل وغیرہ خلفائے عباسیہ کا ندیم - اسحاق بن ابراہیم موصلی کا شاگرد

۱۳۳ ابن البراج [عبدالعزیز بن نحریر بن عبدالعزیز بن براج طرابلسی شامی] (فقیہ - ۴۸۱) المعتمد - الروضہ - الجواہر - المعالم - الکامل عماد المحتاج

۱۳۴ ابن برجان [ابوالحکم عبدالسلام عبدالرحمان بن محمد افریقی اشبیلی] (صوفی مفسر - ۵۳۶ مراکش) تفسیر القرآن - شرح اسماء اللہ الحسنے

۱۳۵ ابن برذویہ [احمد بن یعقوب بن یوسف اصفہانی] (نحوی - ۳۵۴) نفطویہ کا شاگرد

۱۳۶ ابن برہان [ابوالقاسم عبدالواحد بن علی بن عمر عکبری حنبلی حنفی] (نحوی - لغوی - مورخ - ۴۵۶ بغداد) ابن بطہ کی صحبت میں رہا - حنبلی سے حنفی ہو گیا

۱۳۷ ابن برہان [ابوالفتح احمد بن علی بن محمد الوکیل شافعی بغدادی] (فقیہ - ۵۲۰ بغداد) کتاب الوجیز فی اصول الفقہ - غزالی اور ابوبکر شاشی اور کیا ہرسی اور ابواسحاق مروزی کا شاگرد

۱۳۸ ابن بری [ابومحمد عبداللہ بن بری بن عبدالجبار مقدسی مصری] (نحوی - لغوی - ۵۸۶) دیار مصریہ میں اپنا مثل نہ رکھتا تھا

۱۳۹ ابن البزاز [حافظ الدین محمد بن شہاب الدین کردی حنفی] (فقیہ - ۸۲۷) فتاوی بزازیہ

۱۴۰ ابن البزری [زین الدین جمال الاسلام ابوالقاسم عمر بن محمد بن احمد جزری شافعی] (فقیہ - ۵۶۰) ولادت ۴۷۱ھ جزیرۂ ابن عمر - کیا ہرسی غزالی کا شاگرد - الاسامی والعلل من کتاب المہذب ابواسحق شیرازی -

۱۴۱ ابن بسام [ابوالحسن علی بن محمد بن نصر بغدادی] (شاعر عرب - ۳۰۲) عمر ۷۰ یا ۹۰ - مدفن قبر حسین پر اس نے اشعار میں متوکل پر اعتراض کیا

۱۴۲ ابن بشکوال [ابوالقاسم خلف بن عبدالملک انصاری قرطبی] (محدث - مورخ - ۵۷۸) ولادت ۴۹۴ھ - معرفۃ العلماء - حکایات مستنفر بہ صلۃ تاریخ ابن الفرضی - الغوامض والمبہمات

۱۴۳ ابن بطریق [نجم الدین ابوالحسن علی بن یحییٰ بن بطریق حلی] (کاتب - اصولی - فاضل - ۶۴۲ بغداد) ملک الکامل کے عہد میں مصر کا کاتب - آخر میں زمانہ پھر گیا - بغداد میں آرہا -

۱۴۴ ابن بطریق [شیخ ابوالحسین یحییٰ بن حسن بن حسین بن بطریق حلی] (فقیہ - محدث - صدی ششم) خصائص امیرالمومنین - اتفاق صحاح الاثر فی امامۃ ائمۃ اثنا عشر - تصفح الصحیحین فی تحلیل المتعتین - معاصر ابن ادریس - عماد طبری سے روایت کی جس نے ابوعلی بن شیخ طوسی سے روایت کی -

۱۴۵ ابن بطہ [عبیداللہ بن بطہ] (محدث - ۳۸۷)

۱۴۶ ابن بطہ [ابوجعفر محمد بن جعفر بن احمد بن بطہ قمی] (محدث) محمد بن عبداللہ بن مطلب کا استاد

۱۴۷ ابن بطوطہ [ابوعبداللہ شمس الدین محمد بن عبداللہ بن ابراہیم طنجی] (سیاح - ۷۷۹) ولادت ۷۰۳ھ - تحفۃ النظار فی غرائب الامصار جو رحلۂ ابن بطوطہ کے نام سے مشہور ہے -

۱۴۸ ابن بغدادی [ابومنصور عبدالسلام بن عبدالوہاب بن عبدالقادر جیلانی حنبلی] (فقیہ - ۶۲۱ بغداد)

لے سعد الدین ابوالقاسم قاضی طرابلس کا شاگرد سید مرتضیٰ

۱۴۹ ابن بقی [ابوبکر یحییٰ بن عبدالرحمان بن بقی اندلسی قرطبی] (شاعر عرب - ۵۴۰)

۱۵۰ ابن بقیہ [ابوعثمان بکر بن محمد بن بقیہ عدوی بصری] (نحوی - ۲۴۷) اصمعی کا شاگرد - مبرد کا استاد - کتاب الالف واللام - کتاب العروض - کتاب التصریف

۱۵۱ ابن بقیہ [ابوطالب احمد بن بکر بن بقیہ عبدی] (نحوی - ۴۰۶) شرح کتاب الایضاح - ابوعلی فارسی اور رمانی اور صیرفی کا شاگرد

۱۵۲ ابن بکار [ابوعبداللہ زبیر بن بکار ابوبکر عبداللہ بن ابی بکر بن مصعب زبیری] (فقیہ - محدث - ۲۵۶) قاضی مکہ - موفقیات - نسب قریش - عمر ۸۴

۱۵۳ ابن بکیر [ابوعبداللہ حسین بن احمد صیرفی بغدادی] (محدث - ۳۸۸)

۱۵۴ ابن بنت الاعز [تقی الدین ابوالقاسم عبدالرحمان بن عبدالوہاب بن خلیفہ شافعی مصری] (فقیہ - شاعر عرب - ۶۶۵) ملک الکامل بن ایوب کا وزیر اور قاضی القضاۃ - امام فصیح و مناظر -

۱۵۵ ابن البواب [ابوالحسن علی بن ہلال] (کاتب - ۴۲۳) خوش نویسی میں متقدمین و متاخرین سے فائق تھا

۱۵۶ ابن بیطار [ابومحمد ضیاء الدین عبداللہ بن احمد مالقی دمشقی نزیل قاہرہ] (طبیب نباتی - ۶۴۶ دمشق) مغنی - ادویۃ المفردہ - افعال الغریبہ وغیرہ

۱۵۷ ابن التعاویذی [ابوالفتح محمد بن عبیداللہ بن عبداللہ بغدادی] (کاتب - شاعر عرب - ۵۸۴) ولادت ۵۱۹

۱۵۸ ابن تغری بردی [ابوالمحاسن جمال الدین یوسف بن تغری بردی مصری] (مورخ - ۸۷۴) ولادت ۸۱۲ - النجوم الزاہرہ فی اخبار المصر القاہرہ - مورد اللطافۃ فی من ولی السلطنۃ والخلافۃ

۱۵۹ ابن التلمیذ [امین الدولہ - ابوالحسن ہبۃ اللہ ابوالغنائم بن التلمیذ بغدادی] (طبیب - ۵۶۰ بغداد) سلطان الحکماء - طب میں کوئی اسکے برابر نہیں ہوا - عمر ۱۰۰ سال - اصل میں نصرانی تھا - قرابادین -

۱۶۰ ابن تمام [محمد بن احمد بن تمام صالحی خیاط] (فاضل - ۷۴۱) ولادت ۶۵۱ - تقی الدین ابن تمام کا بھائی

۱۶۱ ابن السنی [ابن السنی] (محدث - ۳۶۴) شاگرد نسائی - طب النبی

۱۶۲ ابن تیمیہ [فخرالدین ابوعبداللہ محمد بن ابوالقاسم خضر بن محمد حنبلی حرانی] (خطیب - واعظ - فقیہ - مفسر - ۶۲۱) ولادت ۵۴۲ - بغداد آکر فقہ کو تحصیل کیا تھا

۱۶۳ ابن تیمیہ [امام مجدالدین ابوالبرکات عبدالسلام بن عبداللہ بن خضر حرانی حنبلی] (محدث - فقیہ - ۶۵۲) ولادت ۵۹۰ - تقی الدین ابن تیمیہ کے دادا

۱۶۴ ابن تیمیہ [تقی الدین ابوالعباس احمد بن عبدالحلیم بن عبدالسلام حرانی حنبلی] (محدث - فقیہ - متکلم - ۷۲۸ دمشق) منہاج السنۃ - فتاوی - جواب الصحیح رد نصاریٰ - کتاب الفرقان - ولادت ۶۶۱ - مذہب ظاہری -

۱۶۵ ابن الشرده [علی بن ابراہیم بن علی واسطی بغدادی] (واعظ - شاعر عرب - ۷۵۰) ولادت ۶۹۷ - کئی مرتبہ دمشق میں بھی وعظ کیا -

۱۶۶ ابن جارود [ابومحمد عبداللہ بن علی بن جارود نیشاپوری] (محدث - ۳۰۷) مجاور مکہ - منتقی یعنی مستخرج صحیح ابن خزیمہ

۱۶۷ ابن جبیر [محمد بن جبیر بلنسی] (سیاح - ساتویں صدی) اپنے چھٹی صدی ہجری کے آخر میں بلنسیہ سے صقلیہ تک سفر کرکے سفرنامہ (رحلہ ابن جبیر) لکھا

۱۶۸ ابن جریج [ابوخالد عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج مکی بغدادی] (محدث - معدل - تابعی - ۱۴۹) ولادت ۸۰ - کہتے ہیں اسلام میں سب سے پہلے کتابیں اسی نے لکھیں

۱۶۹ ابن جریر طبری [ابوجعفر محمد بن جریر بن یزید طبری] (محدث - مفسر - فقیہ - مورخ - ۳۱۰ بغداد) ولادت ۲۲۴ - انکی تاریخ تاریخ الرسل و الملوک اور تفسیر جامع البیان سب سے معتبر مانی گئی ہیں -

۱۷۰ ابن الخزاز [ابوالحسین عبداللہ بن محمد] (نحوی - ۳۲۵) شیخین یعنی مبرد و ثعلب کا شاگرد

۱۷۱ ابن الجزری [ابوالخیر شمس الدین محمد بن محمد بن محمد جزری دمشقی شیرازی] (محدث - ۸۳۳) مجاور مکہ - ولادت ۷۵۱ دمشق حصن حصین - اسنی المطالب فی مناقب علی ابن ابیطالب - الجزریہ تجوید میں -

۱۷۲ ابن جزلہ [ابوعلی یحییٰ بن عیسیٰ بن جزلہ بغدادی] (طبیب - مورخ - ۴۹۳) تقویم الابدان - منہاج البیان - مختصر تاریخ بغداد - رد نصاریٰ

۱۷۳ ابن الجصاص [حسن بن عبداللہ بن حسین جوہری] (تاجر بغداد - ۳۲۰) اتنا مالدار تھا کہ ایک دفعہ مقتدر عباسی کو ایک کروڑ ۶۰ لاکھ دینار جرمانہ دیکر اسکے پاس بہت کچھ

۱۷۴۔ ابن الجلدی (احمد بن عبداللہ) [ادیب۔ ۔۔] اخوان الصفا، کشف الظنون میں ہے کہ اخوان الصفا کے ۵۱ رسالے ابوسلیمان محمد بن نصر بستی المعروف بہ مقدسی اور ابوالحسن علی بن ہارون زنجانی اور ابو احمد نہرجوری اور عوفی زید بن رفاعہ نے ملکر لکھی ہیں۔ یہ سب حکیم تھے۔

۱۷۵۔ ابن جماعہ (بدرالدین محمد بن ابراہیم بن سعداللہ حموی شافعی) [محدث۔ فقیہ۔ ۷۳۳] ولادت ۶۳۹۔ حماہ۔ خطیب بیت المقدس پھر قاضی دمشق پھر مصر کا قاضی القضاۃ۔

۱۷۶۔ ابن جماعہ (عزالدین محمد بن سید شرف الدین ابوبکر بن عبدالعزیز حموی شافعی مصری) [متکلم، فقیہ، نحوی، لغوی۔ ۸۱۹] ولادت ۷۵۹۔ شرح جمع الجوامع اصول میں۔ ہزار کتابیں تصنیف کیں۔

۱۷۷۔ ابن جماعہ (ابوالعز مظفر بن ابراہیم بن جماعہ مصری موفق الدین حنبلی) [ادیب، شاعر عرب۔ ۶۲۳ مصر] ولادت ۵۴۴ مصر

۱۷۸۔ ابن جمیع (محمد بن احمد بن محمد ۔۔۔ بن جمیع غسّانی) [محدث۔ ۴۰۲] ولادت ۳۰۵۔ معجم

۱۷۹۔ ابن جنّی (ابوالفتح عثمان بن جنّی موصلی بغدادی) [نحوی۔ ۳۹۲ بغداد] ولادت ۳۳۰۔ رسالہ صرف۔ خصائص العربیہ نحو میں۔ مصنف تلقین۔ المذکر والمؤنث۔ المقصود والممدود۔ شاگرد ابوعلی فارسی۔

۱۸۰۔ ابن جنید (ابوعلی محمد بن احمد بن جنید بغدادی (کاتب اسکافی) [فقیہ۔ ۳۸۱ رے] صاحب روضات الجنات لکھتے ہیں کہ ابن جنید کا ۳۸۱ سے بہت پہلے انتقال ہوا ہے ۳۸۱ھ میں رے میں شیخ صدوق کا انتقال ہوا۔ اس سبب سے لکھنے والے کو مغالطہ اور وہم ہوا ہے۔ معزالدولہ کا ہمعصر تھا۔ احکام شرعیہ میں اجتہاد کے بانی۔ ابن جنید اور ابن عقیل مجتہدین میں قدیمین مشہور ہیں۔ شیخ مفید کے مشائخ سے۔ تہذیب الشیعہ۔ کتاب الاحمدی۔

۱۸۱۔ ابن جہم (ابوالحسن علی بن جہم بن ۔۔۔ قرشی بغدادی) [شاعر عرب۔ ۲۴۹ حلب] متوکل عباسی کے مخصوصین سے۔ مخالفین علی سے۔ متوکل کی ہجو پر جلاوطن کیا گیا۔

۱۸۲۔ ابن جوزی (شمس الدین ابوالفرج عبدالرحمان بن علی جوزی حنبلی بغدادی) [واعظ، مفسر، محدث۔ ۵۹۷] محمد بن ابی بکر کی نسل سے۔ عمر ۹۰۔ تفسیر زاد المسیر۔ منتظم التاریخ۔ موضوعات۔ صفوۃ الصفوہ۔ تلبیس ابلیس۔ اخبار الاخیار۔ اخبار النساء۔ منہاج القاصدین۔ مناقب صدیق۔ مناقب فاروق۔ مناقب علی۔

۱۸۳۔ ابن جہیم (مفید الدین محمد بن جہیم اسدی حلّی) [فقیہ۔ صدی ہفتم] علامہ حلّی کے استاد۔ محقق اول کے شاگرد۔ معاصر رضی الدین ابن طاؤس۔

۱۸۴۔ ابن حاج (ابوالعباس احمد بن محمد بن احمد اشبیلی) [نحوی۔ ۶۴۲]

۱۸۵۔ ابن حاج (ابوعبداللہ محمد عبدری مالکی) [محدث۔ واعظ۔ ۷۳۷] المدخل فی اصول الدین وآداب الدین۔

۱۸۶۔ ابن حاجب (جمال الدین ابوعمرو عثمان بن عمر بن ابی بکر کردی مالکی) [فقیہ۔ نحوی۔ ۶۴۶ سکندریہ] سکونت قاہرہ۔ دمشق۔ سکندریہ۔ جامع دمشق میں درس دیتا تھا۔ ولادت ۵۷۰۔ الکافیہ نحو میں۔ الشافیہ صرف میں۔ اصول فقہ۔ المختصر فقہ مالکی۔

۱۸۷۔ ابن حازم (ابوالحسن علی بن حازم لحیانی) [لغوی۔ تیسری صدی] معاصر ابن سکیت

۱۸۸۔ ابن حبّان (ابوحاتم محمد بن حبّان بن احمد تمیمی بُستی) [محدث۔ ۳۵۴] شاگرد نسائی۔ کتاب الصحیح۔ کتاب الضعفاء۔ تاریخ الثقاۃ

۱۸۹۔ ابن حالَوَیہ (ابومحمد حسین بن احمد بن یعقوب ہمدانی) [ادیب، نحوی، لغوی۔ ۳۴۴]

۱۹۰۔ ابن حبیش (قاضی ابوالقاسم عبدالرحمان بن محمد بن عبداللہ مرسی) [فقیہ۔ ۵۸۴]

۱۹۱۔ ابن الحجاج (ابراہیم بن الحجاج) [محدث۔ ۲۳۱]

۱۹۲۔ ابن الحجاج (ابوعبداللہ حسین بن احمد بن محمد شیعی بغدادی) [ادیب، کاتب، شاعر عرب۔ ۳۹۱ بغداد] فردزمانہ۔ مخترع طرز جدید۔ معاصر سید مرتضیٰ۔ شاعری میں امرء القیس کے درجہ میں۔

۱۹۳۔ ابن حجر عسقلانی (ابوالفضل شہاب الدین احمد بن علی بن محمد عسقلانی مصری شافعی) [محدث۔ فقیہ۔ مورخ۔ ۸۵۲ مصر] فتح الباری۔ اصابہ۔ لسان المیزان۔ تقریب التہذیب۔ درر الکامنہ۔ نزہۃ النظر۔ مشتبہات۔

۱۹۴۔ ابن حجر مکی (ابوالعباس شہاب الدین احمد بن حجر ہیتمی مصری، مکی شافعی) [محدث، فقیہ۔ ۹۷۳] مجاور مکہ۔ ولادت ۹۰۹ مصر۔ صواعق محرقہ۔ تطہیر الجنان۔

۱۹۵- ابن حجہ (تقی الدین بن ابی بکر بن علی حموی حنفی) [ادیب - ۸۳۷] ولادت ۷۶۷ حماہ - خزانۃ الادب - ثمرات الاوراق -

۱۹۶- ابن حجہ (ابوجعفر احمد بن محمد قرطبی) [محدث - نحوی - ۶۴۳] تسدید اللسان نحو میں - جمع بین الصحیحین - ولادت ۵۶۲ -

۱۹۷- ابن الحداد (ابوبکر محمد بن احمد بن محمد شافعی مصری) [محدث - فقیہ - ۳۴۴ قاہرہ] قاضی مصر - عمر ۷۹ - الفروع -

۱۹۸- ابن الحداد (ابونعیم عبید اللہ بن حسن بن احمد اصفہانی) [محدث - ۵۱۷] ولادت ۴۶۳ -

۱۹۹- ابن الحداد (محمد بن احمد بن عثمان قیسی اندلسی) [شاعر عرب - ۴۸۰]

۲۰۰- ابن الحداد (ابوعثمان سعید بن محمد معافری قرطبی) [لغوی - بعد ۴۰۰]

۲۰۱- ابن الحداد (ابوعثمان سعید بن محمد غسانی قیروانی) [لغوی - ۴۰۰] توضیح المشکل فی القرآن - کتاب الامالی - عصمۃ النبیین -

۲۰۲- ابن الحداد (ابواسحاق ابراہیم بن احمد بن فتح قرطبی) [لغوی - ۳۹۹]

۲۰۳- ابن حزم (ابومحمد علی بن احمد بن سعید بن حزم اموی ظاہری قرطبی) [محدث - فقیہ - متکلم - ۴۵۶ لبلہ] الفصل فی الملل والنحل - المحلی فی الفقہ - کتاب الاحکام - کتاب الایصال - سیرۃ النبویہ - الجامع فی صحیح الحدیث - الناسخ والمنسوخ - منصور عامری کا وزیر - ولادت ۳۸۴ قرطبہ

۲۰۴- ابن حُطَیۂ (ابوالعباس احمد بن عبداللہ بن احمد فاسی) [قاری - ادیب - صوفی - فاضل - خوشنویس - ۵۶۰ مصر] ولادت ۴۷۸ فاس

۲۰۵- ابن حکیم خبری (ہبۃ اللہ بن ابراہیم بن عبداللہ) [حاسب - فرضی - ۴۷۶] شاگرد ابواسحاق شیرازی - شرح حماسہ - شرح دیوان بحتری وغیرہ

۲۰۶- ابن حلاوی (شرف الدین ابوالطیب احمد بن محمد بن ابی الوفا موصلی) [شاعر عرب - ۶۵۶] ولادت ۶۰۳ - ملازم بدر الدین لولو صاحب موصل

۲۰۷- ابن حمدون (کافی الکفاۃ بہاء الدین ابوالمعالی محمد بن ابی سعد حسن بن محمد بغدادی) [کاتب - ادیب - ۵۶۲ بغداد] ولادت ۴۹۵ - اسکا بھائی ابونصر غرس الدولہ ۵۴۵ھ میں اور ابوالحسن ۵۴۶ میں مرا - تذکرہ -

۲۰۸- ابن حمدون (ابوعبداللہ احمد بن ابراہیم بن اسماعیل بن داؤد بن حمدون بغدادی) [کاتب - لغوی - نحوی - مورخ - تیسری صدی] ثعلب کا اُستاد - امام علی نقی اور حسن عسکری کے مخصوصین سے - کتاب اسمار الجبال والمیاہ والاودیہ - متوکل کا ندیم و مصاحب -

۲۰۹- ابن حمدویہ (اسمٰعیل بن ابراہیم بن حمدویہ زندیق) [شاعر عرب - دوسری صدی] معاصر ہارون رشید

۲۱۰- ابن حمزہ (عماد الدین ابوجعفر رابع محمد بن علی بن حمزہ طوسی (عماد طوسی)) [فقیہ - صدی ششم] ابن شہر آشوب کے مشائخ سے - وسیلہ - واسطہ شرائع فقہ میں -

۲۱۱- ابن حمویہ (ابواسحاق صدر الدین ابراہیم بن محمد بن سویہ حموینی) [محدث - ۷۲۲] فرائد السمطین - حموینی مشہور ہے -

۲۱۲- ابن حمید (ابوعبداللہ محمد بن جعفر بن احمد انصاری مرسی اندلسی) [نحوی - مقری - ۵۸۶ مرسیہ] شرح ایضاح - شرح الجمل - اُستاد مقری - ولادت ۵۱۳

۲۱۳- ابن حُمیدہ (ابوعبداللہ محمد بن علی بن احمد حلی) [شاعر - نحوی - ۵۰۵] شاگرد ابن الخشاب - شرح لمع - شرح مقامات - کتاب الروضہ نحو میں - ولادت ۴۶۸

۲۱۴- ابن حنین (ابویعقوب اسحاق بن حنین بن اسحاق بغدادی) [طبیب - مترجم - ۲۹۸ بغداد] یونانی طب کا عربی میں مترجم - یہی کام اسکے باپ کا تھا -

۲۱۵- ابن حوط اللہ (ابومحمد عبداللہ بن سلیمان بن داؤد اندی اندلسی) [نحوی - لغوی - فقیہ - ۶۱۲ غرناطہ] ولادت ۵۴۹ اندہ

۲۱۶- ابن حوقل (ابن حوقل) [سیاح - جغرافی - چوتھی صدی] ۳۶۷ھ میں زندہ تھا - تاجر موصلی - ۳۳۱ سے ۳۵۹ تک بربر - اندلس اور ایران وغیرہ کا سفر کیا اور کتاب الممالک والمسالک لکھی -

۲۱۷- ابن حیان (ابومروان حیان بن خلف بن حسین بن حیان قرطبی) [مورخ - ۴۶۹] ولادت ۳۷۷ - کتاب المبین یعنی تاریخ اندلس ۶۰ جلدوں میں -

۲۱۸- ابن حیوس (صفی الدولہ ابوالفتیان محمد بن سلطان بن محمد غنوی) [شاعر عرب - ۴۷۳ حلب] ولادت ۳۹۴ دمشق

۲۱۹- ابن خاتون (جمال الدین ابوالعباس احمد بن شمس الدین محمد بن علی عاملی) [فقیہ - ادیب - دسویں صدی] روایت کی ان سے شہید ثانی نے - معاصر شیخ علی بن عبدالعالی کرکی -

۲۲۰- ابن خاتون (نعمت اللہ بن احمد بن محمد بن خاتون) [فقیہ - دسویں صدی] شاگرد محقق ثانی - شرح فارسی اربعین شیخ بہائی -

۲۲۱- ابن خازن (ابو الفوارس حسین بن علی بن حسین اربلی) [کاتب۔ شاعر عرب - ۵۰۲] علم کتابت میں یکتائے زمانہ

۲۲۲- ابن خازن (ابو الفضل احمد بن محمد بن فضل بغدادی) [کاتب۔ شاعر عرب - ۵۱۸] ولادت ۴۷۱ھ - خوشنویس بھی یکتا تھا

۲۲۳- ابن خاقان (ابو نصر فتح بن خاقان اندلسی)[1] [کاتب - ۵۳۵ مراکش] ولادت اندلس - قلائد العقیان - مطمح الانفس

۲۲۴- ابن خالویہ (ابو عبد اللہ حسین بن احمد بغدادی حلبی ہمدانی) [محدث - لغوی - نحوی - ادیب - ۳۷۰ حلب] کتاب لیس - مناقب الآل کتاب الاشتقاق کتاب الجمل - المذکر والمؤنث -

۲۲۵- ابن خباز (شمس الدین احمد بن حسین بن احمد اربلی موصلی) [نحوی - ۶۳۷]

۲۲۶- ابن خراش (ابو محمد عبد الرحمان بن یوسف بن خراش بغدادی) [محدث - ۲۸۳] مثالب شیخین

۲۲۷- ابن خراط (ابو محمد عبد الحق بن عبد الرحمان بن عبد اللہ اشبیلی) [فقیہ - محدث - خطیب - ۵۸۱] بجایہ میں آرہا تھا وہیں خطیب و امام رہا۔ حافظ لغت میں - جمع الکتب الستۃ - کتاب الزہد - کتاب العاقبۃ -

۲۲۸- ابن خردازبہ (ابو القاسم عبید اللہ بن عبد اللہ) [جغرافی - مورخ - حدود ۳۰۰] تاریخ کبیر - المسالک والممالک - معاصر معتضد عباسی -

۲۲۹- ابن خرقی (ابو القاسم عمر بن ابی علی حسین بن عبد اللہ حنبلی بغدادی) [فقیہ - ۳۳۴ دمشق] المختصر فقہ مالکی

۲۳۰- ابن خروف (نظام الدین ابو الحسن علی بن محمد بن خروف اشبیلی) [ادیب - نحوی - ۶۰۹] امام عربیت - شرح کتاب سیبویہ - شرح جمل -

۲۳۱- ابن خزیمہ (ابو بکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ اسلمی نیشاپوری) [محدث - ۳۱۱] ولادت ۲۲۳ - الصحیح -

۲۳۲- ابن خشاب (ابو محمد عبد اللہ بن احمد بن عبد اللہ بغدادی) [نسابہ - محدث - لغوی - نحوی - مفسر - ۵۶۷ بغداد] ولادت ۴۹۲ھ - ابن تیمیہ اور ابن نجار نے معتمد مانا اور بہت تعریف کی ہے - مرتجل فی شرح الجمل - شرح لمع ابن جنی

۲۳۳- ابن خطیب اشعری (امام فخر الدین ابو عبد اللہ محمد بن عمر بن حسین بکری رازی شافعی) [مفسر - متکلم - ۶۰۶ ہرات] مفاتیح الغیب یعنی تفسیر کبیر مطالب عالیہ - محصل - نہایۃ العقول - اربعین - ولادت ۵۴۴

۲۳۴- ابن خطیب تبریزی (ابو زکریا یحییٰ بن علی تبریزی) [نحوی - ۵۰۲] ولادت ۴۲۱ھ - تہذیب الالفاظ - الوافی فی العروض والقوافی

۲۳۵- ابن خطیب اندلسی (ابو عبد اللہ لسان الدین محمد بن عبد اللہ بن سعید بن عبد اللہ سلمانی غرناطی) [ادیب - مورخ - ۷۷۶] وزیر غرناطہ - احاطہ فی اخبار غرناطہ - الحلل المرقومہ فی تاریخ خلفاء المشرق واسبانیہ وافریقہ -

۲۳۶- ابن خفاجہ (ابو اسحاق ابراہیم بن ابی الفتح بن عبد اللہ بلنسی) [شاعر عرب - ۵۳۳ بلنسیہ] ولادت ۴۵۰ھ شقر - دیوان اشعار

۲۳۷- ابن الخل (ابو الحسن محمد بن مبارک ابی البقاء بن محمد بغدادی شافعی) [فقیہ - ۵۵۲ بغداد] ولادت ۴۸۲ھ - توجیہ التنبیہ

۲۳۸- ابن خلال (موفق یوسف بن محمد مصری) [کاتب - ۵۶۶ قاہرہ] حافظ خلیفہ مصر کا صاحب دیوان انشاء

۲۳۹- ابن خلدون (قاضی ولی الدین ابو زید عبد الرحمان بن محمد بن خلدون مغربی مالکی) [فقیہ - مورخ - ۸۰۶ قاہرہ] ولادت ۷۳۲ - سکونت تونس - اندلس - فاس - غرناطہ اور مصر - تاریخ العبر -

۲۴۰- ابن خلکان (ابو العباس شمس الدین احمد بن ابراہیم بن ابی بکر شافعی اربلی) [فقیہ - مورخ - ۶۸۱ دمشق] ولادت ۶۰۸ اربل - وفیات الاعیان -

۲۴۱- ابن خمیس (تاج الاسلام محی الدین ابو عبد اللہ حسین بن نصر موصلی شافعی) [فقیہ - ۵۵۲] قاضی رحبہ - مناقب الابرار - مناسک الحج - اخبار المنامات -

۲۴۲- ابن خنزابہ (ابو الفضل جعفر بن فضل بن جعفر بغدادی نزیل مصر) [محدث - عالم - ۳۹۱] ولادت ۳۰۸ھ - کافور والی مصر کا وزیر - ابن الفرات کے نام سے بھی مشہور ہے -

۲۴۳- ابن الخوبی (قاضی شہاب الدین ابو عبد اللہ محمد بن شمس الدین احمد بن خلیل خوبی شافعی) [فقیہ - نحوی - ۶۹۳] ولادت ۶۲۶ دمشق - نظم کتاب فصیح ثعلب - شرح فصول ابن معطی و توضیح و علوم ابن الصلاح وغیرہ -

۲۴۴- ابن خیاط (ابو عبد اللہ احمد بن محمد بن علی دمشقی) [کاتب - شاعر عرب - ۵۱۷] ولادت ۴۵۰ھ - سیاحی کی - عجم میں بھی آیا تھا -

[1] ایک فتح ابن خاقان متوکل عباسی کا وزیر بھی تھا جو ۲۴۷ھ میں متوکل کے ساتھ مارا گیا۔

۲۴۵۔ ابن خیاط (ابوبکر محمد بن احمد بن منصور سمرقندی۔ بغدادی) [لغوی ۔ ۳۲۰] ابواسحاق زجاج کا معاصر۔ معانی القرآن۔ مقنع۔ نحو کبیر

۲۴۶۔ ابن خیران (ابوعلی حسین بن صالح بن خیران بغدادی شافعی) [فقیہ۔ محدث۔ متکلم ۔ ۳۲۰]۔

۲۴۷۔ ابن داؤد ظاہری (ابوبکر محمد بن داؤد بن علی بن خلف اصفہانی) [فقیہ۔ ادیب۔ شاعر عرب۔ آخر تیسری صدی] زہرہ ادب میں۔ کتاب الوصول الی معرفۃ الاصول۔ کتاب الانذار۔ کتاب الاعذار۔ کتاب الانتصار۔ ابن سریج سے مناظرہ کرتا تھا جو ۳۰۶ میں فوت ہوا۔

۲۴۸۔ ابن داؤد (شیخ تقی الدین حسن بن علی بن داؤد حلی) [ادیب۔ فقیہ۔ رجالی۔ معاصر علامہ حلی] ولادت ۶۴۷۔ شاگرد محقق اول۔ الرجال۔ تحفۃ السعدیہ الخلاف فی المذاہب الخمسۃ۔ عقد الجواہر فی الاشباہ والنظائر۔ در الثمین فی اصول الدین۔ اکلیل التاجی۔

۲۴۹۔ ابن الداعی (رضی الدین محمد بن محمد بن محمد بن زین الدین بن الداعی آوی) [فقیہ۔ محدث۔ صدی ہفتم] آثار الابرار۔ انوار الاخیار۔ رسید ابن طاؤس

۲۵۰۔ ابن الداعی (صفی الدین سید مرتضیٰ بن الداعی بن القاسم حسنی رازی) [محدث۔ اواخر صدی پنجم] تبصرۃ العوام۔ امام غزالی کے معاصر۔ منتخب الدین کے استاد۔

۲۵۱۔ ابن دباس (ابوالکرم مبارک بن فاخر بن محمد بغدادی) [نحوی۔ ۵۰۰ یا ۵۰۵] ولادت ۴۴۴ یا ۴۳۱۔ کتاب معلم نحو میں۔ شرح خطبہ ادب الکاتب

۲۵۲۔ ابن دباغ۔ ابوالولید یوسف بن عبدالعزیز بن یوسف اندلسی [محدث ۔ ۵۴۶] ولادت ۴۸۱

۲۵۳۔ ابن دبیثی (ابوعبداللہ محمد بن سعید بن یحییٰ شافعی واسطی بغدادی) [فقیہ۔ مؤرخ۔ ۶۳۷ بغداد] ولادت ۵۵۸ واسط۔ ابن المستوفی کی والذیل تاریخ

۲۵۴۔ ابن دحیہ (ابوالخطاب عمر بن حسن بن علی بن محمد کلبی اندلسی بلنسی) [محدث۔ نحوی۔ لغوی ۔ ۶۳۳ قاہرہ] ولادت ۵۴۴۔ دحیہ کلبی کی نسل سے۔ انکی والدہ امام حسین کی نسل سے تھیں اس سبب سے اپنے کو ذوالنسبین لکھتے تھے۔ اندلس کے علماء سے حاصل کرکے مراکش۔ افریقیہ اور مصر کے علماء سے حاصل کیا شام۔ بغداد۔ واسط۔ عراق عجم۔ خراسان۔ مازندران وغیرہ میں طلب حدیث میں سفر کیا۔ کتاب التنویر فی مولد سراج المنیر۔ شرح اسماء اللہ الحسنیٰ۔

۲۵۵۔ ابن دراج (ابوالحسین ایوب بن نوح بن دراج نخعی کوفی) [فقیہ۔ تیسری صدی] امام ابوالحسن ثالث اور ابو محمد کے وکیل۔ قاضی کوفہ۔ کتاب النوادر۔ (نیز دیکھو جمیل)

۲۵۶۔ ابن دراج (ابوعمر احمد بن محمد بن عاصی قسطلی) [کاتب۔ شاعر عرب ۔ ۴۲۱] ولادت ۳۴۷۔ منصور بن عامر کا کاتب و شاعر۔ اندلس کا متنبی

۲۵۷۔ ابن درستویہ (ابومحمد۔ عبداللہ بن جعفر بن درستویہ فارسی فسوی) [نحوی۔ لغوی ۔ ۳۴۷] ولادت ۲۵۸۔ مبرد کا صحبت یافتہ۔ دارقطنی کا استاد۔ ارشاد نحو میں۔ کتاب الہدایہ۔ کتاب المقصور۔

۲۵۸۔ ابن الدری (یوسف بن درہ موصلی) [شاعر عرب ۔ ۵۴۵]

۲۵۹۔ ابن درید (ابوبکر محمد بن حسن بن درید بصری شافعی) [نحوی۔ لغوی۔ شاعر عرب ۔ ۳۲۱ بغداد] ولادت ۲۲۳ بصرہ۔ عمان بغداد و فارس میں بہت رہا۔ ادب الکاتب۔ جمہرۃ اللغۃ۔ کتاب الاشتقاق۔ کتاب اللغات۔ کتاب المجتنیٰ۔ وشاح

۲۶۰۔ ابن دعاس (شیخ ابوبکر بن عمر بن ابراہیم فارسی حنفی زبیدی) [نحوی۔ لغوی۔ شاعر عرب ۔ ۶۷۶]

۲۶۱۔ ابن دقیق (امام ابوالفتح تقی الدین محمد بن علی بن وہب قشیری مصری مالکی شافعی) [فقیہ۔ ادیب۔ شاعر عرب ۔ ۷۰۳] قاضی القضاۃ مصر۔ شرح عمدۃ الاحکام۔ کتاب الالمام۔ علوم الحدیث۔ ولادت ۶۲۵

۲۶۲۔ ابن دکین (ابونعیم فضل بن عمرو دکین بن حماد کوفی) [محدث ۔ ۲۱۹] ولادت ۱۳۰

۲۶۳۔ ابن دکین (احمد بن میثم بن فضل بن عمرو دکین کوفی) [فقیہ۔ تیسری صدی] کتاب الدلائل۔ کتاب المتعہ۔ کتاب النوادر۔ کتاب الملاحم۔ کتاب الشراء والبیع

۲۶۴۔ ابن دمامینی (بدر الدین محمد بن ابی بکر بن محمد اسکندری مالکی) [فقیہ۔ نحوی ۔ ۸۲۷] تحفۃ الغریب حاشیہ مغنی اللبیب۔ ولادت ۷۶۴ (دیکھو دمامینی)

۲۶۵۔ ابن دوست (عبدالرحمان بن محمد بن محمد خراسانی) [ادیب۔ نحوی۔ شاعر عرب ۔ ۴۳۱] خراسان میں امام عربیت

۲۶۶۔ ابن دہان (ابومحمد حسن بن محمد بن علی معتزلی) [نحوی۔ لغوی ۔ ۴۴۷] یوسف بن صیرافی کا شاگرد

۲۶۷۔ ابن دہان (ابومحمد ناصر الدین سعید بن مبارک بن علی انصاری بغدادی موصلی) [نحوی ۔ ۵۶۹] ولادت ۴۹۴۔ شرح الایضاح والتکملہ ۴۳ جلد۔ فصول الکبیر

۲۶۸- ابن دہان (ابوالفرج عبداللہ بن اسعد بن علی موصلی حمصی شافعی) [فقیہ - ادیب - شاعر عرب - ۵۸۱ حمص] ولادت ۵۲۱

۲۶۹- ابن دہان (محمد بن علی بن شعیب فخر الدین ابو شجاع حلّی بغدادی) [ادیب - حاسب - فرضی - ۵۹۰ حلہ] غریب الحدیث ۱۶ جلد

۲۷۰- ابن دہان (ابوبکر مبارک بن ابیطالب مبارک بن ابوالازہر سعید واسطی بغدادی حنبلی حنفی شافعی) [نحوی - محدث - ۶۱۲ بغداد] ولادت ۵۳۲ واسط
ابن خشاب و ابن انباری کا شاگرد۔

۲۷۱- ابن دہان (ابوزکریا یحییٰ بن سعید بن مبارک بن علی بغدادی) [نحوی - لغوی - ۶۱۶]

۲۷۲- ابن راجل (ابوالحسن علی بن راجل) [ریاضی - ہیئت داں - صدی ہفتم] تیرھویں صدی مسیحی میں ہوا ہے۔ کتاب فی العدد و آلات الرصد

۲۷۳- ابن راوندی (ابوالحسین احمد بن یحییٰ بن اسحاق راوندی) [متکلم - حکیم - ۲۴۵ بغداد] فضیحۃ المعتزلہ۔ کتاب التاج۔ کتاب الزمرد وغیرہ ۱۱۴ کتابیں عمر ۴۰

۲۷۴- ابن راہویہ (ابویعقوب اسحاق بن ابراہیم بن مخلد تمیمی مروزی نیشاپوری) [فقیہ - محدث - مفسر - ۲۳۸ نیشاپور] ولادت ۱۶۲ مرو۔ شیخ اہل مشرق۔
شافعی کا مصاحب۔ بخاری، مسلم اور ترمذی کے شیوخ سے۔ مسند۔ تفسیر

۲۷۵- ابن الربیع (عبدالرحمان بن علی شیبانی یمنی صنعانی) [محدث - ۹۴۴] تیسیر الوصول الیٰ جامع الاصول۔

۲۷۶- ابن الربیع خیاط (مجاہد بن سلیمان بن مزہف تیمی مصری) [ادیب - ۲۷۶]

۲۷۷- ابن رجب (ابوالفرج زین الدین حنبلی) [محدث - واعظ - ۷۹۵]

۲۷۸- ابن رشد (ابوالولید محمد بن احمد بن رشد قرطبی مالکی) [فلسفی - طبیب - فقیہ - ۵۹۵] ولادت ۵۲۰ قرطبہ۔ ابن طفیل کا شاگرد۔ ملوک اندلس
و مراکش اس کی بے حد توقیر کرتے تھے۔

۲۷۹- ابن رشیق (ابوعلی حسن بن رشیق قیروانی) [ادیب - بلیغ - شاعر عرب - ۴۶۳ مازر (صقلیہ)] کتاب العمدہ فی معرفۃ صناعۃ الشعر۔ قراضۃ الذہب۔
الشذوذ فی اللغۃ۔ الانموذج والرسائل۔

۲۸۰- ابن رضوان (ابوالحسن علی بن رضوان بن علی مصری) [طبیب - ۴۵۳] دفع مضار الابدان

۲۸۱- ابن الرفاعی (ابوالعباس احمد بن علی بن احمد بطائحی شافعی) [صوفی - فقیہ - ۵۷۸] فقراء کا فرقہ رفاعیہ بطائحیہ انہی سے منسوب ہے۔

۲۸۲- ابن روزبہان (فضل اللہ بن روزبہان بن فضل اللہ اصفہانی شیرازی حنفی) [متکلم - صدی ہشتم] ابطال الباطل۔ کتاب المقاصد علم کلام میں (المعروف بہ شاہ)

۲۸۳- ابن الرومی (ابوالحسن علی بن عباس بن جریج بغدادی) [شاعر عرب - ۲۸۳ بغداد] ولادت ۲۲۱

۲۸۴- ابن الرومیہ (ابوالعباس احمد بن محمد بن مفرج اموی ظاہری اشبیلی) [محدث - ۶۳۷] حافل ذیل کامل ابن عدی۔ ولادت ۵۶۱

۲۸۵- ابن زبیر[1] (ابوالحسین احمد بن علی بن ابراہیم غسانی اسوانی مصری) [لغوی - فقیہ - نحوی - شاعر عرب - ۵۶۳] منیۃ الالمعی و منیۃ المدعی۔ جنان الجنان۔

۲۸۶- ابن زدقون (ابوالعباس احمد بن علی بن احمد حضراوی قیسی) [نحوی - لغوی - ۵۴۲] ابن الاقلیح بھی مشہور ہے۔

۲۸۷- ابن زقاق (ابوالحسن علی بن قاسم بن یونس اشبیلی دمشقی) [نحوی - ۶۰۵] شرح الجمل ۴ جلد

۲۸۸- ابن زکی الدین (محی الدین ابوالمعالی محمد بن علی بن محمد دمشقی شافعی) [فقیہ - ۵۹۸ دمشق] ولادت ۵۵۰ دمشق۔ قاضی دمشق از نسل عثمان

۲۸۹- ابن زولاق (ابومحمد حسن بن ابراہیم بن حسین مصری) [مورخ - ۳۸۷] ولادت ۳۰۶ خطط مصری۔ اخبار قضاۃ مصر

۲۹۰- ابن زہر (ابومروان عبدالملک بن زہر اندلسی) [طبیب - فلسفی - ۵۵۷ اشبیلیہ] کتاب التیسیر فی المداواۃ والتدبیر۔ الحمیات۔ علل الکلی۔ علاج الامراض

۲۹۱- ابن زہر (ابوبکر محمد بن عبدالملک بن زہر ایادی اشبیلی) [طبیب - فلسفی - ۵۹۵] ولادت ۵۰۷۔ یہ اُس خاندان کے تھے جس میں سب حکیم، عالم، رئیس اور وزیر تھے

۲۹۲- ابن زہرہ (حمزہ بن علی بن زہرہ حسینی حلبی (سید عز الدین ابوالمکارم) [فقیہ - ۵۸۵] غنیہ۔ الرد علے المنجمین۔ کتاب النکت نحو میں۔ النزوع۔
قبس الانوار۔ ولادت ۵۱۱۔ شاذان اور محمد بن ادریس سے روایت کی

۲۹۳- ابن زیات (ابوجعفر محمد بن عبدالملک بن ابان) [لغوی - نحوی - ادیب - ۲۳۳] وزیر معتصم عباسی

[1] رشید ابن زبیر کے نام سے مشہور ہے۔

۲۹۴- ابن زیادہ (قوام الدین ابوطالب یحییٰ بن ابی الفرج سعید بن ہبۃ اللہ واسطی بغدادی) [کاتب، منشی۔ ۵۹۴ بغداد] ولادت ۵۲۲

۲۹۵- ابن زیدون (ابوالولید احمد بن عبداللہ بن احمد قرطبی) [فقیہ۔ ناثر۔ شاعر عرب۔ ۴۶۳ اشبیلیہ] ولادت ۳۹۴ یا ۳۵۴۔ قرطبہ کا پھر اشبیلیہ کا وزیر رہا۔ بحتری مغرب کہلاتا ہے۔

۲۹۶- ابن الساعاتی (مظفر الدین احمد بن علی بن تغلب بعلبکی حنفی بغدادی) [فقیہ۔ ۶۹۴] مجمع البحرین فقہ میں۔ کتاب البدیع اصول میں۔

۲۹۷- ابن الساعاتی (بہاء الدین ابوالحسن علی ابن رستم بن ہردوز دمشقی) [شاعر عرب۔ ۶۰۴ قاہرہ] ولادت ۵۵۳ دمشق

۲۹۸- ابن سبعین (عبدالحق بن ابراہیم بن محمد مرسی مصری) [صوفی فلسفی۔ ۶۶۸ مکہ] لاید العارف منہ۔ کتاب الاحاطہ۔ مریدوں کے ساتھ مصر سے نکالا گیا۔ مکہ آیا۔ عمر ۵۵۔

۲۹۹- ابن السبکی (تاج الدین عبدالوہاب بن السبکی) [فقیہ۔ شاعر عرب۔ ۷۷۱] جمع الجوامع فی اصول الفقہ۔ طبقات الشافعیہ

۳۰۰- ابن سحنون (مجد الدین عبدالوہاب بن احمد بن سحنون حنفی) [خطیب، حکیم۔ شاعر عرب۔ ۶۹۴] عمر ۷۵ جبل کے بیمارستان کا طبیب

۳۰۱- ابن السرایا (شیخ صفی الدین عبدالعزیز بن علی بن حسین حلی (امامی) [ادیب۔ شاعر عرب۔ عالم۔ ۷۵۰] ولادت[ل] ۶۷۷۔ مداح البیت

۳۰۲- ابن سراج (ابوبکر محمد بن سری بغدادی) [نحوی۔ ۳۱۶] کتاب الاصول۔ جمل الاصول۔ موجز صغیر۔ شرح کتاب سیبویہ۔ کتاب الاشتقاق۔ شاگرد مبرد۔ استاد رمانی و سیرانی۔

۳۰۳- ابن سُریج (ابوالعباس احمد بن عمر بن سُریج مروزی شیرازی شافعی) [فقیہ۔ ۳۰۶ بغداد] شیراز کا قاضی۔ شافعی مذہب بہت پھیلایا

۳۰۴- ابن السعادہ (قاضی القضاۃ شہاب الدین محمد بن احمد بن خلیل خوبی شافعی) [فقیہ۔ ۶۹۳ دمشق] ولادت ۶۲۶ دمشق۔ قاضی دمشق۔

۳۰۵- ابن سعد (ابوعبداللہ محمد بن سعد بن منیع بصری (کاتب واقدی) [محدث۔ مورخ۔ ۲۳۰] عمر ۶۲۔ طبقات الصحابہ والتابعین

۳۰۶- ابن سعدون (صائن الدین ابوبکر یحییٰ بن سعدون بن تمام قرطبی) [محدث۔ نحوی۔ لغوی۔ ۵۶۷] مصر میں سکونت رہی

۳۰۷- ابن سعید مغربی (نور الدین علی بن موسیٰ بن علی اندلسی جیانی مغربی) [ادیب۔ مورخ۔ ۶۷۳ دمشق] عمار یاسر کی نسل سے ہے۔ المغرب فی اخبار المغرب۔ المشرق فی اخبار المشرق۔

۳۰۸- ابن السکرہ (ابوالحسن محمد بن عبداللہ بن محمد عباسی کرخی بغدادی) [شاعر عرب۔ ۳۸۵] ولادت ۳۳۶

۳۰۹- ابن السکن (ابوعلی سعید بن عثمان بن سعید بغدادی مصری) [محدث۔ ۳۵۳] ولادت ۲۹۴۔ صحیح المنتقی

۳۱۰- ابن سکیت (ابویوسف یعقوب بن اسحاق بن سکیت کوفی بغدادی (سراج الدین) [نحوی۔ لغوی۔ ۲۴۴] کتاب الالفاظ۔ اصلاح المنطق۔ القلب والابدال۔ المقصور والممدود۔ کتاب الفرق۔ کتاب الامثال۔ متوکل عباسی کے لڑکوں کا معلم۔ عمر ۵۸

۳۱۱- ابن سکین (نصیر الدین ابوجعفر احمد بن سکین بن جعفر) [فقیہ۔ اواخر صدی دوم] امام رضا کے صحابی۔ فقہ الرضا۔

۳۱۲- ابن السلار (ملک العادل سیف الدین ابوالحسن علی) [وزیر مصر۔ ۵۴۸]

۳۱۳- ابن سلوم (صالح ابن نصر اللہ حلبی) [طبیب۔ ۱۰۸۰] سلاطین کے ہاں رئیس الاطباء رہا۔ غایۃ الاتقان فی تدبیر الانسان

۳۱۴- ابن سلیم (تاج الدین محمد بن محمد بن علی مصری) [شاعر عرب۔ ۷۰۷] ولادت ۶۴۰۔ اپنے زمانہ میں شاعروں کا رئیس

۳۱۵- ابن السماک (ابوالعباس محمد بن صبیح کوفی بغدادی) [زاہد۔ واعظ۔ قاص۔ ۱۸۳ کوفہ] مدتوں بغداد میں رہا۔ ہشام بن عروہ اور اعمش کا شاگرد۔ احمد بن حنبل کا استاد۔

۳۱۶- ابن السماک (ابوعمرو عثمان بن احمد بن یزید بغدادی شافعی (دقاق) [محدث۔ ۳۴۴] شاگرد ربیع

۳۱۷- ابن السماک (عبد بن احمد بن محمد ابوذر ہروی انصاری مالکی) [محدث۔ ۴۳۴] ولادت ۳۵۵

۳۱۸- ابن السمان (شیخ اسماعیل بن علی بن حسین السمان الرازی) [مفسر، محدث۔ فقیہ۔ ۴۴۵] بستان فی تفسیر القرآن۔ کتاب الارشاد فقہ میں۔

[ل] روضات الجنات میں محقق اول (المتوفی ۶۷۶) کا شاگرد لکھا ہے تو سال ولادت ۶۷۷ سے بہت پہلے ہونا چاہیے۔

ریاض حدیث میں۔ سفینۃ النجات امامۃ میں۔ مصباح عبادات میں۔ مدخل نحو میں۔ المنور وعظ میں۔ سید مرتضٰے رازی نے بتوسط عبدالرحمان بن احمد نیشاپوری ان سے روایت کی۔

۳۱۹۔ ابن سمعون (ابوالحسین محمد بن احمد بن اسماعیل بغدادی) [واعظ۔ ۳۸۷ بغداد] وعظ میں یکتائے زمانہ۔ ابوبکر شبلی وغیرہ سے روایت کرتا ہے۔

۳۲۰۔ ابن السمکہ (احمد بن اسماعیل بن سمکہ بن عبداللہ (ابوعلی بجلی) قمی) [عالم۔ فاضل۔ ادیب۔ مورخ۔ اوائل صدی چہارم] ابن العمید کا استاد۔ انکے والد اسماعیل ابوجعفر برقی کے شاگرد تھے۔ کتاب العباسی یعنی تاریخ بنی عباس۔ کتاب الامثال۔

۳۲۱۔ ابن السندی (ابوبکر محمد بن محمد بن رجاء اسفرائنی) [محدث۔ ۲۸۲] عمر ۸۰۔ الصحیح

۳۲۲۔ ابن السنی (ابوبکر احمد بن محمد بن اسحاق دینوری) [محدث۔ ۳۶۴] عمل الیوم واللیلہ

۳۲۳۔ ابن السویدی (ابراہیم بن محمد بن طرخان دمشقی (ابن الطرخان) [طبیب۔ صدی ہفتم] ولادت ۶۰۰۔ تذکرۃ الاطباء

۳۲۴۔ ابن سہل (ابراہیم بن سہل اسرائیلی اشبیلی) [شاعر عرب۔ ۶۴۹] دیوان اشعار جسکی شرح حسن بن محمد عطار المتوفی ۱۲۵۰ نے لکھی۔

۳۲۵۔ ابن سہل (ابوالعباس احمد بن محمد بن عبدالکریم بغدادی) [کاتب۔ ۲۷۰] کتاب الخراج

۳۲۶۔ ابن السید (امام احمد بن ابان بن السید اندلسی) [لغوی۔ ادیب۔ ۳۳۲] معلم لغۃ میں۔ شرح کتاب اخفش

۳۲۷۔ ابن السید (ابومحمد عبداللہ بن محمد بن سید بلنسی بطلیوسی) [لغوی۔ نحوی۔ ۵۲۱] ولادت ۴۴۴

۳۲۸۔ ابن السید قیسی (ابومحمد عبدالعزیز بن احمد بن سید اندلسی مصری) [لغوی۔ ادیب۔ شاعر عرب۔ ۷۲۴ مصر] اندلس سے آکر مصر کی سکونت اختیار کی۔

۳۲۹۔ ابن سیدہ (ابوالحسن علی بن اسماعیل بن سیدہ ضریر مرسی اندلسی) [لغوی۔ ادیب۔ حکیم۔ ۴۵۸ دانیہ] المحکم والمحیط الاعظم اور مخصص دونوں لغۃ میں۔ کتاب الانیق شرح حماسہ۔ عمر ۶۰

۳۳۰۔ ابن سید الناس (ابوبکر محمد بن احمد بن عبیداللہ اشبیلی یعمری ظاہری) [محدث۔ ۶۵۹] ولادت ۵۵۷ اشبیلیہ۔ عالم المغرب مشہور ہے۔

۳۳۱۔ ابن سید الناس (امام ابوالفتح فتح الدین محمد بن محمد بن محمد یعمری اشبیلی) [محدث۔ ادیب۔ شاعر عرب۔ ۷۳۴] ولادت ۶۷۱ اشبیلیہ ۶۹۰ میں دمشق آیا۔ عیون الاثر یعنی سیرۃ رسول۔ تفسیر۔ شرح ترمذی۔ سمر اللبیب

۳۳۲۔ ابن السیرافی (ابومحمد یوسف بن حسن بن عبداللہ سیرافی) [لغوی۔ نحوی۔ اخباری۔ ۳۸۵] ولادت ۳۳۰

۳۳۳۔ ابن سیرین (ابوبکر محمد بن سیرین بصری) [تابعی۔ فقیہ۔ معبّر۔ ۱۱۰ البصرہ] ولادت ۳۳ حسن بصری کی صحبت میں بہت رہا۔ آخر وانسے صحبت منقطع

۳۳۴۔ ابن سینا (شیخ الرئیس ابوعلی حسین بن عبداللہ بن سینا بخاری اسماعیلی) [طبیب فلسفی حکیم۔ ۴۲۸ ہمدان] ولادت ۳۷۰ یا ۳۷۵۔ قانون طب میں۔ کتاب الشفاء حکمۃ میں۔ اشارات۔ کتاب الاوسط۔ حی بن یقظان۔ مختلف ایرانی بادشاہوں کا ملازم اور شمس الدولہ بویہی کا وزیر رہا۔

۳۳۵۔ ابن شاذان (ابوالحسن محمد بن احمد بن علی بن حسن بن شاذان قمی) [فقیہ۔ اوائل صدی پنجم] استاد کراجکی۔ شاگرد صدوق۔ ابن قولویہ کی بھانجی کا بیٹا۔ مناقب علی۔ ایضاح الدقائق

۳۳۶۔ ابن شاذان (قاضی ابوالفضل علی بن حسن بن شاذان) [محدث۔ ۔۔] معجم۔ مناقب

۳۳۷۔ ابن الشاط (ابن الشاط مالکی) [فقیہ۔ ۷۲۳] ادرار الشروق علی انوار الفروق اصول فقہ میں

۳۳۸۔ ابن شاکر (ابوعبداللہ محمد بن موسٰے بن شاکر کتبی حلبی) [مورخ۔ ۷۶۴] فوات الوفیات ذیل وفیات الاعیان ابن خلکان

۳۳۹۔ ابن شاکر (ابوعبداللہ محمد بن موسٰے بن شاکر) [مہندس۔ منجم۔ ۲۵۹] ابن شاکر اور اسکے بھائی احمد اور حسن علوم ہندسہ۔ حیل۔ حرکات سماوی اور نجوم میں ماہر تھے۔ مامون رشید کے ملازم تھے

۳۴۰۔ ابن شاہویہ (ابوبکر محمد بن احمد بن علی فارسی۔ شافعی۔ نیشاپوری) [فقیہ۔ ۳۶۲ نیشاپور] فارس کا قاضی

۳۴۱۔ ابن شاہین (ابوحفص عمر بن احمد بن عثمان بغدادی) [مفسر۔ محدث۔ مورخ۔ ۳۸۵] تفسیر۔ مسند۔ تاریخ۔ معجم۔ الترغیب۔

۳۴۲۔ ابن الشجری (سید ابوالسعادات امام ہبۃ اللہ بن علی بن محمد حسنی بغدادی) [نحوی۔ لغوی۔ شاعر عرب۔ ۵۴۲ بغداد] ولادت ۴۵۰۔ بغداد کے محلہ کرخ میں اپنے والد طاہر کی نیابت میں علویوں کا نقیب۔ الامالی۔ الانتصار۔ شرح لمعہ ابن جنی۔ شرح تصریف الملوکی۔ دیوان مختارات شعرائے عرب۔

۳۴۳۔ ابن الشبرخیتی (ابراہیم بن مرعی بن عطیۃ الشبرخیتی مالکی) [محدث ۔ ۔ ۔]

۳۴۴۔ ابن شحنہ (محب الدین محمد بن محمد بن محمود حلبی دمشقی) [فقیہ۔ مورخ۔ ۸۱۵ حلب] روضۃ المناظر تاریخ میں۔ سیرۃ النبی

۳۴۵۔ ابن الشجار (ابوعلی حسین بن عبدالصمد بن الشجار عسقلانی) [خطیب۔ نثار۔ شاعر عرب۔ ۴۸۲ قاہرہ] خطب مشہورہ

۳۴۶۔ ابن الشداد (بہاء الدین ابوالمحاسن یوسف بن رافع بن تمیم اسدی شافعی) [فقیہ۔ ۶۳۲ حلب] دلائل الاحکام۔ موجز الباہر فقہ میں۔ ملجاء الحکام۔ سیرۃ صلاح الدین۔ قاضی حلب و وزیر صلاح الدین۔

۳۴۷۔ ابن شنبوذ (ابوالحسن محمد بن احمد بن ایوب مقری بغدادی) [قاری۔ ۳۲۸ بغداد] بیوقوف بہت تھا۔ قرأت شاذہ سے قرآن کو پڑھتا تھا

۳۴۸۔ ابن شہاب زہری (ابوبکر محمد بن مسلم بن عبیداللہ مدنی شامی) [محدث۔ فقیہ۔ ۱۲۴] ولادت ۵۱ ہجری۔ عبدالملک اور ہشام شاہان دمشق کی سرکار میں رہا

۳۴۹۔ ابن شہرآشوب (رشید الدین ابوعبداللہ محمد بن علی بن شہرآشوب سروی مازندرانی) [محدث۔ ۵۸۸ حلب] مناقب آل ابی طالب۔ معالم العلماء۔ منہاج۔ مثالب النواصب۔ اسباب النزول۔ متشابہ القرآن۔

۳۵۰۔ ابن الشیخ (ابواسماعیل خواجہ عبداللہ انصاری بن ابی منصور محمد) [صوفی۔ فقیہ۔ ۴۸۱ ہرات] دیکھو عبداللہ انصاری شیخ الاسلام۔ ابوایوب انصاری کی نسل

۳۵۱۔ ابن الشیخ (ابوالحجاج یوسف بن محمد بلوی اندلسی) [محدث۔ ادیب۔ ۶۰۴] (دیکھو ابوالحجاج اندلسی)

۳۵۲۔ ابن شیرویہ (ابومحمد عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمان قرشی نیشاپوری) [محدث۔ ۳۰۵] عمر ۸۰ سے اوپر

۳۵۳۔ ابن الصائغ (ابوالحسن شمس الدین محمد بن عبدالرحمان بن علی مصری حنفی) [محدث۔ نحوی۔ ۷۷۶ قاہرہ] مجمع الفوائد۔ شرح مشارق الانوار۔ در الثمین۔ عقد اللآل۔

۳۵۴۔ ابن الصائغ (سید علی بن حسین صائغ حسینی عاملی جزینی) [فقیہ۔ محدث۔ آخر صدی دہم] شاگرد شہید ثانی۔ شرح شرایع۔ شرح ارشاد

۳۵۵۔ ابن الصائغ (ابوبکر محمد بن باجہ تجیبی سرقسطی) [فیلسوف۔ شاعر عرب۔ ۵۳۳ فاس] (دیکھو ابن باجہ) بدعقیدہ۔ قرآن کا تمسخر کرتا تھا

۳۵۶۔ ابن الصائغ (موفق الدین ابوالبقاء یعیش بن علی بن یعیش حلبی) [نحوی۔ ۶۴۳ حلب] ولادت ۵۵۶

۳۵۷۔ ابن الصابونی (محمد بن احمد بن صابونی اشبیلی) [ادیب۔ شاعر۔ ۶۴۰ اسکندریہ]

۳۵۸۔ ابن صاعد (ابومحمد یحییٰ بن محمد بن صاعد بغدادی) [محدث۔ ۳۱۸] ولادت ۲۲۸

۳۵۹۔ ابن الصباغ (نورالدین علی بن محمد بن محمد مالکی مکی) [محدث۔ ۸۵۵] فصول المہمہ فی مناقب الائمہ

۷۴۸۔ ابوالحسین کاتب [احمد بن سعد اصفہانی] (نحوی منطقی۔ بعد ۳۴۲) کتاب المنطق۔ کتاب الہجار۔ کتاب الرسائل

۷۴۹۔ ابوالحسین بن کاتب [احمد بن علی] (کاتب۔ ۴۵۰)

۷۵۰۔ ابوحفص بن زیات [عمر بن محمد بن علی بغدادی] (محدث۔ ۳۷۵)

۷۵۱۔ ابوحفص بلنسی [نجم الدین عمر بن محمد بن احمد بن علی تضاعی بلنسی] (لغوی۔ مفسر۔ محدث۔ ۵۳۸) ولادت ۴۶۲۔ تفسیر لغۃ و حدیث میں قریب
سو کتابوں کے تصنیف کیں۔

۷۵۲۔ ابوحفص ربیع [ربیع بن صبیح مدنی بصری] (محدث۔ دوسری صدی) محمد بن قاسم ثقفی کے بعد سندھ میں آیا۔ کہتے ہیں یہ اسلام میں اول مصنف ہے۔

۷۵۳۔ ابوحمزہ ثمالی [ثابت بن ابی صفیہ دینار ثمالی ازدی کوفی] (تابعی۔ محدث۔ ۱۵۰) امام زین العابدینؑ۔ محمد باقرؑ و جعفر صادقؑ سے روایت کی (نیز

۷۵۴۔ ابوحنیفہ دینوری [احمد بن داؤد دینوری] (منجم۔ نحوی۔ ادیب۔ لغوی۔ مہندس۔ ۲۸۱) اصلاح المنطق۔ جواہر العلم۔ الجبر و المقابلہ۔ کتاب الفصاحۃ۔
کتاب النبات۔ اخبار الطوال۔

۷۵۵۔ ابوحنیفہ کوفی [نعمان بن ثابت بن زوطی کوفی (امام اعظم)] (فقیہ۔ ۱۵۰) ولادت ۸۰ کوفہ۔ قصیدۃ النعمانیہ۔ فقہ اکبر۔ المقصود صرف میں۔ حماد بن
سلیمان سے فقہ پڑھی۔ قیاس کے ساتھ فقہ کی تدوین اول انہوں نے ہی کی۔

۷۵۶۔ ابوحنیفہ مغربی [نعمان بن عبداللہ بن محمد بن منصور مالکی امامی مغربی مصری] (فقیہ۔ ۳۶۳ قاہرہ) دعائم الاسلام۔ اختلاف اصول المذاہب۔ کتاب الاخبار
فقہ میں۔ رد ائمہ اربعۂ اہلسنت۔ کتاب المناقب و المثالب۔ کتاب الاقتصار۔ اساس التاویل۔

۷۵۷۔ ابوحیان توحیدی [علی بن محمد بن عباس شیرازی معتزلی] (لغوی۔ ادیب۔ فقیہ۔ متکلم۔ ۳۸۰ یا ۴۰۰) مقابسات۔ الصدق و التصدیق۔ وصف العلوم انواعہا۔
کتاب المحاضرات و المناظرات۔ کتاب الامتاع و المؤانسۃ۔ ابوعبید کا اُستاد۔ ابن عمید اور ابن عباد کا مصاحب۔

۷۵۸۔ ابوحیان نحوی [امام اثیر الدین محمد بن یوسف بن علی غرناطی مصری] (شاعر۔ نحوی۔ مفسر۔ محدث۔ ۷۴۵ مصر) ہدایۃ النحو۔ تفسیر بحر محیط۔ شرح کتاب سیبویہ۔
صرف نحو کا امام الدنیا۔ ولادت ۶۵۴ غرناطہ

۷۵۹۔ ابوخالد کابلی [ابوخالد کابلی] (محدث۔ اول صدی) اصحاب امام زین العابدین سے

۷۶۰۔ ابوخالد سلمی [یزید بن ہارون بن زادی ازدی واسطی] (محدث۔ ۲۰۶) ولادت ۱۱۸

۷۶۱۔ ابوالخطاب [عمر بن عبداللہ بن ابی ربیعہ مخزومی] (شاعر عرب۔ ۹۳) ولادت ۲۳

۷۶۲۔ ابوالخطاب باجی [علاؤالدین علی بن محمد بن خطاب باجی مصری] (فقیہ۔ ۷۱۴) ولادت ۶۳۱

۷۶۳۔ ابوالخیر دہلوی [ابوالخیر دہلوی] (صوفی۔ حی) [نیز دیکھو طاشکبری زادہ]

۷۶۴۔ ابوداؤد اعرج [عبدالرحمان بن ہرمز بن اعرج] (نحوی۔ ۱۰۷ اسکندریہ)

۷۶۵۔ ابوداؤد سجستانی [سلیمان بن اشعث بن اسحاق ازدی سجستانی بصری] (محدث۔ ۲۷۵ بصرہ) ولادت ۲۰۲ بصرہ۔ السنن۔ الناسخ و المنسوخ۔

۷۶۶۔ ابوداؤد طیالسی [محمد بن سلیمان بن داؤد بن جارود فارسی بصری] (محدث۔ ۲۰۴) عمر ۸۰۔ مسند

۷۶۷۔ ابوداؤد کوفی [نفیع بن حارث کوفی] (تابعی۔ محدث۔ ۵۱)

۷۶۸۔ ابوداؤد نحوی [سہل بن محمد] (نحوی۔ شاعر عرب۔ صدی چہارم) مؤدب سیف الدولہ حمدان۔ کتاب المذکر و المؤنث

۷۶۹۔ ابوداؤد مروزی [سلیمان بن سعید] (نحوی۔ ۲۵۷) نضر بن شمیل اور اصمعی کا شاگرد

۷۷۰۔ ابودجانہ [سماک بن خرشنہ] (صحابی۔ ۰۵)

۷۷۱۔ ابودرداء [عویمر بن عامر انصاری خزرجی] (صحابی۔ محدث۔ ۳۲ دمشق) عالم اہل شام۔ قاضی دمشق

۷۷۲۔ ابودلامہ [زند بن جون] (ادیب۔ شاعر عرب۔ ۱۶۱)

۷۷۳۔ ابودلف [قاسم بن عیسٰے بن ادریس عجلی] (قائد۔ ۲۲۶ بغداد) مامون کا سپہ سالار۔ کتاب السلاح۔ سیاسۃ الملوک۔ کتاب النزہ

۷۷۴۔ ابوذر [جندب بن جنادہ] (صحابی۔ محدث۔ ۳۲ ربذہ) حضرت عثمان نے ربذہ میں جلا وطن کر دیا تھا۔

۷۷۵۔ ابوذر ہمدانی [قاضی عمر بن ذر بن عبداللہ ہمدانی کوفی مرجی] (فقیہ۔ ۱۵۶)

۷۷۶۔ ابورافع [اسلم یا ابراہیم قبطی] (صحابی۔ محدث۔ ۴۰) کتاب السنن والاحکام والقضایا۔ رسول اللہ اور علی مرتضٰی کی تمام جنگوں میں ساتھ رہے
۸۵ سال کی عمر میں علیؑ کے ساتھ کوفہ گئے۔ پھر امام حسنؑ کے ساتھ مدینہ واپس آئے۔ ابن خلکان نے قتل عثمان سے چند روز پہلے ۳۵ھ میں
وفات لکھی ہے جو احادیث شیعہ کے خلاف ہے۔

۷۷۷۔ ابورجاء [عمران بن تیم عطاری] (تابعی۔ ۱۰۷) حیات نبی میں مسلمان ہوئے تھے

۷۷۸۔ ابورقعمق [ابوحامد احمد بن محمد انطاکی مصری] (شاعر عرب۔ ۳۹۹ مصر) معز خلیفہ مصر اور اسکے وزیر ابن کلس کا مداح

۷۷۹۔ ابوالرواد [عبداللہ بن عبدالسلام بن عبداللہ بصری] (موذن۔ ۲۷۹) [ابورویم = نافع بن عبدالرحمان]

۷۸۰۔ ابوریحان [محمد بن احمد بن محمد بیرونی خوارزمی] (حکیم فیلسوف۔ ریاضی۔ ۴۲۹) عجائب الہند۔ آثار الباقیہ۔ کتاب الارشاد۔ تاریخ الامم الشرقیہ
نیز قانون المسعودی۔ کتاب الصیدلہ۔ ولادت ۳۶۲

۷۸۱۔ ابوالزبیر [محمد بن مسلم مکی] (تابعی۔ ۱۲۵)

۷۸۲۔ ابوزرعہ تجیبی [حیوۃ بن شریح مصری] (محدث۔ ۱۵۸)

۷۸۳۔ ابوزرعہ رازی [عبیداللہ بن عبدالکریم بن یزید رازی] (محدث۔ ۲۶۴)

۷۸۴۔ ابوزرعہ دمشقی [محمد بن عثمان دمشقی] (محدث۔ ۳۰۲)

۷۸۵۔ ابوزکریا تبریزی [یحیٰے بن علی تبریزی] (لغوی خطیب۔ ۵۰۲) ولادت ۴۲۱۔ شرح دیوان متنبی۔ تہذیب الالفاظ۔ الوافی فی العروض والقوافی

۷۸۶۔ ابوزید بصری [سعید بن اوس بن ثابت خزرجی بصری قدری] (لغوی۔ نحوی۔ ادیب۔ ۲۱۵ بصرہ) کتاب اللغات۔ کتاب النوادر۔ کتاب الفرق۔
• کتاب الجمع والتثنیہ۔ ابوعمرو شیبانی کا شاگرد۔ ابوعبید اور ابوحاتم سجستانی کا استاد۔ عمر ۹۵

۷۸۷۔ ابوزید بلخی [احمد بن سہل] (لغوی۔ نحوی۔ ادیب۔ ۳۲۲)

۷۸۸۔ ابوزید [ابوزید خارجہ بن زید بن ثابت صحابی] (فقیہ۔ ۹۹ مدینہ) مدینہ کے ۷ فقیہوں سے

۷۸۹۔ ابوزید عبادی [امام ابوزید حنین بن اسحاق عبادی] (طبیب۔ ۲۶۰) اقلیدس اور کتب طب و حکمۃ کا یونانی سے عربی میں ترجمہ کیا

۷۹۰۔ ابوزید قرشی [محمد بن ابی الخطاب قرشی] (شاعر عرب۔ ۱۷۰) جمہرۃ اشعار عرب۔

۷۹۱۔ ابوزید مروزی [محمد بن احمد بن عبداللہ مروزی کاشانی شافعی] (فقیہ۔ ۳۷۱ مرو) ابواسحاق مروزی کا شاگرد۔ قفال مروزی کا استاد۔ ۷ سال مکہ

۷۹۲۔ ابوزید نمیری [ابوزید عمر بن شبہ بن عبیدہ نمیری بصری] (محدث۔ مورخ۔ ۲۶۲ سامرہ) اخبار المدینہ۔ تاریخ بصرہ۔ ولادت ۱۷۳۔ [ابوسعادات

۷۹۳۔ ابوسعد سمعانی [تاج الاسلام عبدالکریم بن محمد بن منصور مروزی شافعی] (محدث۔ نسابہ۔ فقیہ۔ ۵۶۲) کتاب الانساب ۸ جلد۔ ولادت ۵۰۶۔ طلب علم
میں خراسان۔ عراقین۔ شام اور حجاز کا سفر کیا۔

۷۹۴۔ ابوسعد ہروی [آدم بن احمد بن اسد ہروی بغدادی] (ادیب۔ لغوی۔ ۵۳۶)

۷۹۵۔ ابوالسعود [محمد بن محمد بن مصطفے بروسی قسطنطنیوی حنفی] (مفسر۔ ۹۸۲) تفسیر ارشاد عقل السلیم۔ ولادت ۹۰۰ یا ۸۹۶ (شیخ الاسلام قسطنطنیہ)

۷۹۶۔ ابوالسعود [عبداللہ مصری] (شاعر عرب۔ ۱۲۹۵) نظم اللآلی تاریخ میں۔

۷۹۷۔ ابوسعید انصاری [یحییٰ بن سعید بن قیس مدنی] (تابعی۔ ۱۴۳ ہاشمیہ) منصور دوانیقی کا قاضی القضاۃ

۷۹۸۔ ابوسعید تنوخی [داؤد بن ہیثم بن اسحاق تنوخی انباری] (نحوی لغوی۔ ۳۱۶)

۷۹۹۔ ابوسعید خدری [سعد بن مالک انصاری] (صحابی۔ محدث۔ ۷۴) عمر ۸۴

۸۰۰۔ ابوسعید دہلوی [ابوسعید عمری] (صوفی۔ ۱۲۴۹) شاگرد عبدالعزیز دہلوی و رفیع الدین دہلوی۔ مرید غلام علی شاہ

۸۰۱۔ ابوسعید سکری [عبداللہ بن علاء الدین حسن بن حسین سکری] (لغوی۔ ۲۷۵) ولادت ۲۱۲۔ کتاب الوحوش۔ کتاب البنات

۸۰۲۔ ابوسعید سیرافی [قاضی حسن بن عبداللہ بن مرزبان حنفی بغدادی] (لغوی۔ نحوی۔ ۳۶۸) شرح کتاب سیبویہ

۸۰۳۔ ابوسعید صدفی [امام عبدالرحمان بن احمد بن یونس مصری] (محدث۔ مورخ۔ ۳۴۷) ولادت ۲۸۱۔ تاریخ مصر

۸۰۴۔ ابوسعید عمیدی [محمد بن احمد بن محمد مصری] (نحوی۔ لغوی۔ ادیب۔ ۴۳۳) تنقیح البلاغۃ۔ العروض والقوافی

۸۰۵۔ ابوسعید [ابوسعید بن عبداللہ] (شاعر عرب۔ ۵۹۷) صلاح الدین یوسف کا وزیر

۸۰۶۔ ابوسفیان اموی [ابوسفیان صخر بن حرب اموی] (صحابی۔ ۳۴ مدینہ) عام الفیل سے ۱۰ سال پہلے پیدا ہوئے۔ فتح مکہ کے دن مسلمان ہوئے۔ مولفۃ القلوب سے تھے

۸۰۷۔ ابوسفیان رواسی [وکیع بن الجراح بن ملیح کوفی] (محدث۔ ۱۹۷) ولادت ۱۲۹

۸۰۸۔ ابوسفیان ہاشمی [ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی] (صحابی۔ ۲۰) فتح مکہ کے دن مسلمان ہوئے۔

۸۰۹۔ ابوالسکن [مکی بن ابراہیم تمیمی بلخی] (محدث۔ ۲۱۵ بلخ) ولادت ۱۲۶۔ شیخ خراسان۔

۸۱۰۔ ابوسلمہ [ابوسلمہ بن عبداللہ بن عبدالاسد مخزومی] (صحابی۔ ۴ مدینہ) رسول اللہ کی پھوپھی برہ کے بیٹے۔ ام المومنین ام سلمہ کے پہلے شوہر

۸۱۱۔ ابوسلمہ خلال [حفص بن سلیمان ہمدانی] (ادیب۔ مدبر۔ ۱۳۲) اول شخص جسکو اسلام میں وزیر کہا گیا۔ سفاح عباسی کا وزیر۔ علویوں میں سے کسی کو خلیفہ بنانا چاہا

۸۱۲۔ ابوسلمہ ربعی [حماد بن سلمہ بن دینار بصری] (فقیہ۔ محدث۔ لغوی۔ نحوی۔ ۱۶۷ بغداد) عمر ۸۰

۸۱۳۔ ابوسلمہ مدنی [ابوسلمہ مدنی] (تابعی۔ ۹۴) عمر ۷۲

۸۱۴۔ ابوسلیمان بصری [یحییٰ بن یعمر بصری] (فقیہ۔ ۱۲۹) قاضی خراسان۔ کہتے ہیں اول قرآن پر نقطے اسی نے لگائے (دیکھو یحییٰ بن یعمر)

۸۱۵۔ ابوسلیمان ضبعی [جعفر بن سلیمان ضبعی بصری] (محدث۔ ۱۷۸)

۸۱۶۔ ابوسلیمان بستی [حمد بن محمد بن ابراہیم خطابی بستی] (فقیہ۔ ۳۸۸)

۸۱۷۔ ابوسلیمان دارانی [عبدالرحمان بن احمد بن عطیہ واسطی دارانی] (صوفی۔ ادیب۔ شاعر عرب۔ ۲۲۵) اندلس کا تعلیم یافتہ۔ داریا سے منسوب جو علاقہ دمشق میں ہے۔

۸۱۸۔ ابوسہل اسلمی [عبداللہ بن بریدہ بن حصیب مروزی] (فقیہ۔ ۱۱۵) قاضی مرو

۸۱۹۔ ابوسہل صعلوکی [محمد بن سلیمان بن محمد اصفہانی نیشاپوری شافعی] (فقیہ۔ ۳۶۹ نیشاپور) ولادت ۲۹۶ اصفہان

۸۲۰۔ ابوسہل نوبختی [شیخ اسمٰعیل بن اسحاق بن ابوسہل نوبختی بغدادی] (شیخ المتکلمین۔ صدی چہارم) معاصر منصور حلاج جسے ۳۰۹ھ میں سولی ملی۔ امامیہ و تاریخ ائمہ اور رد ملاحدہ و غلاۃ میں تیس سے زیادہ کتابیں لکھیں۔ کتاب الاستیفاء امامۃ میں۔ کتاب التوحید۔ الرد علی الیہود۔ الرد علی المجبرہ۔ الرد علی [illegible]
حدوث العالم۔ کتاب الانوار۔ کتاب الصفات۔

۸۲۱۔ ابوشامہ [امام شہاب الدین ابو محمد عبدالرحمان بن اسمٰعیل بن ابراہیم مقدسی۔ دمشقی شافعی] (نحوی۔ مورخ۔ فقیہ۔ محدث۔ ۶۶۵ دمشق) الروضتین فی اخبار الدولتین۔ شرح شاطبیہ۔ محقق علم اصول تھا۔ ولادت ۵۹۶ دمشق

۸۲۲۔ ابوشبل نخعی [علقمہ بن قیس بن عبداللہ نخعی] (تابعی۔ محدث۔ ۶۲)

۸۲۳۔ ابوالشجاع [احمد شافعی اصفہانی] (فقیہ۔ ۵۹۳ مدینہ) ولادت ۴۳۳۔ تقریب یعنی مختصر فقہ شافعی

۸۲۴۔ ابوالشیخ [ابومحمد عبداللہ بن محمد بن جعفر بن حیان انصاری] (محدث۔ مفسر۔ ۳۶۹) ولادت ۲۷۴ تفسیر۔ العظۃ والوصایا۔ تفسیر القرآن

۸۲۵۔ ابوالشیص [محمد بن عبداللہ بن رزین] (شاعر عرب۔ ۱۹۶) دعبل خزاعی کا عمزاد

۸۲۶۔ ابوصالح [ابوصالح سمان (ذکوان مدنی)] (تابعی۔ محدث۔ ۱۰۱)

۸۲۷۔ ابوالصباح کنانی [ابراہیم بن نعیم عبدی کوفی] (محدث۔ صدی دوم) جناب صادقؑ کے صحابی

۸۲۸۔ ابوالصلاح [تقی الدین بن نجم بن عبیداللہ حلبی] (فقیہ۔ محدث۔ صدی پنجم) ابن البراج نے ان سے روایت کی۔ شاگرد شیخ طوسی و سید مرتضیٰ۔ تقریب المعارف۔ الکافی۔ درالبدایہ فقہ میں۔ عمدۃ الشافیہ والکافیہ

۸۲۹۔ ابوالضیاء [ابوالضیاء وبدری ملقب بہ بوریجی] (مورخ۔ ادیب۔ ۹۶۳) تراجم الاعیان فی ابناء الزمان۔ شرح دیوان عمر بن فارض

۸۳۰۔ ابوطالب [عمران بن عبدالمطلب ہاشمی] (صحابی۔ ۸ بعثت) عم و حامی رسول

۸۳۱۔ ابوطالب اصفہانی [قاضی محمود بن علی بن ابیطالب تیمی اصفہانی] (واعظ۔ خطیب۔ ۵۸۵ اصفہان)

۸۳۲۔ ابوطالب عاملی [رضی الدین ابوطالب محمد بن محمد بن مکی عاملی الجزینی] (فقیہ۔ محدث۔ متکلم۔ اواخر صدی ہشتم) شہید اول کے بیٹے۔ شرح رسالہ اثنا عشریہ

۸۳۳۔ ابوطالب عبدی [احمد بن بکر عبدی] (نحوی۔ صدی چہارم) شرح ایضاح۔ سیرافی رمانی اور ابوعلی فارسی کا شاگرد

۸۳۴۔ ابوطالب کوفی [ابوطالب مکفوف] (نحوی۔ صدی دوم) کسائی کا شاگرد

۸۳۵۔ ابوطالب مفضل [مفضل بن سلمہ کوفی] (لغوی۔ تیسری صدی) معانی القرآن۔ کتاب البارع۔ کتاب الاشتقاق۔ کتاب المدخل۔ المقصور والممدود

۸۳۶۔ ابوطالب مکی [محمد بن علی بن عطیہ حارثی مکی] (واعظ۔ صوفی۔ ۳۸۶ بغداد) قوت القلوب فی معاملۃ المحبوب

۸۳۷۔ ابوطاہر اصفہانی [اسمٰعیل بن محمد بن وثابی اصفہانی] (ادیب۔ ۵۳۳)

۸۳۸۔ ابوطاہر انباری [محمد بن محمد بن نبان انباری مصری] (ادیب۔ کاتب۔ ۵۹۶) تفسیر القرآن۔ کتاب المنظوم والمنثور

۸۳۹۔ ابوطاہر سرقسطی [اسمٰعیل بن خلف بن سعید انصاری] (نحوی۔ ادیب۔ ۴۵۵)

۸۴۰۔ ابوطاہر صقلی [اسمٰعیل بن خلف بن سعید انصاری صقلی اندلسی] (نحوی۔ ادیب۔ ۵۵۵)

۸۴۱۔ ابوالطفیل [عامر بن واثلہ بن اسقع لیثی کنانی] (صحابی۔ ۱۰۲ (مکہ) عمر ۱۰۰۔ تمام معرکوں میں علیؑ کے ساتھ اور انتقام خون حسینؑ میں مختار کے ساتھ رہے

۸۴۲۔ ابوطلحہ [زید ابن سہل انصاری] (صحابی۔ ۳۱) عمر ۷۷

۸۴۳۔ ابوالطیب صعلوکی [سہل بن محمد بن سلیمان شافعی نیشاپوری] (فقیہ۔ ادیب۔ متکلم۔ ۳۸۷ یا ۴۰۲) مفتی نیشاپور

۸۴۴۔ ابوالطیب طبری [طاہر بن عبداللہ بن طاہر طبری بغدادی شافعی] (فقیہ ۴۵۰)

۸۴۵۔ ابوالطیب ضبی [محمد بن مفضل بن سلمہ ضبی بغدادی شافعی] (فقیہ۔ نحوی۔ ۳۰۸) ابن سریج کا شاگرد۔ ضیاء القلوب فی معانی القرآن۔ کتاب الاشتقاق۔ مدخل الی النحو۔ خلق الانسان۔ ان کے والد مفضل بڑے لغوی اور نحوی تھے جن کی تصنیف کتاب البارع لغۃ میں ہے۔

۸۴۶۔ ابوالطیب ابن وشاء [محمد بن محمد بن اسحاق] (نحوی۔ ادیب۔ تیسری صدی) ثعلب و مبرّد کا شاگرد

۸۴۷۔ ابوالعائشہ [مسروق بن اجدع ہمدانی کوفی] (تابعی۔ محدث ۶۳)

۸۴۸۔ ابوالعاص [ابوالعاص بن الربیع] (صحابی۔ ۱۲) زینب بنت خدیجہ کے شوہر

۸۴۹۔ ابوالعالیہ [رفیع بن مہران ریاحی بصری] (تابعی۔ محدث ۹۳)

۸۵۰۔ ابوالعالیہ [حسن بن مالک شامی] (ادیب۔ شاعر عرب۔ ۲۴۰)

۸۵۱۔ ابوعامر ابن شہید [احمد بن ابومروان عبدالملک بن الوزیر احمد اشجعی قرطبی] (عالم۔ شاعر عرب۔ ۴۲۶ قرطبہ) ولادت ۳۸۲ قرطبہ۔ کشف الدک۔ اصلاح المسکت۔

۸۵۲- ابوالعباس احول [محمد بن حسن بن دینار] (نحوی- صدی سوم) ابن الاعرابی کا شاگرد- نفطویہ کا استاد- کتاب الدواہی- کتاب الاشباح- کتاب السلاح

۸۵۳- ابوالعباس اموی [ولید بن مسلم دمشقی] (محدث- ۱۹۵) ولادت ۱۱۹ [ابوالعباس اشبیلی = ابن حاج- نحوی- ۶۴۲]

۸۵۴- ابوالعباس بن جہم [عبیداللہ بن احمد بن محمد بن جہم بن بکیر بن اعین] (ادیب- شاعر عرب- چوتھی صدی) ابوبکر بن الانباری کا شاگرد

۸۵۵- ابوالعباس خضراوی [احمد بن علی بن احمد خضراوی] (نحوی- ۵۴۲) دیکھو ابن زرقون

۸۵۶- ابوالعباس بن خلف [احمد بن عبدالعزیز بن ہشام بن خلف فہری شنتمیری] (نحوی- شاعر عرب- صدی ششم) شرح شواہد الایضاح- ارجوزہ نحویہ- ارجوزہ قرأت میں- ۵۵۳ میں زندہ تھا

۸۵۷- ابوالعباس عسکری [احمد بن سعد بن محمد دمشقی] (صوفی- نحوی- ۷۵۰) شرح تسہیل- مختصر تہذیب الکمال- ولادت بعد ۶۹۰

۸۵۸- ابوالعباس قیسی [احمد بن عبدالمومن بن موسےٰ شریشی] (نحوی- ادیب- ۶۱۹) شرح مقامات حریری (دیکھو شریشی)

۸۵۹- ابوالعباس مرسی [ابوالعباس مرسی اسکندری] (مفسر- ۶۸۶)

۸۶۰- ابوالعباس مرسی [احمد بن محمد بن احمد مرسی (ابوالعباس بن ہلال)] (لغوی- نحوی- ۶۰۴)

۸۶۱- ابوالعباس نامی [احمد بن محمد دارمی مصیصی] (شاعر عرب- ۳۷۰ حلب) عمر ۹۰- سیف الدولہ حمدان کا مداح- متبنی سے اسکی چوٹ رہتی تھی

۸۶۲- ابوعبداللہ آمدی [حسین بن علی بن عبداللہ آمدی] (ادیب- نحوی- ۴۶۶)

۸۶۳- ابوعبداللہ اودی [عمرو بن میمون مذحجی یمانی کوفی] (تابعی- محدث- ۷۵)

۸۶۴- ابوعبداللہ حلوانی [سلیمان بن عبداللہ بن فتی بغدادی اصفہانی] (نحوی- ادیب- بعد ۴۳۰)

۸۶۵- ابوعبداللہ سعدی [امام ضیاء الدین محمد بن عبدالواحد بن احمد مقدسی دمشقی (ضیاء مقدسی)] (محدث- ۶۴۳) ولادت ۵۶۹- کتاب الاحکام

۸۶۶- ابوعبداللہ طیبی [سعدالدین حسین بن علی بن احمد طیبی] (کاتب- شاعر عرب- ۵۸۰ بغداد) ولادت ۵۰۰- مستنجد عباسی کا ندیم

۸۶۷- ابوعبداللہ عامری [مطرف بن عبداللہ عامری حرشی بصری] (تابعی- محدث- ۹۵)

۸۶۸- ابوعبداللہ عمّانی [محمد بن عیسےٰ] (ادیب- اوائل صدی چہارم) شاگرد زجاج

۸۶۹- ابوعبداللہ قرشی [محمد بن احمد بن ابراہیم ہاشمی خضراوی اندلسی] (صوفی- ۵۹۹ قدس) منسوب بہ جزیرۃ الخضراء- ملک مغرب سے مصر و شام میں آیا- سادات

۸۷۰- ابوعبداللہ عمری [زید بن اسلم عمری مدنی (کنیت ابواسامہ)] (تابعی- محدث- ۱۳۶)

۸۷۱- ابوعبداللہ قرطبی [محمد بن عبدالملک] (محدث- ۳۳۰) ولادت ۲۵۲

۸۷۲- ابوعبداللہ قضاعی [محمد بن سلامہ بن جعفر شافعی] (فقیہ- ۴۵۴ مصر) قاضی مصر- کتاب الشہادۃ- کتاب الانباء عن الانبیاء- تواریخ الخلفاء- کتاب الشہاب

۸۷۳- ابوعبداللہ قیروانی [حسین بن محمد تمیمی عنبری دارونی قیروانی] (امام لغت- ۴۴۳)

۸۷۴- ابوعبداللہ کوفی [احمد بن حسن بن اسمٰعیل بن شعیب بن میثم بن عبداللہ تمار کوفی] (محدث- صدی دوم) کتاب النوادر- اصحاب امام کاظم و رضا سے

۸۷۵- ابوعبداللہ کوفی [احمد بن ابراہیم بن ابی رافع بن عبید بن عازب انصاری کوفی بغدادی] (محدث- ...) کتاب الکشف فیما یتعلق بالسقیفہ- کتاب الاشربہ- کتاب الفضائل- کتاب الصفاء فی تاریخ الائمہ- کتاب المثالب- کتاب السرائر (نیز دیکھو ہشام الطبری)

۸۷۶- ابوعبداللہ ہذلی [عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود ہذلی مدنی] (تابعی- محدث- ۹۸) عمر بن عبدالعزیز بن مروان کا مودب- مدینہ کے ۷ فقہاء سے

۸۷۷- ابوعبداللہ دہرانی [رکن الدین محمد بن محرز بن محمد دہرانی] (فاضل- ظریف- ۵۷۵ دمشق)

۸۷۸- ابوعبداللہ یزیدی [محمد بن عباس بن محمد] (نحوی- ۳۱۰ بغداد) منسوب بہ یزید بن منصور عباسی- مقتدر کے لڑکوں کا معلم- عمر ۸۲- اخبار الیزیدیین- کتاب الخیل- مناقب ابن عباس-

۸۷۹- ابوعبدالرحمان [عبداللہ بن لہیعہ بن عقبہ حضرمی مصری] (محدث- ۱۷۴ مصر) ۱۵۵ میں خلیفہ کی طرف سے اول قاضی مصر کا مقرر ہوا- عمر ۸۱

۸۸۰۔ ابوعبدالرحمان [تقی الدین شبیب بن حمدان] (ادیب ۔طبیب ۔شاعر۔ فاضل ۔۶۹۵) سکونت قاہرہ۔ شیخ نجم الدین شیخ الحنابلہ کا بھائی ولادت بعد ۶۹۲۔

۸۸۱۔ ابوعبس [عبدالرحمان بن جبیر انصاری] (صحابی ۔۳۴ مدینہ)

۸۸۲۔ ابوعبید [ابوعبید بن مسعود] (صحابی ۔۱۳) جنگ جسر میں شہید ہوئے۔

۸۸۳۔ ابوعبید ہروی [احمد بن محمد بن محمد بن ابوعبید ہروی فاشانی] (ادیب ۔ نحوی ۔ ۴۰۱) کتاب الغریبین ۔ ابوالمنصور ازہری کا مصاحب

۸۸۴۔ ابوعبید [قاسم بن سلام بغدادی] (ادیب ۔فقیہ ۔۲۲۴ مکہ) غریب الحدیث والشواہد (نیز دیکھو ابن باب)

۸۸۵۔ ابوعبید اللہ بکری [عبداللہ بن عبدالعزیز بن ابی مصعب بکری اندلسی] (جغرافی ۔ نحوی ۔ ۴۸۷) ولادت ۴۳۲ معجم ما استعجم ۔ وصف فریقیۃ الشمالیۃ۔ شرح نوادر قالی ۔ شرح امثال ابی عبید ۔

۸۸۶۔ ابوعبیدہ بن الجراح [عامر بن عبداللہ بن الجراح فہری] (صحابی ۔ محدث ۔ ۱۸ عمواس) عشرۂ مبشرہ سے ۔ امین الامۃ ۔ قدیم الاسلام

۸۸۷۔ ابوعبیدہ [معمر بن مثنی تیمی بصری خارجی] (مورخ ۔لغوی ۔ ادیب ۔نحوی ۔ ۲۱۰) ولادت ۱۱۰۔ ہارون رشید کا استاد ۔ کتاب الجمل والصفین ۔ مجاز القرآن ۔ غریب القرآن ۔ غریب الحدیث ۔ کتاب التاج ۔ کتاب اللغات ۔ کتاب الاضداد

۸۸۸۔ ابوالعتاہیہ [ابواسحاق اسمٰعیل بن قاسم بن سوید عنزی کوفی بغدادی] (شاعر عرب ۔ ۲۱۱ بغداد) ولادت ۱۳۱۔ عین التمر ۔ کوفہ میں ہوش سنبھالا ۔ سکونت بغداد ۔ دیوان اشعار ۔

۸۸۹۔ ابوعثمان اشناندانی [ابوعثمان اشناندانی] (لغوی ۔ اوائل صدی چہارم) معاصر ابن درید و ابوحاتم سجستانی

۸۹۰۔ ابوعثمان تیمی [ربیعہ بن ابی عبدالرحمان فروخ مدنی] (تابعی ۔محدث ۔ ۱۳۶) ۔

۸۹۱۔ ابوعثمان غسانی [استاد سعد بن محمد بن صبیح غسانی قیروانی] (نحوی ۔ ۴۰۰)

۸۹۲۔ ابوعثمان مازنی [بکر بن محمد بن عثمان بصری] (نحوی ۔ادیب ۔ ۲۴۹ بصرہ) مبرد کا استاد ۔ اصمعی و ابوزید کا شاگرد ۔ ما تلحن فیہ العامہ ۔ کتاب الالف واللام ۔ کتاب التصریف ۔ کتاب العروض ۔ کتاب القوافی ۔

۸۹۳۔ ابوعثمان مالکی [سعد بن احمد بن عبداللہ بیانی اندلسی] (نحوی ۔ صدی ہفتم) ۶۵۰ھ میں بغداد آیا

۸۹۴۔ ابوعثمان مروزی [ابوعثمان سعید بن منصور مروزی] (محدث ۔ ۲۲۹) عمر ۸۵ ۔ بلخ اور مکہ میں بہت رہے ۔ السنن

۸۹۵۔ ابوعثمان مصری [سعید بن عفیر مصری] (محدث ۔ ۲۳۱) امام مالک اور لیث بن سعد کا شاگرد

۸۹۶۔ ابوعثمان نہدی [عبدالرحمان بن مل بصری] (تابعی ۔محدث ۔ ۹۵) عمر ۱۳۰

۸۹۷۔ ابوعروبہ [معمر بن راشد ازدی بصری] (عالم یمن ۔ ۱۵۳)

۸۹۸۔ ابوعروبہ [حسین بن محمد بن ابی معشر سلمی حرانی] (مورخ ۔ ۳۱۸)

۸۹۹۔ ابوالعزیز [محمد بن محمد بن واہب خراسانی بغدادی] (شاعر عرب ۔ ۵۹۶) دیوان اشعار ۱۵ جلد

۹۰۰۔ ابوعصیدہ [ابوجعفر احمد بن عبید بن ناصح دیلمی کوفی] (نحوی تیسری صدی) دیکھو ابوجعفر بن ناصح

۹۰۱۔ ابوعقیل [یحییٰ بن متوکل مدنی کوفی] (محدث ۔ ۱۶۷)

۹۰۲۔ ابوالعلاء [میر ابوالعلاء اکبرآبادی] (صوفی ۔ ۱۰۶۱ ۔ آگرہ)

۹۰۳۔ ابوالعلاء معری [احمد بن عبداللہ بن سلیمان قضاعی معری تنوخی بحرانی] (فلسفی ۔لغوی ۔شاعر عرب ۔ ۴۴۹ معرہ) بچپن میں چیچک سے نابینا ہوگیا طلبہ علماء اور وزراء اسکی خدمت میں حاضر ہوتے تھے ۔ اپنے گھر میں رہتا تھا ۔ ولادت ۳۶۳ ۔ لزوم ما لا یلزم ۔ سقط الزند ۔ کتاب الایک والغصون ۔ معجز احمد ۔ لامع العزیزی

۹۰۴۔ ابوالعلاء ہمدانی [ضیاء الدین حسن بن احمد بن حسن عطار ہمدانی] (محدث ۔لغوی ۔ نحوی ۔ ۵۶۹) کتاب الہادی فی معرفۃ المقاطع والمبادی ۔

۹۰۵۔ ابوعلی اصفہانی [حسن بن عبداللہ المعروف بہ لغذکہ] (نحوی ۔لغوی ۔ ادیب ۔تیسری صدی) باہلی صاحب اصمعی و شکرانی صاحب اخفش کا شاگرد ۔ زجاج کی صحبت

۹۰۶- ابوعلی بغدادی [محمد بن حسن بن عبداللہ (مظفر) حاتمی] (شاعرِ عرب- لغوی- ادیب- حکیم- ۳۸۳)

۹۰۷- ابوعلی جبائی [محمد بن عبدالوہاب بن سلام معتزلی] (متکلم- ۳۰۳) ولادت ۲۳۵- ابوالحسن اشعری کا اُستاد- ابویوسف یعقوب شحّام بصری کا شاگرد

۹۰۸- ابوعلی رجالی [ابوعلی بن محمد بن اسمٰعیل حائری] (رجالی- ۱۲۱۶ نجف) منتہی المقال در علم رجال- زہر الریاض- عقد اللئالی البہیہ

۹۰۹- ابوعلی رودباری [احمد بن محمد بغدادی مصری] (صوفی- فقیہ- ۳۲۲)

۹۱۰- ابوعلی سینا [دیکھو شیخ الرئیس] (طبیب- حکیم- ۴۲۸)

۹۱۱- ابوعلی طبرسی [شیخ امین الدین فضل بن حسن بن فضل طبرسی مشہدی] (محدث- مفسر- فقیہ- ۵۴۸) تفسیر مجمع البیان- جوامع الجامع- اعلام الوریٰ-
ان کے بیٹے رضی الدین حسن صاحب مکارم الاخلاق بھی بڑے عالم تھے۔

۹۱۲- ابوعلی طبری [ابوعلی حسن بن قاسم شافعی بغدادی] (فقیہ- ۳۵۰ بغداد) کتاب الافصاح فقہ میں- کتاب المحرز فی النظر فی الفقہ- اصول الفقہ-

۹۱۳- ابوعلی طوسی [ابوعلی حسن بن محمد طوسی] (فقیہ- آخر صدی پنجم) شیخ الطائفہ ابوجعفر طوسی کے بیٹے- کتاب المجالس- شرح نہایہ- امالی-

۹۱۴- ابوعلی فارسی [حسن بن احمد بن عبدالغفار فارسی] (نحوی- ۳۷۷ بغداد) ولادت ۲۸۸- زجاج کا شاگرد- سیرافی و رُمانی کا اُستاد- ایضاح- کتاب التذکرہ-

۹۱۵- ابوعلی فارقی [حسن بن ابراہیم بن علی فارقی شافعی] (فقیہ- ۴۸۷- میافارقین)

۹۱۶- ابوعلی فتال [محمد بن حسن بن علی بن احمد فارسی نیشاپوری] (فقیہ- واعظ- صدی پنجم) روضۃ الواعظین- تنویر فی معانی التفسیر- ابوعلی طوسی سے روایت کی

۹۱۷- ابوعلی قرمطی [حسن بن احمد بن ابی سعید جنابی] (شاعرِ عرب- ۳۶۶ رملہ) سردار قرامطہ

۹۱۸- ابوعلی قمی [احمد بن اسحاق بن عبداللہ اشعری قمی] (محدث- ... حلوان) شیخ القمیین- امام حسن عسکری کے مخصوصین سے- علل الصوم- مسائل الرجال لابی الحسن

۹۱۹- ابوعلی قمی [احمد بن ادریس اشعری قمی] (محدث- ۳۰۶) کتاب النوادر کبیر

۹۲۰- ابوعلی کاتب [محمد بن ابی بکر بن ہمام بن سہیل کاتب اسکافی] (فقیہ- محدث- ۳۳۶) ولادت ۲۵۸- کتاب التمحیص- کتاب الانوار-

۹۲۱- ابوعلی کربلائی [ہشام بن ابراہیم انصاری] (نحوی- تیسری صدی) اصمعی وغیرہ کے ہم نشینوں سے- کتاب الحشرات- کتاب الوحوش- کتاب النبات- کتاب خلق الخیل

۹۲۲- ابوعلی کوفی [حسن بن داؤد بن حسن اموی مقری کوفی (المعروف بہ نقار)] (نحوی- ۳۵۲) اصول نحو- کتاب اللغۃ

۹۲۳- ابوعلی کوفی [ابوعلی محمد بن محمد بن اشعث بن محمد کوفی مصری] (فقیہ- صدی چہارم) کتاب الجعفریات فقہ میں سنہ ۳۱۳ھ میں لکھی-

۹۲۴- ابوعلی کوفی [احمد بن محمد بن عمار کوفی] (محدث- ۳۴۶) کتاب العلل- اخبار النبی- تفسیر- ایمان ابیطالب- فضل القرآن- کتاب الممدوحین والمذمومین-

۹۲۵- ابوعلی مسکویہ [احمد بن محمد بن یعقوب بن مسکویہ خازن رازی] (حکیم- محدث- مورخ- ۴۲۱) تجارب الامم- تہذیب الاخلاق جسکا ترجمہ اخلاق ناصری ہے-

۹۲۶- ابوعلی نیشاپوری [حسین بن علی بن یزید نیشاپوری] (محدث- ۳۴۹)

۹۲۷- ابوعلی واسطی [حسن بن صباح بن محمد واسطی] (محدث- ۲۴۹)

۹۲۸- ابوعمر زاہد [محمد بن عبدالواحد بن ابی ہاشم بغدادی] (نحوی- ۳۴۵) ولادت ۲۶۱

۹۲۹- ابوعمر جرمی [صالح بن اسحاق جرمی بصری] (فقیہ- لغوی- ادیب- ۲۲۵) مبرد کا اُستاد- اخفش کا شاگرد

۹۳۰- ابوعمرو شیبانی یا ابوعمرو الاحمر [اسحاق بن مراد شیبانی کوفی بغدادی] (محدث- نحوی- لغوی- شاعرِ عرب- ۲۱۳ بغداد) عمر ۱۱۸- کتاب اللغات- غریب الحدیث- کتاب النوادر- کتاب الخیل- کتاب النخلہ- ابوعبید و احمد بن حنبل و ابن سکیت کا اُستاد

۹۳۱- ابوعمر قرطبی [ابوعمر یوسف بن عبداللہ بن محمد بن عبدالبر قرطبی] (محدث- ۴۶۳) دیکھو ابن عبدالبر

۹۳۲- ابوعمر قضاعی [شیخ جمیل بن عبداللہ بن معمر بن صباح قضاعی] (شاعرِ عرب- ۸۲) عرب کے مشہور عاشقوں سے- دیوان اشعار- اسکی معشوقہ کا نام بثینہ تھا

۹۳۳- ابوعمران عبری [موسیٰ بن میمون بن یوسف عبری اندلسی مصری] (فلسفی- طبیب- ۶۰۵ فسطاط) ولادت ۵۲۹ قرطبہ- دلالۃ الحائرین- کتاب الشرائع- تدبیر الصحۃ- فصول طب میں-

۹۳۴۔ ابوعمران فاسی [ابوعمران فاسی] (محدث مغرب۔ ۴۰۳ھ)

۹۳۵۔ ابوعمران بن سلمہ [موسیٰ بن سلمہ] (نحوی۔ تیسری صدی) اصمعی کا شاگرد

۹۳۶۔ ابوعمرو بصری [عیسیٰ بن عمرو ثقفی بصری] (قاری۔ نحوی۔ ۱۴۹) الجامع نحو میں۔ کہتے ہیں کہ سیبویہ نے اسکی کتاب کو درست کرکے اپنے نام سے منسوب کیا۔

۹۳۷۔ ابوعمر بغدادی [شمر بن حمدویہ ہروی بغدادی] (نحوی ۲۵۵ھ) ابن الاعرابی کا شاگرد

۹۳۸۔ ابوعمرو دانی [عثمان بن سعید بن عثمان مصری قرطبی] (قاری۔ حدود ۵۰۰ھ) کتاب التیسیر قرأۃ میں۔ الساطع النور فی جمیع الدہور۔ طبقات القراء

۹۳۹۔ ابوعمرو قرشی [عبدالملک بن عمیر بن سوید کوفی] (تابعی۔ ۱۳۶) شعبی کے بعد کوفہ کا قاضی۔ عمر ۱۰۳۔ حضرت علیؑ کو دیکھا تھا

۹۴۰۔ ابوعمرو مارانی [ضیاء الدین عثمان بن عیسیٰ بن درباس شافعی] (فقیہ۔ ۶۰۲ قاہرہ) عمر ۹۰

۹۴۱۔ ابوعمرو مازنی [ابوعمرو علاء بن عمار مازنی بصری] (قاری۔ لغوی۔ نحوی۔ ۱۵۴ کوفہ) ۷ مشہور قاریوں میں سے۔

۹۴۲۔ ابوالعمیثل [عبداللہ بن خلیمہ رازی] (ادیب۔ شاعر عرب۔ ۲۴۰) کچھ عرصہ کوفہ و بغداد میں رہا۔ کتاب التشابہ۔ ابیات السائرہ۔ معانی الشعر

۹۴۳۔ ابوعوانہ [یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم نیشاپوری اسفرائنی شافعی] (محدث۔ ۳۱۶) شاگرد امام مسلم۔ مسند۔ الصحیح۔

۹۴۴۔ ابوالعیناء [ابوعبداللہ محمد بن قاسم بن خلاد] (شاعر عرب۔ ادیب۔ ۲۸۳ بصرہ) ولادت ۱۹۱ اہواز۔ ابوعبیدہ اصمعی اور ابوزید کا شاگرد

۹۴۵۔ ابوغالب زراری [احمد بن محمد بن محمد بن سلیمان شیبانی کوفی نجفی] (محدث۔ فقیہ۔ ۳۶۸ نجف) ولادت ۲۸۵۔ ان کے پوتے ابوطاہر محمد بن عبداللہ بن ابوغالب بڑے فاضل و محدث استاد العلماء تھے۔ تاریخ۔ کتاب الافضال۔ کتاب الحکمین۔

۹۴۶۔ ابوغالب [دیکھو تبیانی] (لغوی۔ ۴۳۶ھ) الموعب لغت میں

۹۴۷۔ ابوالفتح بستی [علی بن محمد] (کاتب۔ شاعر عرب۔ ۴۰۰ھ بخارا)

۹۴۸۔ ابوالفتح بلطی [عثمان بن عیسیٰ بن ہیجون موصلی] (ادیب۔ نحوی۔ شاعر عرب۔ ۵۹۹) مصر میں صلاح الدین یوسف کی طرف سے مدرس نحو۔ عروض الکبیر۔ کتاب المنیر۔ کتاب التصحیف والتحریف۔

۹۴۹۔ ابوالفتح جخ [عبیداللہ بن احمد بن محمد] (نحوی۔ لغوی۔ ۳۵۸)

۹۵۰۔ ابوالفتح رازی [سلیم بن ایوب بن سلیم شافعی رازی] (فقیہ۔ ادیب۔ ۴۴۷ھ) عمر ۸۰۔ ابوحامد اسفرائنی کا شاگرد۔ کتاب الارشاد۔ غریب الحدیث

۹۵۱۔ ابوالفتح شہرستانی [محمد بن عبدالکریم بن احمد اشعری شہرستانی] (فقیہ۔ متکلم۔ ۵۴۸) الملل والنحل۔ نہایۃ الاقدام۔ مناہج۔ بیان۔ ولادت ۴۶۷

۹۵۲۔ ابوالفتح بن شیطا [عبدالواحد بن حسین بن احمد] (ادیب۔ ۴۵۰ھ) ولادت ۳۷۰

۹۵۳۔ ابوالفتح گیلانی [ابوالفتح گیلانی] (طبیب۔ ۹۹۰ آگرہ) [ابوالفتح مطرزی۔ دیکھو مطرزی]

۹۵۴۔ ابوالفتح ہمدانی [محمد بن جعفر بن محمد ہمدانی مراغی] (نحوی۔ ادیب۔ ۳۷۱) کتاب الاستدراک علی الخلیل۔ کتاب البہجہ مثل کامل مبرد کے

۹۵۵۔ ابوالفتح عجلی اصفہانی [منتخب الدین اسعد بن ابی الفضائل محمود بن خلف اصفہانی شافعی] (واعظ۔ فقیہ۔ ۶۰۰ اصفہان) ولادت ۵۱۴۔ شرح مشکلات الوسیط والوجیز للغزالی۔

۹۵۶۔ ابوالفتوح رازی [جمال الدین حسین بن علی بن محمد بن احمد خزاعی نیشاپوری رازی] (مفسر۔ متکلم۔ فقیہ۔ صدی ششم اصفہان۔ معاصر زمخشری۔ تفسیر روح الجنان فارسی جس میں سے فخر رازی نے بہت سرقہ کیا ہے۔ مختاریہ۔ حسنیہ۔ رسالۂ یوحنا۔ تبصرۃ العوام۔ مشائخ ابن شہر آشوب سے۔

۹۵۷۔ ابوالفتوح غزالی [مجدالدین احمد بن محمد بن محمد شافعی بغدادی] (صوفی۔ فقیہ۔ واعظ۔ ۵۱۷ قزوین) برادر امام غزالی۔ لباب الاحیاء۔ ذخیرہ فی علم البصیرہ

۹۵۸۔ ابوالفداء حموی [ملک المؤید عماد الدین اسماعیل بن علی بن شادی شافعی حموی] (فقیہ۔ ادیب۔ مورخ۔ ۷۳۲ حماہ) حماہ کا بادشاہ۔ تاریخ المختصر فی اخبار البشر۔ تقویم البلدان۔ کتاب الموازین۔ ولادت ۶۷۲

۹۵۹۔ ابوالفداء دمشقی [اسماعیل بن عمر بن کثیر قرشی دمشقی شافعی] (مفسر۔ ۷۷۴ھ) دیکھو ابن کثیر

۹۶۰۔ ابو فراس ہمدانی حلبی [حارث بن ابو العلا سعید بن حمدان حلبی] (ادیب فصیح۔ بلیغ۔ شاعر عرب۔ ۳۵۷) ابن عم ناصر الدولہ و سیف الدولہ حمدانی والی حلب

۹۶۱۔ ابو فراس موصلی [مجد العرب علی بن محمد بن غالب عامری موصلی] (شاعر عرب۔ ۴۵۳)

۹۶۲۔ ابو الفرج اصفہانی [علی بن حسین بن محمد اموی اصفہانی بغدادی شیعی] (ادیب۔ نساب۔ مورخ۔ ۳۵۶ بغداد) ولادت ۲۸۴۔ مروان ثانی کی نسل سے۔ اغانی۔ ۳ جلد۔ مقاتل الطالبین۔ اماء الشعراء۔ کتاب الدیارات۔ جمہرۃ النسب۔ کتاب الحانات۔ آداب الغرباء۔ ابن اثیر لکھتا ہے کہ یہ اموی ہو کر شیعہ تھا۔ وزیر مہلبی کے ساتھ رہتا تھا۔ بعض کتابیں مخفی اندلس کے خلفاء بنی امیہ کو بھیجکر انعام پاتا۔

۹۶۳۔ ابو الفرج رازی [علی بن حسین بن ہندو رازی] (کاتب۔ ادیب۔ شاعر عرب۔ صدی چہارم) عضد الدولہ کا کاتب۔ مفتاح الطب۔ کلم الروحانیہ۔ دیوان

۹۶۴۔ ابو الفرج سنجری [ابو الفرج سنجری] (شاعر فارسی۔ صدی چہارم) اُستاد عنصری

۹۶۵۔ ابو الفرج معافی [قاضی معافی بن زکریا بن یحییٰ نہروانی] (فقیہ۔ نحوی۔ لغوی۔ ادیب۔ ۳۹۰) ولادت ۳۰۳

۹۶۶۔ ابو الفرج ملطی [جمال الدین غریغوریس بن حکیما نصرانی] (طبیب۔ مورخ۔ ۶۸۵) مختصر الدول۔ شرح قانون وغیرہ۔ (دیکھو ابن العبری)

۹۶۷۔ ابو الفرج ہمدانی [شرف الدین سلیمان بن نبہان اربلی] (ادیب۔ شاعر عرب۔ ۶۸۶) عمر ۷۰ سے زیادہ

۹۶۸۔ ابو الفرج حرانی [شمس الدین عبد المنعم بن عبد الوہاب بن سعد حرانی بغدادی حنبلی] (محدث۔ ۵۹۶ بغداد) ولادت ۵۰۵

۹۶۹۔ ابو الفضائل اخسیکتی [ابو رشا احمد بن محمد بن قاسم اخسیکتی] (ادیب۔ نحوی۔ لغوی۔ ۸۰۰)

۹۷۰۔ ابو الفضائل استرآبادی [رکن الدین حسن بن محمد بن شرف شاہ حسینی استرآبادی] (نحوی ۷۱۸ یا ۷۱۷ مراغہ) المتوسط علی کافیۃ ابن حاجب۔ نصیر الدین

۹۷۱۔ ابو الفضائل ابن خاضبہ [ابوبکر بن خاضبہ] (محدث۔ لغوی۔ ۵۲۶) ولادت ۴۸۴

۹۷۲۔ ابو الفضائل دہلوی [سعد الدین دہلوی] (فقیہ۔ ۷۹۱) شرح کنز الدقائق۔ شرح منار

۹۷۳۔ ابو الفضائل میدانی [احمد بن محمد بن احمد میدانی نیشاپوری] (ادیب۔ نحوی۔ لغوی۔ ۵۱۸ نیشاپور) معاصر زمخشری۔ واحدی کا شاگرد۔ السامی فی الاسامی۔ نزہۃ الطرف۔ ہادی للشادی۔

۹۷۴۔ ابو الفضل بغدادی [مجد الدین عبد اللہ بن محمود] (محدث فقیہ۔ ۶۸۳) مختار

۹۷۵۔ ابو الفضل عیاش [عباس بن فرج ریاشی] (لغوی۔ صدی سوم) مبرد اور ابن درید کا اُستاد۔ اصمعی کا شاگرد

۹۷۶۔ ابو الفضل بن مبارک [ابو الفضل بن مبارک ناگوری اکبرآبادی] (ادیب و شاعر فارسی۔ ۱۰۱۱) اکبر اعظم شاہ ہند کا وزیر۔ آئین اکبری۔ انشاء اکبر نامہ۔ عیار دانش۔ ولادت ۹۵۸۔

۹۷۷۔ ابو الفضل مقدسی [امام تقی الدین سلیمان بن حمزہ بن محمد مقدسی دمشقی حنبلی] (فقیہ۔ ۷۱۵) ولادت ۶۲۸۔ ۲۰ سال قاضی رہا

۹۷۸۔ ابو الفضل بن ہلال [امام صدر الدین سلیمان بن ہلال بن سید قرشی حورانی شافعی] (صوفی۔ فقیہ۔ مفتی۔ خطیب۔ ۷۲۵ یا ۷۳۵) ولادت ۶۴۲ یا ۶۴۳

۹۷۹۔ ابو الفلاح [عبد الحی بن عماد حنبلی] (مورخ۔ ۱۰۸۹) شذرات الذہب فی اخبار من ذہب سلہ سے سنہ تک کے حالات

۹۸۰۔ ابو الفوز [محمد امین بغدادی] (نسابہ۔ صدی سیزدہم) سبائک الذہب فی معرفۃ قبائل العرب جو ۱۲۲۹ھ میں لکھی

۹۸۱۔ ابو الفیض فیضی [ابو الفیض فیضی بن مبارک ناگوری اکبرآبادی] (عالم۔ شاعر فارسی۔ ۱۰۰۴ آگرہ) تفسیر سواطع الالہام بے نقط۔ دیوان اشعار فارسی۔ ترجمہ رامائن۔ ترجمہ لیلاوتی۔ ولادت ۹۵۴۔

۹۸۲۔ ابو القاسم ازدی [عبید اللہ بن محمد بن جعفر ازدی] (نحوی۔ ۳۴۸) ابن قتیبہ کا شاگرد

۹۸۳۔ ابو القاسم بلخی [عبد اللہ بن احمد بن محمود کعبی بلخی معتزلی] (متکلم۔ ۳۱۷)

۹۸۴۔ ابو القاسم حسکانی [عبید اللہ بن احمد بن محمد بن حسکان عامری نیشاپوری حنفی] (مفسر۔ محدث۔ بعد ۴۹۰) تصحیح خبر رد شمس۔ تفسیر شواہد التنزیل۔ دعاۃ الہداۃ۔ عبد اللہ بن عامر بن کریز کی نسل سے۔

۹۸۵۔ ابوالقاسم دارکی [عبدالعزیز بن عبداللہ بن محمد شافعی دارکی نیشاپوری بغدادی] (فقیہ۔ ۳۷۵) اُستاد ابوحامد اسفرائنی۔ شاگرد ابواسحاق مروزی۔ عمر ۷۰ سے اوپر۔ دارک قریہ اصفہان کا۔

۹۸۶۔ ابوالقاسم رقی [عبیداللہ بن علی بن عبیداللہ] (لغوی۔ ادیب۔ فرضی۔ ۴۵۰) ولادت ۳۷۱ء

۹۸۷۔ ابوالقاسم زہراوی [خلف بن عباس زہراوی قرطبی] (طبیب۔ ۵۰۰ قرطبہ) التصریف لمن عجز عن التالیف۔ زہرا قرطبہ کے قریب ایک مقام ہے۔

۹۸۸۔ ابوالقاسم بن طباطبا [احمد بن محمد بن اسمٰعیل بن ابراہیم طباطبا مصری] (شاعر عرب۔ ۳۴۵ مصر) نقیب طالبین۔ عمر ۶۴

۹۸۹۔ ابوالقاسم عصبانی [فضل بن محمد] (ادیب۔ نحوی۔ ۴۴۴) خطیب تبریزی اور حریری کا اُستاد

۹۹۰۔ ابوالقاسم قشیری [عبدالکریم بن ہوازن بن عبداللہ قشیری نیشاپوری شافعی] (فقیہ۔ محدث۔ صوفی۔ مفسر۔ ۴۶۵ نیشاپور) تفسیر تیسیر۔ رسالہ قشیریہ۔ لطائف الاشارات۔ ولادت ۳۷۶۔ مدتوں بغداد میں رہا۔

۹۹۱۔ ابوالقاسم قمی [جعفر بن محمد بن جعفر بن موسیٰ بن قولویہ] (محدث۔ فقیہ۔ ۳۶۹) دیکھو ابن قولویہ قمی بغدادی

۹۹۲۔ ابوالقاسم گرگانی [خواجہ ابوالقاسم گرگانی] (صوفی۔ ۴۸۵ جرجان)

۹۹۳۔ ابوالقاسم لاہوری [سید ابوالقاسم بن حسین بن نقی رضوی قمی لاہوری] (مفسر۔ فقیہ۔ ۱۳۲۴) تفسیر لوامع التنزیل۔ خیر خیر یزی ناصر العترۃ۔

۹۹۴۔ ابوالقاسم مالقی [عبدالرحمان بن خطیب عبداللہ بن احمد مالقی] (شاعر عرب۔ ۵۸۱ مراکش) ولادت ۵۰۸ مالقہ

۹۹۵۔ ابوالقاسم مقری [موفق الدین عیسےٰ بن عبدالعزیز بن عیسےٰ مقری اسکندری] (نحوی۔ صدی ہفتم) غایۃ الامنیہ۔ ملوۃ المغیث۔ بیان تنزیہ القرآن۔ تعزیہ لاہل المعصیہ۔ ولادت ۵۰۵

۹۹۶۔ ابوالقاسم موسوی [سید جعفر بن الحسین بن قاسم اصفہانی] (فقیہ۔ ۱۱۵۸) ولادت ۱۱۰۰۔ مناہج المعارف اصول دین میں۔ صاحب روضات الجنات کی دادا

۹۹۷۔ ابوالقاسم نیشاپوری [عبداللہ بن محمد نیشاپوری] (محدث۔ ۳۱۷) معجم الصحابہ

۹۹۸۔ ابوالقاسم نیشاپوری [حسن بن محمد بن حبیب بن ایوب نیشاپوری] (مفسر۔ ادیب۔ واعظ۔ ۴۰۶) تفسیر قرآن

۹۹۹۔ ابوالقاسم [میرزا ابوالقاسم (الملقب بہ فاضل قمی)] (فقیہ۔ ۱۲۳۱) قوانین الاصول۔ مناہج فقہ میں۔ مرشد العوام۔ شاگرد امیر سید حسین و محمد باقر بہبہانی۔ ولادت ۱۱۵۲۔

۱۰۰۰۔ ابوقتادہ [حارث بن ربعی انصاری] (صحابی۔ محدث۔ ۵۴ مدینہ) بعض کہتے ہیں خلافت حضرت علیؓ میں کوفہ میں مرے۔

۱۰۰۱۔ ابوقحافہ [عثمان بن عامر تیمی] (صحابی۔ ۱۴) اسلام فتح مکہ کے دن۔ عمر ۹۷۔ حضرت ابوبکرؓ کے والد۔ وفات ابوبکرؓ سے ۶ ماہ بعد۔

۱۰۰۲۔ ابوقلابہ [عبدالملک بن محمد بن عبداللہ رقاشی بصری] (محدث۔ ۲۷۶) ولادت ۱۹۰

۱۰۰۳۔ ابوقلابہ [عبداللہ بن زید حضرمی مصری شامی] (تابعی۔ محدث۔ ۱۰۶ عریش)

۱۰۰۴۔ ابوکریب [محمد بن علاء ہمدانی کوفی] (محدث۔ مورخ۔ ۲۴۸)

۱۰۰۵۔ ابولبابہ [رفاعہ بن عبدالمنذر انصاری] (صحابی۔ ۔ ۔) خلافت علیؓ میں فوت ہوئے۔

۱۰۰۶۔ ابوالیث سمرقندی [نصر بن محمد بن احمد سمرقندی حنفی (امام الہدیٰ)] (فقیہ۔ [illegible] ۳۷۵) بستان العارفین۔ تنبیہ الغافلین۔ نوادر الفقہ۔ قرۃ العیون

۱۰۰۷۔ ابوالمحاسن [ابوالمحاسن جمال الدین یوسف بن تغری بردی (دیکھو ابن تغری بردی)] (مورخ۔ ۸۷۴) ولادت ۸۱۲۔ مورد اللطافۃ۔ نجوم الزاہرہ فی اخبار المصر والقاہرہ۔

۱۰۰۸۔ ابوالمحاسن رویانی [عبدالواحد بن اسمٰعیل بن احمد رویانی شافعی] (فقیہ۔ ۵۰۲ آمل) ولادت ۴۱۵۔ بحر المذاہب۔ کتاب الکافی۔ حلیۃ المومن۔[1]

۱۰۰۹۔ ابومحلم [محمد بن ہشام بن عوف سعدی اہوازی] (محدث۔ لغوی۔ ۲۴۵) کتاب الانوار۔ کتاب التخیل۔ کتاب خلق الانسان

۱۰۱۰۔ ابومحمد اشبیلی [علم الدین قاسم بن محمد بن یوسف شافعی اشبیلی دمشقی] (محدث۔ مورخ۔ ۷۳۹) ولادت ۶۶۵۔ بعلبک اور حلب میں بھی [illegible] عرصہ تک رہا۔

[1] نیز دیکھو رویانی۔

۱۰۱۱۔ ابومحمد اعرابی [حسن بن احمد بن اسعد فندجانی] (ادیب۔ نسابہ۔ لغوی۔ بعد ۴۲۸)

۱۰۱۲۔ ابومحمد بجلی [جعفر بن بشیر کوفی (فقحۃ العلم)] (محدث۔ علامہ۔ ۲۰۸) کتاب المشیخۃ

۱۰۱۳۔ ابومحمد توزی [ابومحمد عبداللہ بن محمد توزی] (لغوی۔ ۲۰۳) دیکھو ابن ہارون

[ابو القاسم حریری۔ دیکھو حریری]

۱۰۱۴۔ ابومحمد جوالیقی [اسماعیل بن ابو موہوب بن احمد بن خضر جوالیقی بغدادی] (ادیب۔ ۵۷۵) ابوالمنصور جوالیقی کا بیٹا۔ اُنکے والد ابومنصور ابن الجوالیقی کا ۵۳۹ھ میں انتقال ہوا

۱۰۱۵۔ ابومحمد دنیسری [حمد بن حمید بن محمود فارقی] (فقیہ۔ نحوی۔ ۶۳۲)

۱۰۱۶۔ ابومحمد دہان [ابومحمد دہان] (لغوی۔ صدی پنجم) خطیب تبریزی کا استاد۔ رُمّانی کا شاگرد

۱۰۱۷۔ ابومحمد بن عطار [ابومحمد بن عطار] (نحوی۔ صدی چہارم) حسن بن عرفہ کا شاگرد۔ دارقطنی کا اُستاد

۱۰۱۸۔ ابومحمد قاری [جعفر بن احمد بن حسین بغدادی] (محدث۔ ۵۲۱) ولادت ۴۱۷ھ۔ مصارع العشاق

۱۰۱۹۔ ابومحمد قمّی [جعفر بن حسین بن علی بن شہریار (ابومحمد مومن قمّی) کوفی] (محدث۔ ۳۴۰ کوفہ) ابن بابویہ نے انسے روایت کی۔ کتاب النوادر

۱۰۲۰۔ ابومحمد لکّی [عبد الجلیل بن محمد بن عبد الجلیل انصاری قرطبی] (ماہر عربیت۔ حدود ۶۰۰) شاگرد سہیلی۔ ابن بشکوال اور ابن فخار سے روایت کرتا ہے

۱۰۲۱۔ ابومحمد مزیدی [عبداللہ بن فضر بن عبدالعزیز] (ادیب۔ ۵۴۲) ولادت ۴۸۲

۱۰۲۲ ابومحمد مقری [عبدالسد بن علی بن احمد] (نحوی۔ ۵۴۱)

۱۰۲۳۔ ابومحمد مکّی [اسماعیل بن محمد بن اسماعیل مخزومی قمّی مکّی] (محدث۔ فقیہ۔ ۔ ۔) کتاب التوحید۔ کتاب المعرفۃ۔ کتاب الصلوٰۃ۔ کتاب الامامۃ وغیرہ۔

۱۰۲۴۔ ابومحمد مکّی [مکّی بن ابیطالب بن محمد بن مختار مقری مالکی قیروانی] (نحوی۔ مفسر۔ ۴۳۷ قرطبہ) ہدایہ فی معانی القرآن والتفسیر۔ المنتقی اخبار میں۔ تبصرہ قرأت میں۔ ولادت ۳۵۵ قیروان۔ سکونت قرطبہ۔

۱۰۲۵۔ ابومحمد موصلی [اسحاق بن ابراہیم موصلی] (ادیب۔ مغنی۔ ۲۳۵) اصمعی و ابوعبیدہ وغیرہ کا شاگرد

۱۰۲۶۔ ابومحمد واسطی [قاسم بن قاسم بن عمر واسطی] (نحوی۔ لغوی۔ شاعر عرب۔ ۶۲۶ حلب) ولادت ۵۵۰۔ شرح لمع ابن جنّی۔ شرح تصریف ملوکی

۱۰۲۷۔ ابومحمد ہروی [سوید بن سعید ہروی] (محدث۔ ۲۴۰)

۱۰۲۸۔ ابومحذورہ [سمرہ بن معبرہ] (صحابی۔ ۵۹) مکہ میں رسول اللہ کے موذن

۱۰۲۹۔ ابومخنف [لوط بن یحییٰ بن مخنف بن سلیمان ازدی] (مورخ۔ ۱۵۷) کتاب الردہ۔ فتوح الشام۔ فتوح العراق۔ کتاب الجمل۔ کتاب الصفین۔ کتاب نہروان۔ کتاب الغارات۔ مقتل علی۔ مقتل عثمان۔ مقتل حسین۔ مختار بن عبید۔ کتاب الشوریٰ۔ وقعۃ الحرّہ۔ ابومخنف کا دادا مخنف جناب علی کے اصحاب سے تھا

۱۰۳۰۔ ابومدین [ابومدین اشعری تلمسانی] (متکلم۔ ۔ ۔) انس الوحید و نزہۃ المرید توحید میں۔

۱۰۳۱۔ ابومرثد [ابومرثد بن کنانہ بن حصین غنوی] (صحابی۔ ۱۲)

۱۰۳۲۔ ابومروان [عبدالملک بن حبیب بن سلیمان مالکی قرطبی] (نحوی۔ ۲۳۹)

۱۰۳۳۔ ابومسعود [عقبہ بن عمرو بن ثعلب انصاری کوفی] (صحابی۔ ۴۱ کوفہ)

۱۰۳۴۔ ابومسلم خراسانی [عبدالرحمان بن مسلم] (مدبر۔ ۱۳۷) ابراہیم بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس کی طرف سے خراسان میں داعی تھا۔ عباسی خلافت کا بانی۔ ولادت ۱۰۰

۱۰۳۵۔ ابومسلم خولانی [عبداللہ بن ثوب یمنی] (تابعی۔ محدث۔ ۶۲) آنحضرتؐ کے عہد میں مسلمان ہوا۔ ابوبکر کے زمانہ میں مدینہ آیا

۱۰۳۶۔ ابومسلم کشی [ابراہیم بن عبداللہ بصری] (محدث۔ ۲۹۲) السنن

۱۰۳۷۔ ابومسلم معاذ [ابومسلم معاذ ہرّاء] (نحوی۔ ۱۸۷) محمد بن کعب قرظی کے موالی سے۔ کسائی کا اُستاد۔ ابوجعفر رواسی کا چچا

۱۰۳۸۔ ابومصعب [احمد بن ابی بکر قاسم زہری عوفی مدنی] (محدث۔ ۲۴۱) قاضی مدینہ۔ عمر ۹۲

۱۰۳۹۔ ابو المظفر خوافی [احمد بن محمد بن مظفر طوسی شافعی] (فقیہ۔ ۵۰۰ طوس) امام الحرمین کا شاگرد

۱۰۴۰۔ ابو المظفر شبیب [قاضی شبیب بن حسین بن عبید اللہ بروجردی] (فقیہ۔ ادیب۔ شاعر۔ ۵۳۴) ولادت ۴۵۱

۱۰۴۱۔ ابو معاذ [مسلم بن مسلم] (شاعر عرب۔ نحوی۔ ۱۸۷)

۱۰۴۲۔ ابو المعالی جوینی [امام الحرمین ضیاء الدین عبد الملک بن ابو محمد عبد اللہ شافعی جوینی] (فقیہ۔ ۴۷۸ نیشاپور) نہایۃ المطلب۔ شامل اصول دین۔ برہان اصول فقہ۔ غیاث الامم امتین غنیۃ المسترشدین۔

۱۰۴۳۔ ابو المعالی ہندی [شاہ ابو المعالی ہندی انبیٹھوی] (صوفی۔ ۱۱۱۶ انبیٹھہ)

۱۰۴۴۔ ابو معشر بلخی [جعفر بن محمد بن عمر بلخی] (منجم۔ ۲۷۲) اپنے فن کا امام زمانہ

۱۰۴۵۔ ابو معشر مدنی [ابو معشر سندی مدنی] (محدث۔ فقیہ۔ ۱۷۰) المغازی

۱۰۴۶۔ ابو معمر [عبد اللہ بن عمر بن حجاج بصری] (محدث۔ ۲۲۴)

۱۰۴۷۔ ابو المکارم حلبی [دیکھو ابن زہرہ (حمزہ بن علی بن زہرہ)] (فقیہ۔ ۵۸۵)

۱۰۴۸۔ ابو المکارم تنوخی [تاج الدین محمد بن عبد المنعم بن نصر اللہ مصری دمشقی حنفی] (ادیب۔ شاعر عرب۔ ۶۶۹) محدث و ادیب نصر اللہ کا بھائی تھا

۱۰۴۹۔ ابو ملیکہ [ابو ملیکہ حطیئہ جرول بن اوس بن مالک] (شاعر عرب۔ ۵۹) رسول اللہ کے انتقال کے بعد مسلمان ہوا

۱۰۵۰۔ ابو المنا [داؤد بن ابی نصر عطار اسرائیلی] (طبیب۔ صدی ہفتم) منہاج الدکان و دستور الاعیان جو ۶۵۸ھ میں لکھی (نیز تابعی محدث زہیر بن عبد اللہ بن ابی خلف کی اور صحابی زہیر بن عبد اللہ بن جدعان تیمی کی کنیت ہے)

۱۰۵۱۔ ابو المنذر [ہشام بن عروہ بن زبیر بن العوام مدنی] (تابعی۔ محدث۔ ۱۴۶ بغداد)

۱۰۵۲۔ ابو المنصور ازہری [محمد بن احمد بن ازہر ہروی شافعی] (لغوی۔ ۳۷۰ ہرات) ابو عبید ہروی کا مصاحب و استاد۔ منذری کا شاگرد۔ ولادت ۲۸۲ تہذیب اللغۃ

۱۰۵۳۔ ابو المنصور مروزی [ابو المنصور اردشیر] (واعظ۔ ۴۷۰) دیکھو قطب عبادی

۱۰۵۴۔ ابو المنصور بغدادی [استاد عبد القاہر بن طاہر بن محمد بغدادی شافعی] (فقیہ۔ ادیب۔ ۴۲۹ اسفرائن) کتاب التکملہ۔ ابو اسحاق اسفرائنی کا شاگرد۔ ۱۷ فن میں درس دیتا تھا۔

۱۰۵۵۔ ابو المنصور ثعالبی [عبد الملک بن محمد بن اسماعیل نیشاپوری] (نحوی۔ لغوی۔ ادیب۔ ۴۳۰) ولادت ۳۵۰۔ یتیمۃ الدہر۔ سحر البلاغہ

۱۰۵۶۔ ابو المنصور جوالیقی [موہوب بن احمد بن محمد بن خضر بغدادی] (لغوی۔ نحوی۔ ادیب۔ ۵۳۹ بغداد) خطیب تبریزی کا شاگرد۔ ادب الکاتب۔ رسالہ عروض۔ تتمہ درۃ الغواص۔ المعرب۔ ولادت ۴۶۶۔

۱۰۵۷۔ ابو المنصور خوافی [عبد اللہ بن سعد بن مہدی خوافی بغدادی] (ادیب۔ شاعر عرب۔ عروضی۔ حاسب۔ ...) ابو یحییٰ خالد بن حسین ادیب ابہری کا شاگرد۔

۱۰۵۸۔ ابو المنصور ہروی [محمد بن محمد بن محمد شافعی طوسی بغدادی] (متکلم۔ فقیہ۔ واعظ۔ ۵۶۷ بغداد) مقترح فی المصطلح

۱۰۵۹۔ ابو موسیٰ اشعری [عبد اللہ بن قیس اشعری] (صحابی۔ محدث۔ ۴۲ مکہ) مکہ میں مسلمان ہوئے۔ عثمان کی طرف سے کوفہ کے گورنر۔ علی کی مخالفت جس کی وجہ سے جنگ صفین

۱۰۶۰۔ ابو موسیٰ اصفہانی [محمد بن عمر اصفہانی مدائنی] (محدث۔ ۵۸۱) کتاب الطوالات۔ کتاب اللطائف۔ احوال التابعین

۱۰۶۱۔ ابو موسیٰ بن حیان [جابر بن حیان بن عبد اللہ] (صوفی۔ طبیب۔ حکیم۔ ۱۶۱) بعض کے نزدیک امام جعفر صادق کے اور بعض کے نزدیک خالد بن یزید بن معاویہ کے شاگرد۔ اسرار الکیمیا۔

۱۰۶۲۔ ابو نزار [ربیعہ بن حسن بن عبد اللہ صنعانی شافعی] (نحوی۔ لغوی۔ ادیب۔ شاعر عرب۔ ۶۰۹)

۱۰۶۳۔ نصر ارغیانی [محمد بن عبد اللہ بن احمد شافعی نیشاپوری] (فقیہ۔ ۵۲۸ نیشاپور) ولادت ۴۵۴۔ امام الحرمین کا شاگرد

۱۰۶۴۔ ابو نصر ازدی [یوسف بن عمر بن محمد بن یوسف ازدی] (نحوی۔ فقیہ۔ ۳۵۶)

۱۰۶۵۔ ابو نصر طوسی [محمد بن محمد بن یوسف طوسی شافعی] (محدث۔ ۳۴۴)

۱۰۶۶۔ ابو نصر عتبی [محمد بن عبد الجبار] (مورخ۔ ادیب۔ ۴۰۹) تاریخ الیمینی

۱۰۶۷۔ ابو نصر قشیری [عبد الرحیم بن ابو القاسم قشیری] (صوفی۔ صدی پنجم) ہر بات میں مثل اپنے والد کے تھے۔

۱۰۶۸۔ ابو نصر مراکشی [فتح ابن خاقان مراکشی] (مورخ۔ ادیب۔ ۵۳۵ مراکش) قلائد العقیان مطمح الانفس

۱۰۶۹۔ ابو نصر مصری [علی المصری] (شاعر عرب۔ ۱۲۹۷) دیوان اشعار

۱۰۷۰۔ ابو نعیم اصفہانی [احمد بن عبد اللہ بن احمد بن مہران اصفہانی] (صوفی۔ محدث۔ ۴۳۰) ولادت ۳۳۶ھ۔ حلیۃ الاولیاء۔ دلائل النبوۃ۔ معرفۃ الصحابہ
فضائل الصحابہ۔ معجم۔ مستخرج۔ ما انزل فی القرآن فی علی۔ تاریخ اصفہان۔

۱۰۷۱۔ ابو نعیم بصری [علی بن حمزہ] (لغوی۔ ۳۷۵)

۱۰۷۲۔ ابو نواس حکمی بغدادی [ابو علی حسن بن ہانی بن عبد الاول اہوازی بصری بغدادی] (لغوی۔ شاعر عرب۔ ۱۹۶ بغداد) ولادت ۱۳۶ بصرہ۔ ہارون رشید
اور امین و مامون کا ندیم۔ دیوان اشعار۔ النوادر۔

۱۰۷۳۔ ابو واقد [حارث بن عوف لیثی] (صحابی۔ محدث۔ ۶۸ مکہ) قدیم الاسلام۔ عمر ۷۵

۱۰۷۴۔ ابو الوفاء [محمد بن محمد بن عباس بوزجانی بغدادی] (ریاضی۔ حاسب۔ ماہر ہیئت۔ ۳۷۶) علم ہندسہ میں جدید اختراعات کئے۔ مجسطی۔
بوزجان مقام ہے ہرات و نیشاپور کے درمیان۔

۱۰۷۵۔ ابو الوقت سجزی [عبد الاول عیسےٰ بن شعیب حنبلی سجستانی بغدادی] (محدث۔ ۵۵۳ بغداد) ولادت ۴۵۸ ہرات۔

۱۰۷۶۔ ابو الولید اندلسی [سلیمان بن خلف بن سعد تجیبی باجی مالکی] (فقیہ۔ محدث۔ ۴۷۴) سکونت بطلیوس۔ مریہ۔ مکہ۔ بغداد۔ ابن عبد البر کا استاد۔

۱۰۷۷۔ ابو الولید حموی [سری الدین اسماعیل بن محمد بن محمد غرناطی حموی مالکی] (فقیہ۔ ۷۷۱)

۱۰۷۸۔ ابو الولید شاطبی [فخر الدین محمد بن سعید بن ہشام شاطبی مالکی حنفی شامی] (ادیب۔ شاعر عرب۔ ۶۷۵) ولادت ۶۱۵ شاطبہ

۱۰۷۹۔ ابو ہاشم [عبد السلام بن ابو علی محمد الجبّائی بن عبد الوہاب معتزلی بغدادی] (متکلم۔ ۳۲۱ بغداد) ولادت ۲۴۷ عالم ابن عالم کے نام سے مشہور ہے۔

۱۰۸۰۔ ابو الہذیل علاف [محمد بن ہذیل بن عبد اللہ معتزلی بصری] (فقیہ۔ متکلم۔ ۲۳۵ یا ۲۲۷ سامرہ) ولادت ۱۳۱ یا ۱۳۵

۱۰۸۱۔ ابو ہریرہ [عبد الرحمان بن صخر دوسی] (صحابی۔ محدث۔ ۵۷ مدینہ) ۷ھ میں مسلمان ہوئے۔ عمر ۷۸

۱۰۸۲۔ ابو یفان [عبد اللہ بن احمد بن حرب مہزمی۔ شاعر عرب۔ صدی سوم] اصمعی کا شاگرد۔ بحتری کا استاد

۱۰۸۳۔ ابو ہلال عسکری [حسن بن عبد اللہ بن سہل بن سعید عسکری] (ادیب۔ ۳۹۵) ابو احمد عسکری کا شاگرد۔ کتاب الاوائل جو ۳۹۵ھ میں لکھی

۱۰۸۴۔ ابو الہیثم انصاری [ابو الہیثم بن التیہان انصاری] (صحابی۔ ۲۰ مدینہ) بعض کہتے ہیں کہ ۳۷ھ میں جنگ صفین میں شہید ہوئے۔ ۱۲ فقیہوں میں سے تھے۔

۱۰۸۵۔ ابو الہیثم بغدادی [خالد بن یزید بغدادی] (کاتب۔ شاعر عرب۔ حدود ۲۷۰)

۱۰۸۶۔ ابو الہیثم رازی [ابو الہیثم رازی] (نحوی۔ ۲۲۶)

۱۰۸۷۔ ابو یحییٰ اشجعی [معن بن عیسےٰ مدنی] (محدث۔ ۱۹۸)

۱۰۸۸۔ ابو یحییٰ انصاری [زکریا بن احمد بن محمد لحیانی ہنتاتی تونسی] (فقیہ۔ ادیب۔ ۷۲۷) والی تونس

۱۰۸۹۔ ابو یحییٰ جرجانی [احمد بن داؤد بن سعید فزاری] (محدث۔ متکلم۔ ۔۔) کتاب خلافت عمر۔ تزیید الحشویہ۔ محنۃ النابتہ۔ مفاخرۃ البکریہ والعمریہ۔ مناظرۃ
الشیعی والمرجی فی مسح علے الخفین۔ کتاب الغوغا۔ کتاب المتعہ۔ طلاق الرجعہ۔ فضائح الحشویہ۔ کتاب التفویض۔ کتاب الاوائل۔ الرد علے الحنبلی۔ الرد علی التشجر

۱۰۹۰۔ ابو یحییٰ رازی [عبد الرحمان بن محمد بن مسلم] (محدث۔ ۲۹۱) تفسیر۔ مسند

۱۰۹۱۔ ابو یحییٰ بن سنجر [ابو یحییٰ بن سنجر] (شاعر عرب۔ ۶۳۲) دیوان اشعار

۱۰۹۲۔ ابویعقوب بن حاتم [محمد بن احمد بن علی] (نحوی۔ ۳۴۴)

۱۰۹۳۔ ابویعلی بغدادی [محمد بن حسن بن حمزہ جعفری] (فقیہ۔ متکلم۔ ۴۶۳) خلیفہ شیخ مفید

۱۰۹۴۔ ابویعلی رازی [معلی بن منصور رازی بغدادی] (محدث۔ ۲۱۱)

۱۰۹۵۔ ابویعلی قزوینی [خلیل بن عبداللہ بن احمد حنبلی] (محدث۔ ۴۴۶) ارشاد فی معرفۃ المحدثین

۱۰۹۶۔ ابویعلی موصلی [احمد بن علی بن مثنی تمیمی موصلی] (محدث۔ ۳۰۷) ولادت ۲۲۰ مسند۔ معجم

۱۰۹۷۔ ابویعلی ہروی [ابویعلی محمد بن مسعود مالینی ہروی] (نحوی۔ لغوی۔ صدی ہفتم) شاگرد فخر رازی

۱۰۹۸۔ ابویوسف کوفی [امام یعقوب بن ابراہیم انصاری حنفی کوفی] (فقیہ۔ ۱۸۲ بغداد) ولادت ۱۱۳۔ ابوحنیفہ کا شاگرد۔ قاضی القضاۃ بغداد کتاب الخراج

۱۰۹۹۔ ابوالیمن کندی [تاج الدین زید بن حسن بن زید حنبلی حنفی دمشقی بغدادی] (نحوی۔ لغوی۔ ۶۱۳)

۱۱۰۰۔ ابی بن کعب [ابی بن کعب بن قیس انصاری خزرجی] (صحابی۔ ۱۹ مدینہ) کاتب الوحی۔ حافظ قرآن بعہد رسول

۱۱۰۱۔ ابیوردی [ابوالمظفر محمد بن احمد بن محمد حربی اموی] (شاعر عرب۔ نسابہ۔ لغوی۔ ۵۰۷ اصفہان)

۱۱۰۲۔ اتلیدی [محمد دیاب اتلیدی] (مورخ۔ صدی دوازدہم) اعلام الناس بما وقع للبرامکۃ مع بنی عباس جو ۱۱۰۰ھ میں لکھی۔

۱۱۰۳۔ اثرم [ابوالحسن علی بن مغیرہ] (لغوی۔ نحوی۔ ۲۳۲) ابوعبیدہ اور اصمعی کا شاگرد۔ ثعلب کا استاد

۱۱۰۴۔ اثیر [اثیر الدین اخسیکتی] (شاعر فارسی۔ ۶۰۸) مداح قزل ارسلان [نیز علامہ اثیر الدین ابہری صاحب کتاب زبدۃ الدرایۃ کتاب تہذیب النکت]

۱۱۰۵۔ احسان [حافظ عبدالرحمان خاں دہلوی] (شاعر اردو۔ ۱۲۶۸)

۱۱۰۶۔ احسان علی [احسان علی بن شیر علی احمد آبادی] (طبیب۔ ۱۲۹۴ باندہ) طب احسانی۔ معالجات احسانی۔ مفردات احسانی۔ مرکبات احسانی

۱۱۰۷۔ احسن [محمد احسن اللہ دہلوی] (شاعر اردو۔ صدی دوازدہم) معاصر آبرو

۱۱۰۸۔ احمد [ابوالعباس احمد بن علی بن احمد] (محدث۔ ۴۵۰) ولادت ۳۹۲

۱۱۰۹۔ احمد [احمد بن محمد بن علی] (فقیہ۔ صدی یازدہم) معاصر امام الحدیث

۱۱۱۰۔ احمد [ابوعبداللہ احمد بن محمد بن عبیداللہ بن حسن جوہری بغدادی] (محدث۔ ۴۰۱) مقتضب الاثر فی عدد الائمۃ اثنا عشر۔ الاشتمال علی معرفۃ الرجال۔
ما نزل فی القرآن فی صاحب الامر۔ اخبار جابر جعفی

۱۱۱۱۔ احمد [سید نظام الدین احمد بن ابراہیم بن احمد حسینی] (فقیہ۔ حکیم۔ متکلم۔ ۱۰۱۵) سلطان الحکماء و سید العلماء۔ اثبات الواجب

۱۱۱۲۔ احمد بن ابراہیم [ابوالحسین احمد بن ابراہیم سیاری شیعی] (متکلم۔ تیسری صدی) ابوعمر زاہد صاحب ثعلب نحوی کا ماموں

۱۱۱۳۔ احمد احسائی [شیخ احمد بن زین العابدین بن صقر بن ابراہیم احسائی] (محدث۔ حکیم۔ فلسفی۔ متکلم۔ شاعر۔ ۱۲۴۳ مدینہ) عمر ۹۰۔ شرح زیارت جامعہ کبیرہ۔
کتاب الفوائد مع شرح حکمۃ و کلام میں۔ احکام الکفار۔ اصول دین فارسی۔ حقیقۃ العقل والروح والنفس۔ شرح تبصرۃ المتعلمین۔ کتاب حیدریہ

۱۱۱۴۔ احمد اردبیلی[۱] [احمد بن محمد اردبیلی (مقدس اردبیلی)] (فقیہ۔ ۹۹۳ نجف) حدیقۃ الشیعہ۔ زبدۃ البیان فی آیات الاحکام۔ مجمع الفائدہ۔ برہان۔ شرح ارشاد

۱۱۱۵۔ احمد اندلسی [احمد بن محمد بن عامر قرشی اندلسی] (نحوی۔ ۶۸۹) سکونت حلب و قاہرہ

۱۱۱۶۔ احمد بحرانی [شیخ احمد بن شیخ محمد بن یوسف خطی بحرانی بغدادی] (فقیہ۔ ۱۱۰۲ کاظمین) ریاض الدلائل و حیاض المسائل۔ رسالۃ المنطق۔ رسالۃ بداء۔
مشکوۃ المضیئہ۔ رموز الخفیہ۔ نیز عینیۃ صلوۃ الجمعہ۔

۱۱۱۷۔ احمد بدوی [شہاب الدین احمد بدوی] (صوفی۔ ۶۷۵ مدینہ)

۱۱۱۸۔ احمد تتوی [احمد بن قاضی نصراللہ دیبلی تتوی سندھی] (مورخ۔ صدی یازدہم) معاصر جلال الدین اکبر شاہ۔ تاریخ الفی۔ انکے والد حنفی تتہ کے قاضی تھے۔

۱۱۱۹۔ احمد تھانیسری [شیخ احمد تھانیسری] (صوفی۔ ۸۲۰ کالپی)

[۱] صاحب معالم و صاحب مدارک کے استاد۔

۱۱۲۰- احمد جام [شیخ احمد جام (زندہ پیل)] (صوفی - ۵۳۶ جام) ولادت ۴۴۱

۱۱۲۱- احمد جزائری [شیخ احمد بن اسماعیل جزائری نجفی] (فاضل محقق - مدقق - ۱۱۵۰ نجف) آیات الاحکام - رسالہ فی ارتداد - اقامۃ المسافر فی البلدان۔

۱۱۲۲- احمد بن حنبل [ابو عبد اللہ احمد بن حنبل بن ہلال شیبانی مروزی بغدادی] (محدث - ۲۴۱ بغداد) ولادت ۱۶۴ بغداد - یزید بن ہارون اور یحییٰ بن سعید کے شاگرد - مسند - کتاب المناقب

۱۱۲۳- احمد بن خالد [احمد بن خالد بغدادی نیشاپوری] (لغوی - ادیب - تیسری صدی) معاصر ابو عمرو شیبانی و ابن الاعرابی

۱۱۲۴- احمد خاں (سید) [سید احمد خاں دہلوی علیگڑھی] (بانی مذہب نیچریہ - ۱۳۱۴) تفسیر احمدی۔ ولادت ۱۲۳۱۔

۱۱۲۵- احمد خضرویہ [احمد خضرویہ] (صوفی - ۲۴۰ بلخ) حاتم اصم کے مرید

۱۱۲۶- احمد دیوبندی [شیخ احمد بن وحید الدین عثمانی دیوبندی] (متکلم - حدود ۱۳۱۶) انوار الہدیٰ - تاریخ الانبیاء - شمس الضحیٰ - اعلان الہدیٰ۔

۱۱۲۷- احمد رضا خاں [احمد رضا خاں بریلوی حنفی] (فقیہ - حی) ولادت ۱۲۷۲

۱۱۲۸- احمد رفاعی [سید احمد رفاعی] (صوفی - ۵۷۸)

۱۱۲۹- احمد سرہندی [شیخ احمد بن عبد الاحد فاروقی سرہندی (مجدد الف ثانی)] (صوفی - ۱۰۳۴) مکتوبات - مکاشفات غیبیہ - اثبات نبوت - رسالہ رد شیعہ

۱۱۳۰- احمد سعید [احمد سعید دہلوی] (صوفی - ۱۲۷۷ مکہ)

۱۱۳۱- احمد صیرانی [احمد بن علی بن عباس بن نوح صیرانی نزیل بصرہ] (محدث - فقیہ - صدی پنجم) کتاب المصابیح - کتاب القاضی بین الحدیثین المختلفین - اخبار وکلاء الاربعہ - اُستاد نجاشی

۱۱۳۲- احمد عاملی[1] [سید نظام الدین احمد بن زین العابدین عاملی] (فقیہ - صدی یازدہم) معارف الٰہیہ - کشف الحقائق - مفتاح الشفاء - عروۃ الوثقیٰ - نفحات۔

۱۱۳۳- احمد عاملی [احمد بن عبد اللہ اسماعیلی (ابن الجلدی)] (متکلم - - -) ۵۳ رسالہ - اخوان الصفا

۱۱۳۴- احمد عاملی [شیخ احمد بن حسین بن محمد بن احمد بن سلیمان عاملی] (محدث - ۱۰۷۹ مکہ) شاگرد نور الدین عاملی

۱۱۳۵- احمد عاملی [شیخ احمد بن حسن بن علی الحر عاملی] (فقیہ - - -) برادر صاحب وسائل - تفسیر القرآن - تاریخ کبیر - تاریخ صغیر

۱۱۳۶- احمد عرب [شیخ احمد عرب بن محمد یمنی شروانی] (ادیب شاعر عرب - ۱۲۵۶) نفحۃ الیمن - انشاء عجب العجاب - مناقب نصیر الدین حیدر شاہ لکھنو

۱۱۳۷- احمد بن عصفور [احمد بن ابراہیم بن احمد بن صالح بن احمد بن عصفور قطیفی بحرانی] (فقیہ - ۱۱۳۱) تصانیف مختلفہ - مقتل حسین۔

۱۱۳۸- احمد علی [احمد علی سندیلوی] (عالم - ۱۱۹۴)

۱۱۳۹/۱- احمد سلطان [احمد سلطان بن مرزا مظفر بخت بن مرزا محمد شاہرخ بن ابو ظفر بہادر شاہ بادشاہ دہلی (مصطفوی چشتی)] (متکلم - حی) تنزیہ الانساب - الامامۃ - عولیفہ خاور - مقاصد حیرت - تکریر الحمزہ وغیرہ۔

۱۱۳۹- احمد علی [احمد علی سہارنپوری] (محدث - ۱۲۹۷) دہلی میں ان کا مطبع احمدی تھا - دلیل القویٰ - حواشی مختلفہ

۱۱۴۰- احمد غزالی [ابو الفرج یا ابو الفتوح احمد بن محمد بن محمد بن احمد طوسی غزالی] (صوفی - ۵۱۷) دیکھو ابو الفتوح غزالی

۱۱۴۱- احمد بن فارس [ابو الحسین احمد بن فارس بن زکریا ہمدانی رازی شافعی مالکی] (لغوی - ادیب - ۳۹۰) کتاب المحاسن والکسب - مجمل اللغۃ - الصاحبی - کتاب السیرۃ - حلیۃ الفقہاء - اُستاد بدیع ہمدانی (دیکھو ابن فارس)

۱۱۴۲- احمد فارس شدیاق [احمد فارس الشدیاق] (ادیب - لغوی - نحوی - ۱۳۰۵ قسطنطنیہ) سر الیال فی القلب والابدال - غنیۃ الطالب ومنیۃ الراغب - الجاسوس علی القاموس - اخبار الجوائب کا اڈیٹر۔

۱۱۴۳- احمد قزوینی [قاضی احمد غفاری قزوینی] (مورخ - صدی دہم) تاریخ نگارستان جو ۹۷۵ھ میں لکھی۔

۱۱۴۴- احمد قمی [احمد بن محمد بن حسین قمی] (محدث فقیہ - ۳۵۰) کتاب الحدائق توحید میں - کتاب الایضاح - کتاب السنن - کتاب العلل - کتاب الطبقات - کتاب الدلائل

[1] شاگرد شیخ بہائی۔

کتاب الخصائص۔ کتاب البشارات۔ کتاب المناقب۔ کتاب التفسیر۔ ۱۰۰ کتابیں تصنیف کیں۔

۱۱۴۵۔ احمد کوفی [احمد بن حسن بن علی بن فضال بن عمر کوفی] (محدث۔ ۲۶۰) کتاب الوضوء۔ کتاب الصلوٰۃ۔

۱۱۴۶۔ احمد کہتو [شیخ احمد کہتو] (صوفی۔ ۸۴۹ سرکھیج (احمد آباد) باباسحاق مغربی کے مرید۔ عمر ۱۱۱ سال

۱۱۴۷۔ احمد گیسو دراز [سید احمد گیسو دراز] (صوفی۔ ۸۵۰ کالپی) سید محمد کالپوی کے بیٹے

۱۱۴۸۔ احمد لکھنوی [سید احمد بن سید ابراہیم لکھنوی حائری] (فقیہ۔ متکلم۔ حی)

۱۱۴۹۔ احمد مہابادی [احمد بن علی مہابادی] (فاضل متبحر۔ ۔) افضل مہابادی کے نانا۔ شرح اللمع۔ کتاب البیان نحو میں۔

۱۱۵۰۔ احمد نجاشی [احمد بن عباس نجاشی اسدی] (رجالی۔ ۴۵۰) کتاب الجمعہ۔ کتاب الکوفہ۔ کتاب الرجال۔ شاگرد مفید

۱۱۵۱۔ احمد نراقی [شیخ احمد بن مہدی بن ابی ذر نراقی کاشانی] (فقیہ۔ ادیب۔ شاعر۔ ۱۲۴۴ نجف) شرح تجرید الاصول معراج السعادہ شرح جامع السعادات[ملہ]

۱۱۵۲۔ احمد نیشاپوری [ابوبکر احمد بن حسن بن احمد خزاعی نیشاپوری نزیل رے] (فقیہ۔ محدث۔ صدی پنجم) شاگرد سید مرتضٰی و ابوجعفر طوسی۔ امالی ۴ جلد عیون الاحادیث۔ روضہ فقہ میں۔ سنن۔ مفتاح الاصول

۱۱۵۳۔ احمد نیشاپوری [مولانا سید احمد نیشاپوری اسماعیلی] (متکلم۔ ۔) اثبات الامامۃ

۱۱۵۴۔ احمد نیشاپوری [احمد بن حسین بن احمد بن عبید ضبی نیشاپوری ناصبی] (فقیہ۔ تیسری صدی) شیخ صدوق سے پہلے تھا آل پر درود بھیجنے سے منع کرتا تھا۔

۱۱۵۵۔ احمر البصری [ابو محرز خلف بن حیان بلالی بصری] (شاعر۔ لغوی۔ ۱۸۰)

۱۱۵۶۔ احنف بن قیس [احنف بن قیس بن معاویہ بن حصین سعدی تمیمی] (صحابی۔ کوفہ) حکومت مصعب بن زبیر میں انتقال ہوا۔

۱۱۵۷۔ اختر [قاضی محمد صادق خاں] (شاعر اردو۔ صدی سیزدہم) تیرھویں صدی ہجری کے آخر میں فوت ہوا

۱۱۵۸۔ اختیار الدین [اختیار الدین بن غیاث الدین حسینی] (لغوی۔ صدی نہم) اساس الاقتباس جو ۸۹۷ھ میں لکھی

۱۱۵۹۔ اخضری [عبد الرحمان بن سید محمد صغیر اخضری مالکی] (ادیب۔ منطقی۔ صدی دہم) دسویں صدی میں ہوا ہے سلم المرونق جواہر المکنون معانی میں

۱۱۶۰۔ اخطب خوارزم [ابو المؤید موفق بن احمد خوارزمی (صدر الائمہ)] (محدث۔ ۵۶۸ مکہ) المناقب

۱۱۶۱۔ اخطل [اخطل نصرانی] (شاعر عرب۔ اول صدی) اشعر العرب۔ عبد الملک بن مروان کے مخصوصین سے۔ دیوان اشعار

۱۱۶۲۔ اخفش اول [ابو عبد اللہ احمد بن عمران بن سلامہ] (نحوی۔ لغوی۔ ۲۴۸)

۱۱۶۳۔ اخفش اکبر [ابو الخطاب عبد الحمید بن عبد المجید ہجری] (نحوی۔ دوسری صدی) ابو عبیدہ اور سیبویہ کا استاد۔ شاگرد ابو عمرو علاء،

۱۱۶۴۔ اخفش اوسط [ابو الحسن سعید بن مسعدہ بلخی] (نحوی۔ ۲۱۳ یا ۲۱۵) کتاب الاوسط نحو میں۔ کتاب العروض تفسیر معانی القرآن۔ کتاب القوافی میں کوئی نظیر

۱۱۶۵۔ اخفش اصغر [ابو الحسن علی بن سلیمان بن فضل] (نحوی۔ ۳۱۵ بغداد) مبرد و ثعلب سے روایت کرتا ہے

۱۱۶۶۔ اخوند شاہ [میر آخوند محمد بن خاوند شاہ بن محمود ہروی] (مورخ۔ ۹۰۳) روضۃ الصفا

۱۱۶۷۔ اخوند قرباجی [یوسف قرباجی] (فقیہ۔ ۱۰۳۱) حاشیہ عقاید عضدیہ

۱۱۶۸۔ اخوند مجلسی [محمد تقی بن مقصود علی مجلسی اصفہانی] (فقیہ۔ ۱۰۷۰) روضۃ المتقین۔ شرح من لا یحضرہ الفقیہ۔ لوامع صاحبقرانی۔ شرح صحیفۂ کاملہ۔ حدیقۃ المتقین۔ تفسیر قرآن فارسی۔ رسالہ در وجوب نماز جمعہ

۱۱۶۹۔ اخی چلپی [یوسف بن جنید قسطنطنیوی] (فقیہ۔ ۹۰۵) ذخیرۃ العقبیٰ شرح حاشیہ شرح وقایہ

۱۱۷۰۔ ادریسی [ابو عبد اللہ بن محمد عبد العزیز الشریف الادریسی صقلی] (جغرافی۔ صدی ششم) ۵۴۹ھ میں نزہۃ المشتاق فی اختراق الآفاق لکھی ولادت ۴۹۴ اندلس۔ شمالی افریقہ اور ایشیا کوچک کی سیاحت کی۔

۱۱۷۱۔ اڈھن [شیخ زین العابدین دہلوی] (صوفی۔ ۹۳۴ دہلی)

[ملہ] نیز منہاج الوصول الی علم الاصول۔ اساس الاحکام کشکول یا خزائن۔ وسیلۃ النجات۔ دیوان اشعار۔

۱۱۷۲۔ اربلی [ابوالحسن علی بن عیسٰے بن فرج بغدادی] (نحوی۔ ۴۲۰ھ بغداد) ولادت ۳۲۸۔ سیرافی اور ابوعلی کا شاگرد۔ شرح ایضاح۔ شرح مختصر الجرمی

۱۱۷۳۔ ارزانی [محمد اکبر قادری دہلوی] (طبیب۔ بارھویں صدی) طب اکبر جو ۱۱۰۸ھ میں لکھی۔ میزان الطب۔ مفرح القلوب۔ قرابادین قادری

۱۱۷۴۔ ارزقی [حکیم ابوبکر ارزقی مروزی نیشاپوری] (شاعر فارسی۔ صدی پنجم) معاصر طغرل بیگ سلجوقی و طغان شاہ والی نیشاپور

۱۱۷۵۔ ارشد [عبدالغنی شاہزادہ دہلوی] (شاعر اردو۔ ۱۳۲۴) مناقب مشکل کشا

۱۱۷۶۔ ارغیانی [ابوالفتح سہل بن احمد بن علی ارغیانی شافعی] (فقیہ۔ ۴۹۹) قاضی حسین مروروزی کا شاگرد۔ فتاوی (ارغیان نیشاپور میں)

۱۱۷۷۔ ارقم [ارقم بن ابی ارقم عبد مناف بن اسد مخزومی] (صحابی۔ ۵۵ مدینہ) قدیم الاسلام۔ عمر ۸۰ سے اوپر۔ ابوارقم کا ۱۱۳ھ میں انتقال ہوا۔

۱۱۷۸۔ ارموی[۱] [ابوالفضل محمد بن عمر بن یوسف ارموی بغدادی] (فقیہ۔ محدث۔ ۵۴۷۔ شاگرد ابواسحاق شیرازی و خطیب بغداد [نیز حکیم محمود بن ابی بکر ارموی صاحب مطالع منطق میں]

۱۱۷۹۔ ازہری[۲] [ابومنصور محمد بن احمد بن ازہر ہروی شافعی] (فقیہ۔ لغوی۔ ۳۷۰ ہرات) ولادت ۲۸۲۔ تہذیب اللغۃ۔ کتاب التفسیر

۱۱۸۰۔ ازہری [خالد بن عبداللہ ازہری جرجاوی] (نحوی۔ ۹۰۵ قاہرہ) التصریح بمضمون التوضیح۔ تمرین الطلاب۔ موصل الطلاب۔ ازہریہ

۱۱۸۱۔ اُسامہ [اُسامہ بن زید بن حارثہ قضاعی] (صحابی۔ ۵۴ مدینہ) ام ایمن برکہ کے شکم سے جو عبداللہ پدر رسول کی کنیز تھی

۱۱۸۲۔ اُسامہ [اُسامہ بن منقذ شامی] (مورخ۔ ۵۸۴ شیزر) شام کا ایک امیر تھا۔ اپنی سوانح عمری الاعتبار لکھی۔

۱۵۹۹۔ حاجی خلیفہ [مصطفیٰ بن عبد اللہ کاتب چلبی] (مورخ۔ ۱۰۶۷ قسطنطنیہ) کشف الظنون عن اسامی الکتب و الفنون۔ تقویم التواریخ

۱۶۰۰۔ حارث [حارث بن اسامہ] (محدث۔ ۲۸۲) مسند۔ عمر ۹۷

۱۶۰۱۔ حارث بن عبداللہ [حارث بن عبداللہ اعور ہمدانی کوفی (حارث ہمدانی)] (تابعی - ۶۵) یکے از اصحاب علیؑ

۱۶۰۲۔ حارث بن ہشام [حارث بن ہشام بن مغیرہ مخزومی] (صحابی - ۱۵) ابوجہل کا بھائی۔ اسلام یوم فتح مکہ۔ مقتول یوم یرموک

۱۶۰۳۔ حارثہ بن سراقہ [حارثہ بن سراقہ انصاری نجاری] (صحابی - ۲) جنگ بدر میں شہید ہوئے۔ انس بن مالک کی پھپی کے بیٹے

۱۶۰۴۔ حارثی [محمد بن علی بن عطیہ مکی] (صوفی، واعظ - ۳۸۶ بغداد) قوت القلوب

۱۶۰۵۔ حازم [شیخ ابوالحسن حسنی الدین حازم بن محمد بن حسن قرطاجنی قرطبی] (ادیب و بلیغ - ۶۸۴) سراج البلغاء بلاغت میں۔ قصیدہ نحو میں۔ ابوحیان نے اس سے روایت کی۔ ولادت ۶۰۸

۱۶۰۶۔ حازمی [زین الدین ابوبکر محمد بن موسے بن عثمان بن حازم ہمدانی] (محدث ۵۸۴ بغداد) ولادت ۵۴۸ ہمدان) ابن فضلان و ابن شہرویہ کا شاگرد۔ سلسلۃ الذہب۔ الناسخ والمنسوخ

۱۶۰۷۔ حاطب [حاطب بن ابی بلتعہ لخمی] (صحابی - ۳۰ مدینہ) عمر ۶۵

۱۶۰۸۔ حافظ ابرو [ملا نور الدین لطف اللہ ہروی] (مورخ - ۸۳۴) زبدۃ التواریخ جو بایسنقر مرزا کے لئے لکھی ۸۲۹ھ تک کے حالات درج کئے۔

۱۶۰۹۔ حافظ [خواجہ شمس الدین محمد شیرازی] (صوفی، شاعر فارسی - ۷۹۱) دیوان لسان الغیب

۱۶۱۰۔ حافی راسہ [تقی الدین محمد بن عبداللہ بن عبدالعزیز تلسانی نوری] (امام عربیت - ۶۸۰) ولادت ۶۰۷

۱۶۱۱۔ حاکم کبیر [ابواحمد محمد بن احمد بن اسحاق نیشاپوری] (محدث - ۳۷۸) عمر ۹۳۔ کتاب الکنیٰ

۱۶۱۲۔ حاکم صغیر [ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ بن حمدویہ نیشاپوری شافعی] (محدث - ۴۰۳) مستدرک الصحیح۔ اربعین۔ علل۔ امالی۔ افادۃ الشیوخ۔ کتاب الاکلیل۔ تاریخ نیشاپور۔ معروف بہ ابن البیع۔ ولادت ۳۲۱۔ قاضی نیشاپور۔ استاد دارقطنی۔ شاگرد ابوسہل صعلوکی۔

۱۶۱۳۔ حالی [خواجہ الطاف حسین حالی پانی پتی] (شاعر اردو - ۱۳۳۳ھ جنوری ۱۹۱۵ء) مسدس۔ مناجات بیوہ۔ برکھارت۔ حیات سعدی۔ حیات جاوید[1]

۱۶۱۴۔ حامد حسین [سید حامد حسین بن سید محمد قلی خاں لکھنوی] (فقیہ، متکلم - ۱۳۰۶ لکھنؤ) عبقات الانوار۔ استقصاء الافحام

۱۶۱۵۔ حامض [ابوموسے سلیمان بن محمد بن احمد بغدادی] (نحوی - ۳۰۵ بغداد) شاگرد ثعلب۔ خلق الانسان۔ کتاب الوحوش۔ کتاب النبات۔ المختصر

۱۶۱۶۔ حباب [ابوعمرو حباب بن منذر بن جموح انصاری سلمی بدری] (صحابی - ...) تمام مشاہد میں رسول کے ساتھ رہے۔ عمر کی خلافت میں انتقال کیا۔

۱۶۱۷۔ حبہ عرنی [حبہ بن جوین عرنی یمنی کوفی] (تابعی - ۷۶) یکے از اصحاب علیؑ۔ کنیت ابوقدامہ

۱۶۱۸۔ حبیب [ابویحییٰ حبیب بن ثابت اسدی کوفی] (تابعی، فقیہ - ۱۱۹)

۱۶۱۹۔ حبیب عجمی [حبیب عجمی بصری] (صوفی - ۱۵۶ البصرہ) مرید حسن بصری۔ داؤد طائی اور شقیق بلخی ان کے صحبت یافتہ تھے۔

۱۶۲۰۔ حبیب بن مسلمہ [حبیب بن مسلمہ فہری] (صحابی - ۴۲ شام)

۱۶۲۱۔ حجاج [حجاج بن یوسف بغدادی] (شاعر عرب - ۲۵۹)

۱۶۲۲۔ حجاج [حجاج بن یوسف بن حکم ثقفی] (تابعی - گورنر عراق و خراسان - ۹۵) ولادت ۴۱ھ ظلم میں ضرب المثل ہے

۱۶۲۳۔ حجۃ الدین صقلی [ابوعبداللہ محمد بن ابی محمد ظفر صقلی] (ادیب، مفسر - ۵۶۵ حماۃ) مکہ میں نشوونما پایا۔ سلوان المطاع۔ تفسیر القرآن۔ شرح مقامات حریری۔ نجباء الابناء۔ کتاب الینبوع۔ حاشیہ الخواص

۱۶۲۴۔ حجر بن عدی [حجر بن عدی بن معاویہ کندی کوفی] (صحابی - ۵۱) شام میں بلاکر معاویہ نے بوجہ محبت علی شہید کرادیا

۱۶۲۵۔ حذیفہ [حذیفہ بن الیمان] (صحابی، محدث - ۳۵ مدائن) صاحب سر رسول اللہ۔ قتل عثمان کے چالیس دن بعد انتقال کیا

۱۶۲۶۔ حرانی [امام محمد بن عبدالوہاب بن منصور حرانی حنبلی] (فقیہ - ۶۹۵)

۱۶۲۷۔ حربی [ابواسحاق ابراہیم بن اسحاق بغدادی حنبلی] (محدث، فقیہ - ۲۸۵) ولادت ۱۹۸۔ شاگرد احمد بن حنبل۔ مسانید صحابہ۔

[1] یعنی سوانح عمری سید احمد خاں۔

۱۶۲۸۔ حرشی [ابوالحسن علی بن سراج حرشی بصری] (محدث ۳۰۸)

۱۶۲۹۔ حرّعاملی [شیخ محمد بن حسن بن علی بن محمد الحر العاملی] (محدث۔ فقیہ۔ رجالی۔ بعد ۱۰۹۷۔ مشہد) جواہر السنیہ۔ صحیفۂ ثانیہ۔ وسائل الشیعہ۔ امل الآمل۔ ہدایۃ الامہ۔ اثبات الہداۃ۔ بدایۃ الہدایہ۔ فصول المہمہ۔ فوائد قدسیہ۔ ارجوزہ۔ ولادت ۱۰۳۳

۱۶۳۰۔ حرفوشی [شیخ محمد بن علی بن محمد حرفوشی عاملی اصفہانی] (فقیہ۔ ادیب۔ ۱۰۵۹) لالی سنیہ شرح زبدۃ الاصول۔ شرح صمدیہ۔ طرائف النظام۔ شرح قواعد شہید۔ شرح تہذیب النحو۔

۱۶۳۱۔ حرملہ تجیبی [ابوعبداللہ حرملہ بن یحییٰ بن عبداللہ مصری] (محدث۔ فقیہ۔ ۲۴۳) ولادت ۱۶۶۔ شافعی کا مصاحب۔ المبسوط۔ المختصر

۱۶۳۲۔ حریث [حریث بن زید انصاری خزرجی بدری] (صحابی۔ ۔۔) کہتے ہیں اول اذان کی ترکیب انہوں نے خواب میں دیکھی

۱۶۳۳۔ حریری [ابومحمد قاسم بن علی بن محمد بن عثمان بصری] (شاعر۔ ادیب۔ ۵۱۶ بصرہ) ولادت ۴۴۶۔ مقامات۔ ملحۃ الاعراب۔ درۃ الغواص

۱۶۳۴۔ حزین؎ [شیخ محمد علی بن ابوطالب بن عبداللہ جیلانی اصفہانی بنارسی] (علامہ۔ شاعر فارسی۔ ۱۱۸۰ بنارس) ابطال تناسخ۔ حدوث عالم۔ روائح الجنان۔ معالم الدین۔ انیس الفواد۔ رمح المصقول۔ کشف التلبیس۔ سیف اللہ المسلول۔ صراط السوی۔ جوامع الکلم۔ مواعظ الحکماء

۱۶۳۵۔ حسام الدین [حسام الدین حسین بن علی سغناقی حنفی] (فقیہ۔ نحوی۔ ساتویں صدی) شاگرد عبدالجلیل بن عبدالکریم صاحب ہدایہ۔ النہایہ شرح ہدایہ۔ شرح مفصل۔ ۶۷۶ھ میں حافظ الدین بخاری سے پڑھا۔

۱۶۳۶۔ حسام الدین [حسام الدین بن جمال الدین بن طریح نجفی] (فقیہ۔ شاعر عرب۔ صدی یازدہم) شرح صومیہ بہائی۔ شرح مبادی الوصول علامہ۔ تفسیر۔ شرح

۱۶۳۷۔ حسام الدین؎ [محمد صالح بن احمد مازندرانی] (فقیہ۔ صدی یازدہم) شرح اصول کافی۔ شرح من لا یحضر۔ شرح معالم الاصول۔ شرح زبدۃ الاصول

۱۶۳۸۔ حسام الدین [حسام الدین حسن بن علی بن محمد ابیوردی شافعی نزیل مکہ] (ادیب۔ حکیم۔ آخر صدی ہشتم) شاگرد تفتازانی۔ ربیع الجنان فی المعانی والبیان

۱۶۳۹۔ حسان [ابوالولید حسان بن ثابت بن منذر انصاری خزرجی مدنی] (صحابی۔ شاعر۔ ادیب۔ ۴۰ یا ۵۴) عمر ۱۲۰۔ ۶۰ سال اسلام میں، ۶۰ جاہلیت میں گزرے۔ شاعر رسول اللہ۔

۱۶۴۰۔ حسان بن قیس [ابولیلیٰ نابغۃ الجعدی] (صحابی۔ شاعر۔ ادیب۔ ۷۱)

۱۶۴۱۔ حسن اصفہانی [امیر سید حسن بن امیر سید علی بن امیر محمد باقر حسینی اصفہانی] (واعظ۔ فقیہ۔ آخر تیرھویں صدی اصفہان) جوامع الکلم اصول فقہ میں۔ معاصر محمد باقر صاحب روضات الجنات۔ شاگرد سید شریف۔

۱۶۴۲۔ حسن اہدل [شیخ حسن بن عبدالباری اہدل تہیمی] (محدث۔ صدی سیزدہم)

۱۶۴۳۔ حسن بصری [ابوسعید حسن بن یسار بصری میسانی] (صوفی۔ محدث۔ فقیہ۔ مفسر۔ ۱۱۰) ولادت ۲۱ھ

۱۶۴۴۔ حسن چلپی [حسن چلپی فناری] (عالم۔ فقیہ۔ ۸۸۶) حواشی مختلفہ

۱۶۴۵۔ حسن حرانی [شیخ ابومحمد حسن بن علی بن حسین بن شعبہ حرانی حلبی] (فقیہ۔ ۔۔) تحف العقول۔ کتاب التمحیص (علامہ مجلسی سے مقدم تھے)

۱۶۴۶۔ حسن حلّی [ابن داؤد۔ تقی الدین حسن بن علی بن داؤد حلّی] (فقیہ۔ رجالی۔ ساتویں صدی حلّہ) دیکھو ابن داؤد۔ (نیز دیکھو علامہ حلّی)

۱۶۴۷۔ حسن حلّی [حسن بن سلیمان بن خالد حلّی] (فقیہ۔ آٹھویں صدی حلّہ) شاگرد شہید اول۔ منتخب بصائر الدرجات سعد بن عبداللہ قمی

۱۶۴۸۔ حسن دہلوی [میر غلام حسن بن ضاحک دہلوی فیض آبادی] (شاعر اردو۔ ۱۲۰۱) مثنوی بدر منیر یا سحر البیان

۱۶۴۹۔ حسن بن راشد [ابوعلی حسن بن راشد بغدادی] (محدث۔ صدی دوم) امام ابوجعفر جواد سے روایت کی

۱۶۵۰۔ حسن الزمان [سید حسن الزمان حیدرآبادی] (صوفی۔ محدث۔ ۱۳۳۵) قول المستحسن۔ علوم اہلبیت ۱۹ جلد میں۔

۱۶۵۱۔ حسن بن زیاد [حسن بن زیاد العطار ضبّی یا طائی] (محدث۔ صدی دوم) امام ابوجعفر سے روایت کی

۱۶۵۲۔ حسن بن زید [ابومحمد حسن بن زید بن امام حسن ہاشمی مدنی] (محدث۔ ۱۶۸) منصور دوانیقی کی طرف سے مدینہ کا والی

؎ ایران سے آکر دہلی میں اور پھر بنارس میں رہے۔ ولادت ۱۱۰۳۔ شاگرد آخوند محمد رفیع۔

۱۶۵۳۔ حسن سبزواری [ابو سعید حسن بن حسین (المعروف بہ شیعی سبزواری)] (متکلم۔ واعظ۔ آٹھویں صدی) مصابیح القلوب۔ بہجۃ المناہج۔ راحۃ الارواح۔ غایۃ المرام۔ ترجمۂ فارسی کشف الغمہ۔

۱۶۵۴۔ حسن بن سعید [ابو محمد حسن بن سعید بن حماد بن مہران کوفی اہوازی] (محدث۔ فقیہ۔ دوسری صدی) انہوں نے اور انکے بھائی حسین نے ملکر تیس یا پچاس کتابیں لکھیں۔ صحابی امام رضاؑ

۱۶۵۵۔ حسن ابن سہل [ابو محمد حسن بن سہل بن عبداللہ سرخسی] (وزیر مامون عباسی۔ ۲۳۶ سرخس) اپنے بھائی ذوالریاستین فضل بن سہل کے بعد وزیر ہوا۔ سنہ ۲۰۳ھ میں اسے سودا ہو گیا تو احمد بن ابو خالد وزیر بنایا گیا۔

۱۶۵۶۔ حسن شیرازی [مرزا محمد حسن شیرازی نجفی] (فقیہ۔ آغاز صدی چہاردہم) تحفۃ المسائل

۱۶۵۷۔ حسن صغانی [رضی الدین ابو الفضائل حسن بن محمد بن حسن عمری حنفی لاہوری بغدادی] (لغوی۔ نحوی۔ محدث۔ ۶۵۰ بغداد) مشارق الانوار۔ عباب لغت میں۔ ولادت ۵۷۷ لاہور۔

۱۶۵۸۔ حسن طیبی [حسن بن محمد بن عبداللہ طیبی] (مفسر۔ امام معانی و بیان۔ ۷۴۳)

۱۶۵۹۔ حسن طبرسی [عماد الدین حسن بن علی طبرسی شیعی] (متکلم۔ صدی ہفتم) کامل بہائی۔ یکے از علمائے دربار بہاء الدین[1] صاحب اصفہان۔

۱۶۶۰۔ حسن عاملی [بدر الدین حسن بن سید جعفر بن فخر الدین اعرجی حسینی عاملی کرکی] (فقیہ۔ ۹۳۳) شہید ثانی کے استاد (دیکھو بدر الدین عاملی)

۱۶۶۱۔ حسن عاملی [جمال الدین ابو منصور حسن بن زین الدین شہید ثانی] (فقیہ۔ ۱۰۱۱) شاگرد ابن صائغ و مقدس اردبیلی۔ یہ بھی محقق مشہور ہیں۔ معالم الدین۔ منتقی الجمان۔ مشکوٰۃ القول السدید۔ معالم الاصول۔ رسالۂ اثنا عشریہ۔

۱۶۶۲۔ حسن عاملی [شیخ حسن بن علی عاملی] (فقیہ۔ گیارھویں صدی) مدارک شرح شرایع الاسلام۔ حقیقۃ الاخبار۔ نظم الجمان۔ قرۃ الغربا۔

۱۶۶۳۔ حسن طبرسی [حسن بن ابو علی طبرسی] (فقیہ۔ محدث۔ ساتویں صدی) صاحب مجمع البیان کے بیٹے

۱۶۶۴۔ حسن عباسی [حسن بن عبداللہ عباسی] (ادیب۔ مورخ۔ آٹھویں صدی) ۷۰۸ھ میں زندہ تھا۔ آثار الاول فی ترتیب الدول

۱۶۶۵۔ حسن عدوی [حسن بن محمد بن حسن عدوی عمری صاغانی حنفی] (محدث۔ فقیہ۔ نحوی۔ لغوی۔ ۶۵۰)

۱۶۶۶۔ حسن عسکری [حسن عسکری بن علی النقی بن محمد تقی بن امام رضاؑ] (امام یازدہم۔ ۲۶۰ سامرہ) ولادت ۲۳۲

۱۶۶۷۔ حسن عسکری [ابو ہلال حسن بن عبداللہ عسکری] (لغوی۔ ۳۹۵) جمہرۃ الامثال۔ (دیکھو ابو ہلال عسکری)

۱۶۶۸۔ حسن بن عطیہ [حسن بن عطیہ حناط محاربی کوفی] (محدث۔ دوسری صدی) یہ اور انکے بھائی محمد و علی امام جعفر صادقؑ سے روایت کرتے ہیں۔

۱۶۶۹۔ حسن بن علوان [حسن بن علوان کلبی کوفی] (محدث۔ دوسری صدی) یہ اور انکا بھائی حسین جو سنی تھا امام جعفر صادقؑ سے روایت کرتے ہیں۔

۱۶۷۰۔ حسن علی [مرزا حسن علی بن جمال الدین دہلوی لکھنوی] (فقیہ۔ متکلم۔ ۱۲۵۰) شاگرد عبدالعزیز دہلوی۔ برہان الخلافہ

۱۶۷۱۔ حسن علی [حسن علی بن عبداللہ شوشتری] (فقیہ۔ ۱۰۶۸) شاگرد بہائی

۱۶۷۲۔ حسن بن علی [حسن بن علی بن ابی طالب ہاشمی] (صحابی۔ دوسرے امام۔ ۴۹ مدینہ) سبط اکبر۔ ولادت ۱۵ رمضان ۳ھ۔ ۱۵ جمادی الاول ۴۱ھ کو خلافت ظاہری معاویہ کو حوالہ کی۔

۱۶۷۳۔ حسن بن علی [سید حسن بن سید دلدار علی لکھنوی] (ادیب۔ ۱۲۶۰) تذکرۃ الشیوخ والشبان

۱۶۷۴۔ حسن بن علی [حسن بن علی بن زیاد الوشا بجلی کوفی] (محدث۔ اوائل صدی سوم) امام رضاؑ سے روایت کی

۱۶۷۵۔ حسن بن علی [ابو محمد حسن بن علی بن فضال تیمی کوفی] (محدث۔ ۲۲۴) امام رضاؑ کے مخصوصین سے۔ الزیارات۔ البشارات۔ النوادر۔ الرد علی الغالیہ۔ الشواہد من کتاب اللہ۔ المتعہ۔ الناسخ والمنسوخ۔ الملاحم

۱۶۷۶۔ حسن بن عمار [حسن بن عمار شرنبلالی حنفی] (فقیہ۔ ۱۰۶۹) نور الایضاح اور اسکی شرح مراقی الفلاح۔

[1] ولد خواجہ شمس الدین [illegible] شاگرد حسن بن شہید ثانی

۱۶۷۷۔ حسن قزوینی [حاجی شیخ محمد حسن بن محمد معصوم قزوینی] (فقیہ۔ حدود ۱۲۲۵ نجف) ریاض الشہادہ۔ تنقیح المقاصد۔ تلخیص الفوائد

۱۶۷۸۔ حسن قویدر [حسن قویدر] (عالم۔ شاعر عرب۔ ۱۲۶۲) نیل الارب فی مثلثات العرب

۱۶۷۹۔ حسن کاشی [ملا حسن کاشی آملی] (شاعر فارسی۔ صدی ہفتم) معاصر علامہ حلّی و سلطان محمد خدابندہ۔ ہفت بند مناقب میں

۱۶۸۰۔ حسن لاہیجی [میرزا حسن بن عبدالرزاق لاہیجی] (فقیہ۔ متکلم۔ صدی یازدہم قم) جمال الصالحین۔ شمع الیقین۔ اصول خمسہ۔ ہدیۃ المسافر۔ معاصر علی حزیں۔

۱۶۸۱۔ حسن بن محبوب کوفی [ابوعلی حسن ابن محبوب السرّاد] (محدث۔ فقیہ۔ مفسر۔ ۲۲۴) عمر ۷۵۔ کتاب المشیخہ۔ کتاب الحدود۔ کتاب النکاح۔ کتاب الفرائض۔ تفسیر وغیرہ۔ اصحاب امام رضاؑ سے

۱۶۸۲۔ حسن (مرعشی) [ابو محمد حسن بن حمزہ بن علی بن عبیداللہ حسینی طبری (مرعشی)] (فقیہ۔ ادیب۔ ۳۵۸) کتاب المبسوط۔ کتاب الاشفیہ۔ کتاب المفتخر۔ تباشیر الشریعہ۔

۱۶۸۳۔ حسن بن مظفر [حسن بن مظفر نیشاپوری ضریر] (لغوی۔ ۴۴۲) زمخشری کا اُستاد

۱۶۸۴۔ حسن نوبختی [ابو محمد حسن بن موسیٰ نوبختی] (متکلم۔ فیلسوف۔ صدی چہارم) کتاب الآراء والدیانات۔ فرق الشیعہ۔ الرد علی فرق الشیعہ ما خلا الامامیہ۔ کتاب الجامع فی الامامۃ۔ کتاب التوحید۔ ردّ ابوعلی جبائی۔ ردّ المنجمین۔ ردّ ابن ابی الہذیل وغیرہ۔ ابوسہل نوبختی کے بھانجے

۱۶۸۵۔ حسن نجفی [شیخ محمد حسن بن شیخ باقر نجفی] (فقیہ۔ صدی سیزدہم نجف) جواہر الکلام شرح شرائع الاسلام۔ ۱۲۶۲ھ میں انکی عمر ۸۰ کے قریب تھی

۱۶۸۶۔ حسن نجفی [شیخ حسن بن شیخ جعفر نجفی] (فقیہ۔ ۱۲۶۲ نجف)

۱۶۸۷۔ حسن بن ہارون [ابو محمد حسن بن محمد بن ہارون بن ابراہیم مہلبی بغدادی] (عالم۔ وزیر۔ ۳۵۲ بغداد) معزالدولہ دیلمی کا وزیر۔ ولادت ۲۹۱۔ مہلب بن ابی صفرہ کی نسل سے۔

۱۶۸۸۔ حسن یزدی [آخوند ملا حسن یزدی کربلائی] (فقیہ۔ صدی سیزدہم کربلا) شاگرد آقا سید محمد مہیج الاحزان۔ معاصر فتح علی شاہ بادشاہ ایران

۱۶۸۹۔ حسین اصفہانی [ابو اسمٰعیل حسین بن علی بن محمد ملقب بہ موید الدین اصفہانی] (شاعر۔ ۵۱۳) (نیز دیکھو خلیفہ سلطان)

۱۶۹۰۔ حسین بن بابویہ [ابو عبداللہ حسین بن علی بن حسین بابویہ القمی] (فقیہ۔ محدث۔ صدی چہارم) برادر صدوق۔ الرد علی الواقفہ۔ معاصر صاحب بن عباد[1]

۱۶۹۱۔ حسین بن بدران [حسین بن بدران بن داؤد باصری] (فقیہ۔ محدث۔ نحوی۔ ۶۴۹) ولادت ۶۱۲

۱۶۹۲۔ حسین بن بسطام [حسین بن بسطام بن سابور الزیات] (محدث۔ چوتھی صدی) طب الائمہ۔ ابن قولویہ اور کلینی کے معاصرین سے

۱۶۹۳۔ حسین بغدادی [ابوبکر حسین بن عبداللہ بغدادی] (محدث۔ ۳۶۰ بغداد)

۱۶۹۴۔ حسین حائری [شیخ محمد حسین بن زین العابدین مازندرانی حائری] (فقیہ۔ حی)

۱۶۹۵۔ حسین دیاربکری [حسین بن محمد بن حسن دیاربکری مالکی نزیل مکہ] (مورخ۔ ۹۶۶) تاریخ الخمیس

۱۶۹۶۔ حسین ربعی [حسین بن علی بن عیسیٰ ربعی] (نحوی۔ پانچویں صدی) ابوالکرم مبارک بن فاخر کے مشائخ سے

۱۶۹۷۔ حسین بن سعید [حسین بن سعید بن حماد بن مہران اہوازی کوفی] (فقیہ۔ متکلم۔ دوسری صدی قم) تیس کتابیں تمام ابواب فقہ میں مع کتاب التقیہ۔ کتاب المناقب۔ کتاب المثالب۔ کتاب التفسیر۔ کتاب الملاحم۔ کتاب الرد علی الغالیہ۔ اصحاب رضاؑ سے۔

۱۶۹۸۔ حسین سنجی [ابوعلی حسین بن شعیب بن محمد سنجی شافعی مروزی] (فقیہ۔ بعد ۴۳۰) ابوبکر قفال مروزی کا شاگرد۔ شرح فروع ابوبکر حداد۔ شرح تلخیص۔ کتاب المجموع۔

۱۶۹۹۔ حسین (سید) عاملی [سید حسین بن سید ضیاء الدین ابو تراب حسن بن ابو جعفر محمد موسوی کرکی عاملی] (فقیہ۔ ۱۰۰۱ اردبیل) المعروف بہ مجتہد

۱۷۰۰۔ حسین (سید) [سید حسین بن امیر ابراہیم قزوینی] (فقیہ۔ ۱۱۹۶) معارج الاحکام شرح مسالک الافہام۔ مستقصی الاجتہاد شرح شرح ذخیرۃ المعاد۔ نظم اللئالی[1]

[1] شاگرد محمد باقر بہبہانی و بحرالعلوم

۱۲۰۱۔ حسین (سید) [سید حسین بن سید دلدار علی نصیر آبادی لکھنوی] (فقیہ۔ متکلم۔ ۱۲۷۳) حدیقۂ سلطانیہ۔ مجالس مفجعہ۔ طرد المعاندین۔ روضۃ الاحکام۔ سید العلماء اور میرن صاحب کے نام سے مشہور ہیں۔ عمر ۶۱

۱۲۰۲۔ حسین (سید) [سید حسین بن سید محمد بن سید علی عاملی] (ادیب۔ فقیہ۔ ۱۰۶۹) صاحب مدارک کے بیٹے۔ شواہد ابن الناظم۔ حاشیہ بر الفیہ شہید

۱۲۰۳۔ حسین شاہ [سید حسین شاہ خدا نما برہانپوری] (صوفی۔ ۹۱۵ برہانپور)

۱۲۰۴۔ حسین بن شہاب [حسین بن شہاب الدین خانذار بن حسین عاملی] (فقیہ۔ ادیب۔ ۱۰۷۶ حیدرآباد) شرح نہج البلاغہ۔ عقود الدرر۔ ہدایۃ الابرار

۱۲۰۵۔ حسین بن روح [ابو القاسم حسین بن روح] (فقیہ۔ ۳۲۶) تیسرے وکیل امام صاحب العصرؑ کے

۱۲۰۶۔ حسین عاملی [عز الدین ابو عبد اللہ حسین بن سید حیدر بن قمر کرکی عاملی] (فقیہ۔ آخر صدی دہم) المعروف بمجتہد

۱۲۰۷۔ حسین بن عبد اللطیف [حسین بن عبد اللطیف بن ابو جابر عاملی] (فقیہ۔ صدی یازدہم) معاصر حر عاملی۔ شرح قواعد الاحکام۔ کتاب لہفہ۔ کتاب

۱۲۰۸۔ حسین عرب [شیخ حسین عرب بھوپالی] (محدث۔ علامہ۔ صدی چہاردہم) اہل اور احمد بن محمد شوکانی کا شاگرد۔ استاد صدیق حسن خاں۔ ولادت ۱۲۲۵

۱۲۰۹۔ حسین بن علی [حسین بن علی بن ابی طالب ہاشمی] (صحابی۔ تیسرے امامؑ۔ ۱۰ محرم ۶۱ کربلا) ولادت ۵ شعبان ۴ھ۔ یزید نے کربلا میں مع اعزا و احبا قتل کرا دیا۔ امام حسن سبط اکبر ہیں یہ سبط اصغر

۱۲۱۰۔ حسین بن علی [حسین بن علی بن محمد بن حسن بن شہید ثانی] (فقیہ۔ ۱۰۷۸ اصفہان) شیخ علی صاحب در المنثور کے بیٹے۔

۱۲۱۱۔ حسین قزوینی [حسین بن ابراہیم بن امیر محمد معصوم حسینی قزوینی] (فقیہ۔ ۱۱۹۶) معارج الاحکام شرح مسالک الافہام۔ مستقصی الاجتہاد شرح ذخیرۃ المعاد

۱۲۱۲۔ حسین قزوینی [محمد حسین بن محمد رحیم کربلائی قزوینی] (فقیہ۔ ۱۲۵۴) فصول الاصول

۱۲۱۳۔ حسین قمی [حسین بن محمد بن حسن قمی] (فقیہ۔ صدی چہارم) معاصر شیخ صدوق۔ مقتصد الراغب

۱۲۱۴۔ حسین کاشفی [کمال الدین حسین بن علی واعظ کاشفی ہروی سبزواری] (مفسر۔ ادیب۔ واعظ۔ ۹۱۰) تفسیر مواہب۔ جواہر التفاسیر۔ انوار سہیلی۔ اخلاق محسنی۔ روضۃ الشہداء۔ رشحات۔

۱۲۱۵۔ حسین لنبانی [آقا حسین بن مولانا حسن دیلمانی جیلانی اصفہانی] (محدث۔ فقیہ۔ حکیم۔ ۱۱۲۹ اصفہان) شرح کبیر صحیفۂ سجادیہ۔ شرح مفاتیح کاشانی۔ شاگرد محمد باقر مجلسی۔ لنبان اصفہان کا ایک محلہ ہے۔

۱۲۱۶۔ حسین مروزی [حسین بن محمد مروزی] (محدث۔ ۲۱۳)

۱۲۱۷۔ حسین معمائی [امیر حسین بن محمد حسینی نیشاپوری] (معمائی۔ شاعر فارسی۔ ۹۱۲)

۱۲۱۸۔ حسین بن مفلح [حسین بن مفلح صیمری] (محدث۔ ۹۳۳) کتاب المناسک۔ عمر ۸۰۔

۱۲۱۹۔ حسین بن مہران [ابو نصر حسین بن مہران بن محمد سکونی واقفی] (محدث۔ دوسری صدی) امام موسیٰ کاظمؑ و رضاؑ سے روایت کی

۱۲۲۰۔ حسین نوری [آقا حسین نوری نجفی] (فقیہ۔ متکلم۔ محدث۔ ۱۳۲۰) لؤلؤ و المرجان۔ مستدرک الوسائل۔ نجم ثاقب۔ فصل الخطاب۔ انکے بیٹے میرزا احمد نوری بھی

۱۲۲۱۔ حسین ہمدانی [عز الدین حسین بن شمس الدین محمد بن علی حارثی ہمدانی عاملی] (فقیہ۔ ۹۸۴) شرح القواعد۔ اربعین۔ شرح الفیہ۔ قزوین میں شیخ الاسلام رہے۔ والد شیخ بہائی۔ شاگرد شہید ثانی۔ ولادت ۹۱۸۔

۱۲۲۲۔ حصری [ابو اسحاق ابراہیم بن علی بن تمیم مغربی قیروانی] (ادیب۔ شاعر عرب۔ ۴۱۳ قیروان) زہر الآداب و ثمرۃ الالباب

۱۲۲۳۔ حصیری [ابو محمد جعفر بن احمد بن نصر نیشاپوری] (محدث۔ ۳۰۳)

۱۲۲۴۔ حصکفی [علاء الدین محمد بن علی بن محمد دیار بکری حنفی حصکفی] (فقیہ۔ ۱۰۸۸) در المختار شرح تنویر الابصار۔ شرح ملتقی الابحر۔ شرح منار۔

۱۲۲۵۔ حصکفی [معین الدین ابو الفضل یحییٰ بن سلامہ بن حسین حصکفی شافعی متشیع] (خطیب۔ فقیہ۔ شاعر عرب۔ ۵۵۱) وفات ۴۶۰ سکونت

۱۲۲۶۔ حضرمی [محمد بن عمر بحرق حضرمی] (ادیب۔ نحوی۔ ۸۶۹) نصر العلم شرح لامیۃ العجم۔ تحفۃ الاحباب شرح ملحۃ الاعراب

۱؎ شاگرد شیخ بہائی ۱۰۳۱ نیز سید ذو الفقار احمد۔ سلطان حسین عظیم آبادی اور ابو محمد ابراہیم آروی کے استاد ۱۳۰۰ منسوب بحسن کیفیہ

۱۷۲۷۔ حفدہ [عمدۃ الدین ابو منصور محمد بن اسعد بن محمد طوسی نیشا پوری شافعی] (فقیہ ۔ ۵۷۱ تبریز) محمد بن منصور سمعانی ۔ قاضی حسین اور برہان الدین حنفی کا شاگرد ۔

۱۷۲۸۔ حفص [ابو عمرو حفص بن سلیمان اسدی] (تابعی ۔ ۱۸۰) عمر ۹۰

۱۷۲۹۔ حفص بن غیاث [ابو عمر حفص بن غیاث بن طلق بن معاویہ نخعی (قاضی کوفہ)] (فقیہ ۔ ۱۹۴) سُنّی ہے مگر امام جعفر صادق سے روایت کی ہے

۱۷۳۰۔ حفصہ [حفصہ بنت عمر بن الخطاب] (صحابیہ ۔ محدثہ ۔ ۴۵ مدینہ)

۱۷۳۱۔ حفنی [محمد بن سالم] (ادیب ۔ ۱۱۸۱) نفس نفائس الدرر جو شرح ہمزیہ کا حاشیہ ہے ۔

۱۷۳۲۔ حکم بن سعید [حکم بن سعید بن عاص بن امیہ] (صحابی ۔ ۹ یا ۱۲) جنگ موتہ میں ۹ھ میں یا جنگ یمامہ میں ۱۲ھ میں شہید ہوئے ۔

۱۷۳۳۔ حکم بن عاص [حکم بن عاص بن امیہ طرید رسول] (صحابی ۔ ۔) آخر خلافہ عثمان میں انتقال ہوا

۱۷۳۴۔ حکم بن عبید [ابو عبد اللہ یا ابو محمد حکم بن عبید کندی کوفی سُنّی] (محدث ۔ ۱۱۵)

۱۷۳۵۔ حکیم ترمذی [ابو عبد اللہ محمد بن علی بن حسن ترمذی] (محدث ۔ فقیہ ۔ عابد ۔ ۲۸۵) نوادر الاصول حدیث میں، علل الشرایع، ختم الولایۃ ۔

۱۷۳۶۔ حکیم بن جبلہ [حکیم بن جبلہ عبدی] (صحابی ۔ ۳۶) جنگ جمل کے شروع ہونے سے پہلے عائشہ طلحہ اور زبیر سے لڑتے ہوئے مارے گئے ۔

۱۷۳۷۔ حکیم بن حزام [ابو خالد حکیم بن حزام] (صحابی ۔ ۵۴ مدینہ) خدیجہ کے بھتیجے ۔ ولادت ۱۳ سال قبل واقعہ فیل ۔ اسلام یوم فتح مکہ ۔ عمر ۱۲۰

۱۷۳۸۔ حکیم مغربی [ابو الحکم عبید اللہ بن مظفر بن عبد اللہ باہلی] (حکیم ۔ شاعر ۔ ادیب ۔ ۵۴۹ دمشق) ولادت ۴۸۶ یمن ۔ مدتوں بغداد میں رہا ۔

۱۷۳۹۔ حلاء [ابو الحسن علی بن عبد اللہ بن وصیف (ناشی الاصغر)] (متکلم ۔ شاعر عرب ۔ ۳۶۶ بغداد) کبار شیعہ سے ۔ ابو سہل نوبختی کا شاگرد ۔ کوفہ اور حلب میں رہا ۔ اہلبیت کی شان میں بہت سے قصیدے لکھے ۔

۱۷۴۰۔ حلاج [ابو مغیث حسین بن منصور حلاج بیضاوی واسطی] (صوفی ۔ ۳۰۹) اپنے والد کے نام سے مشہور رہے ۔ انا الحق کہنے کے سبب دار پر کھینچا گیا ۔ جنید بغدادی کے صحبت یافتہ ۔ ان کا جد مجوسی تھا ۔

۱۷۴۱۔ حلبی [ابراہیم حلبی قسطنطنیوی] (فقیہ ۔ ۹۵۶) ملتقی الابحر

۱۷۴۲۔ حلبی [شہاب الدین محمود بن سلیمان حلبی] (ادیب ۔ ۷۲۵) حسن التوسل فی معرفۃ صناعۃ الترسل

۱۷۴۳۔ حلبی [برہان الدین علی حلبی قاہری شافعی] (محدث ۔ ۱۰۴۴) انسان العیون جسے سیرۃ الحلبیہ کہتے ہیں (دیکھو برہان الدین حلبی)

۱۷۴۴۔ حلوانی [ابو محمد حسن بن علی بن محمد حلوانی] (محدث ۔ ۲۴۲) محدث مکہ

۱۷۴۵۔ حلوانی [احمد بن احمد بن اسماعیل حلوانی] (ادیب ۔ شاعر عرب ۔ ۱۳۰۸) الوشم فی الوشم

۱۷۴۶۔ حلّی [صفی الدین عبد العزیز بن سرایا حلّی] (شاعر عرب ۔ ۷۵۰) دیوان اشعار

۱۷۴۷۔ حلّی [علامہ جمال الدین ابو منصور حسن بن سدید الدین یوسف بن علی حلّی] (فقیہ ۔ متکلم ۔ ۷۲۶ حلہ) دیکھو علامہ حلّی

۱۷۴۸۔ حلیمی [امام ابو عبد اللہ حسین بن حسن بن محمد شافعی جرجانی] (فقیہ ۔ ۴۰۳) ولادت ۳۳۸ ۔ ابو بکر قفال کا شاگرد ۔ سکونت بخارا و نیشاپور

۱۷۴۹۔ حماد [حماد بن ابی حنیفہ ابو اسماعیل کوفی] (محدث ۔ فقیہ ۔ ۱۷۶) (دیکھو ابو اسماعیل کوفی) اس کا بیٹا اسماعیل بصرہ کا قاضی تھا جس کی معزولی پر یحییٰ بن اکثم مقرر ہوا ۔

۱۷۵۰۔ حماد بن درہم [دیکھو ابو اسماعیل ازدی بصری] (محدث ۔ ۱۷۹)

۱۷۵۱۔ حماد راویہ [ابو القاسم حماد بن ابی لیلیٰ سابور بن مبارک بن عبید دیلمی کوفی] (لغوی ۔ نسابہ ۔ ۱۵۵) ولادت ۹۵ ۔ شعرائے عرب اور ان کے اشعار کو خوب جانتا تھا

۱۷۵۲۔ حماد بن سلمہ [حماد بن سلمہ بن دینار (ابو سلمہ ربعی) بصری] (تابعی ۔ ۱۶۷)

۱۷۵۳۔ حماد بن ابی سلیمان [حماد بن ابی سلیمان اشعری کوفی] (تابعی ۔ ۱۲۰)

[1] سکونت ترمذ و بلخ ۔ عمر ۸۰ ۔

۱۷۵۴- حماد بن عیسےٰ [حماد بن عیسےٰ ابو محمد جہنی بصری] (محدث - ۲۰۹) امام جعفر و موسےٰ و رضا سے روایت کرتا ہے - عمر ۹۰ سے اوپر

۱۷۵۵- حمداللہ [حمداللہ صدیقی سندیلی] (طبیب حکیم - ۱۱۶۰ دہلی) شرح سلم - شرح زبدۃ الاصول - حاشیہ صدرا منصور علیخاں والی اودھ کے دستار بند

۱۷۵۶- حمران بن اعین [حمران بن اعین شیبانی کوفی] (محدث - صدی دوم) حواری امام باقر و جعفر

۱۷۵۷- حمزہ (سید) [عزالدین ابو المکارم حمزہ بن علی حلبی] (فقیہ - ۵۸۵) (دیکھو ابن زہرہ) نیز دیکھو زیادات

۱۷۵۸- حمزہ بن عبدالمطلب [ابو عمارہ حمزہ بن عبدالمطلب ہاشمی] (صحابی - ۲ اُحد) عم رسول - اسلام ۶ بعثت - جنگ احد میں شہید ہوئے - رسول اللہ سے ۴ سال بڑے تھے

۱۷۵۹- حمزہ بن عمرو [حمزہ بن عمرو اسلمی] (صحابی - ۶۱) عمر ۸۰

۱۷۶۰- حمید [حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف مدنی] (تابعی - ۱۰۵) عمر ۷۳

۱۷۶۱- حمیدالدین [حمیدالدین صوفی ناگوری] (صوفی - ۶۷۳ ناگور) مرید خواجہ معین الدین چشتی و از نسل سعید بن زید صحابی

۱۷۶۲- حمیدالدین [قاضی حمیدالدین محمد بن عطاءاللہ محمود بخاری دہلوی] (فقیہ - صوفی - ۶۷۸ دہلی) شہاب الدین سہروردی اور بختیار کاکی کے مرید - شرح ہدایۃ الفقہ - طوالع الشموس -

۱۷۶۳- حمیدالدین [حمیدالدین کرمانی اسماعیلی] (متکلم - ...) معاصم الہدیٰ فی رد خلافۃ غاصبین - اقوال الذہبیہ - کتاب المصابیح - معاصر حاکم بامر اللہ

۱۷۶۴- حمید الطویل [ابو عبیدہ بن ابی حمید بصری] (تابعی - محدث - ۱۴۲)

۱۷۶۵- حُمیدی [ابوبکر عبداللہ بن زبیر اسدی مکی] (محدث - ۲۱۹) شافعی کا شاگرد - بخاری کا استاد - مسند -

۱۷۶۶- حُمیدی [ابو عبداللہ محمد بن فتوح بن حمید ازدی میورقی ظاہری] (محدث - ۴۸۸) ابن عبدالبر - ابن حزم اور خطیب بغداد کا شاگرد - سکونت بغداد - عمر ۸۰ سے اوپر - جمع بین الصحیحین - مسند - تاریخ اسلام - تاریخ اندلس -

۱۷۶۷- حموی [سعدالدین محمد بن موید بن ابوالحسن بن محمد حموی] (صوفی - محدث - ۶۵۰ بحرآباد) کتاب محبوب - عمر ۶۳ - نجم الدین کبریٰ کے اصحاب سے (نیز دیکھو یاقوت)

۱۷۶۸- حموی [احمد بن محمود حموی] (فقیہ - ۱۰۹۸) غمز عیون البصائر شرح اشباہ النظائر

۱۷۶۹- حموینی [صدرالدین ابراہیم بن محمد حموینی] (محدث - ۷۲۲) فرائدالسمطین (دیکھو ابن حمویہ)

۱۷۷۰- حنظلہ [حنظلہ بن ابی عامر راہب انصاری] (صحابی - ۳) جنگ احد میں شہید ہوئے - لقب غسیل الملائکہ

۱۷۷۱- حنین [امام ابو زید حنین بن اسحاق عبادی نصرانی بغدادی] (طبیب - ۲۶۰) اقلیدس اور کتب طب و حکمت یونانی کا عربی میں ترجمہ کیا - کتاب جالینوس - فصول بقراطیہ - ولادت ۱۹۴ -

۱۷۷۲- حوشب [حوشب بن طخیۃ ذوظلیم حمیری] (صحابی - ۳۷) صفین میں معاویہ کا رفیق - سلیمان بن صرد کے ہاتھ سے مارا گیا -

۱۷۷۳- حوفی [ابوالحسن علی بن ابراہیم بن سعید حوفی] (نحوی - مفسر - ۴۳۰) کتاب البرہان فی تفسیر القرآن دس جلد

۱۷۷۴- حیّانی [عمر بن ابراہیم نیشاپوری] (ریاضی - ۵۱۷) جبر و مقابلہ

۱۷۷۵- حیدر عاملی [حیدر بن سید علی بن نجم الدین موسوی العاملی] (فقیہ - عالم - فاضل - شاعر عرب - ۱۰۶۳)

۱۷۷۶- حیدر علی [حیدر علی بن حمداللہ سندیلی] (فلسفی حکیم - ۱۲۲۵ سندیلہ)

۱۷۷۷- حیدر علی [حیدر علی فیض آبادی] (متکلم - ۱۳۰۷ حیدرآباد دکن) منتہی الکلام - ازالۃ الغین - کاشف اللثام - عمر ۷۶

۱۷۷۸- حیدرجی [نورالدین محمد عبداللہ] (طبیب - صدی یازدہم) شاہجہاں بادشاہ ہند کا طبیب - الفاظ الادویہ

۱۷۷۹- حیص بیص [شہاب الدین ابوالفوارس سعد بن محمد بن سعد تمیمی شافعی] (فقیہ - شاعر عرب - ۵۷۴ بغداد)

خ

۱۷۸۰- خادم [خادم حسین بن عنایت علی بن محمد عمر عمری بنارسی] (عالم - شاعر فارسی - ۱۳۱۳) تخلص ناظم - منصف عدالت رہے -

۱۷۸۱۔ خارجہ بن حذافہ [خارجہ بن حذافہ عدوی] (صحابی۔ ۴۰ مصر) عمرو عاص کے شبہ میں خارجی نے قتل کیا۔

۱۷۸۲۔ خارجہ بن زید [ابو زید خارجہ بن زید بن ثابت انصاری مدنی] (تابعی۔ فقیہ۔ ۹۹) مدینہ کے ۷ فقیہوں میں سے

۱۷۸۳۔ خارزنجی [ابو حامد احمد بن محمد بستی خراسانی بغدادی] (ادیب۔ لغوی۔ محدث۔ مفسر۔ ۳۴۸ بغداد) تکملہ کتاب العین شرح ابیات ادب الکاتب۔

۱۷۸۴۔ خازن بغدادی [شیخ علاء الدین علی بن محمد بن ابراہیم بغدادی] (صوفی۔ مفسر۔ صدی ہشتم) تفسیر لباب التاویل جو ۷۲۵ میں لکھی

۱۷۸۵۔ خازن بغدادی [ابو منصور محمد بن احمد بن طاہر بن احمد] (نحوی۔ ادیب۔ فقیہ۔ ۵۱۰) ولادت ۴۱۰۔ خوشنویس بھی تھا

۱۷۸۶۔ خازن مزنی [خازن مزنی اندلسی مصری] (ریاضی۔ ۴۰۳) کتاب الفجر والشفق۔ کتاب البصریات

۱۷۸۷۔ خاقانی [افضل الدین ابراہیم بن علی شروانی تبریزی] (شاعر فارسی۔ ۵۸۲) سلطان الشعراء۔ حسان عجم۔ مداح منوچہر شاہ شروان۔ تحفۃ العراقین۔ دیوان اشعار

۱۷۸۸۔ خالد ازہری [ابو الفضل خالد بن عبد اللہ ازہری جرجاوی شامی] (ادیب۔ نحوی۔ ۹۰۵) تمرین الطلاب جو ۸۸۶ھ میں لکھی

۱۷۸۹۔ خالد بن زید [ابو ایوب خالد بن زید خزرجی انصاری] (صحابی۔ ۵۱ قسطنطنیہ) عمر ۸۷۔ کل مشاہد میں رسول اللہ کے ساتھ رہے

۱۷۹۰۔ خالد بن سعید [خالد بن سعید بن عاص بن امیہ اموی] (صحابی۔ ۱۳ یرموک) قدیم الاسلام۔ جب تک بنی ہاشم نے حضرت ابو بکر کی بیعت نہ کی انہوں نے بھی [نہ کی]

۱۷۹۱۔ خالد بن ولید [خالد بن ولید بن مغیرہ مخزومی] (صحابی۔ محدث۔ ۲۱ حمص) اہلسنت میں سیف اللہ کے نام سے مشہور ہیں۔ ۸ھ میں عمرو عاص کے ساتھ مسلمان ہوئے

۱۷۹۲۔ خالد بن یزید [ابو ہاشم خالد بن یزید بن معاویہ اموی] (کیمیائی۔ طبیب۔ شاعر۔ ۸۵) طب اور کیمیا ایک رومی راہب مریانس نامی سے حاصل کی تھی

۱۷۹۳۔ خالع [حسین بن محمد بن جعفر بن محمد رافعی] (نحوی۔ شاعر عرب۔ صدی چہارم) معاصر ابو علی فارسی و سیرافی

۱۷۹۴۔ خباب [خباب بن الارت تمیمی نزیل کوفہ] (صحابی۔ محدث۔ ۳۷ کوفہ) عمر ۷۳۔ جنگ صفین میں علی کے ہمراہ تھے۔ عمر ۶۳

۱۷۹۵۔ خبوشانی [نجم الدین ابو البرکات محمد بن موفق بن سعید خبوشانی شافعی] (فقیہ۔ ۵۸۷ قاہرہ) ولادت ۵۱۰۔ تحقیق المحیط ۱۶ جلد۔ خبوشان علاقہ نیشاپور میں

۱۷۹۶۔ ختن [ابو عبد اللہ محمد بن حسن بن ابراہیم استرآبادی شافعی] (فقیہ۔ ۳۸۶ جرجان) شرح کتاب التلخیص ابن قاص۔ عمر ۷۵

۱۷۹۷۔ خدائے وردی [خدائے وردی بن قسم افشار] (رجالی۔ صدی دوازدہم اصفہان) ولادت ۱۰۸۰۔ شاگرد ملا عبد اللہ شوستری۔ ہم سبق میر مصطفیٰ تفرشی

۱۷۹۸۔ خدیجہ [خدیجہ بنت خویلد] (صحابیہ۔ ۱۰ بعثت مکہ) زوجۂ رسول

۱۷۹۹۔ خرشی [ابو عبد اللہ محمد مالکی] (فقیہ۔ ۱۱۰۲) شرح مختصر امام خلیل فقہ مالکی میں

۱۸۰۰۔ خرگوشی [ابو سعد عبد الملک بن محمد بن ابراہیم] (محدث۔ ۴۰۷) شرف النبوۃ

۱۸۰۱۔ خزاز[۱] [ابو القاسم علی بن محمد بن علی خزاز رازی قمی] (فقیہ۔ محدث۔ معبر۔ متکلم۔ صدی پنجم) کتاب الایضاح اصول دین میں۔ کفایۃ الاثر۔

۱۸۰۲۔ خزیمہ [خزیمہ بن ثابت ذوالشہادتین انصاری اوسی] (صحابی۔ ۳۷) علی کی ہمراہی میں صفین میں شہید ہوئے

۱۸۰۳۔ خسرو [ابو الحسن بن سیف الدین دہلوی (امیر خسرو)] (صوفی۔ شاعر فارسی۔ ۷۲۵) قران السعدین۔ خالق باری وغیرہ

۱۸۰۴۔ خضر کردی [شیخ خضر بن ابی بکر بن موسیٰ مہرانی عدوی] (صوفی۔ ۶۷۶ قاہرہ) ملک الظاہر کا پیر

۱۸۰۵۔ خضر بن نصر [ابو العباس خضر بن نصر بن عقیل اربلی شافعی] (فقیہ۔ عابد۔ ۵۶۷) ولادت ۴۷۸

۱۸۰۶۔ خضری [محمد الدمیاطی] (نحوی۔ ۱۲۸۸ دمیاط) حاشیہ شرح ابن عقیل

۱۸۰۷۔ خضری [ابو عبد اللہ محمد بن احمد خضری مروزی شافعی] (فقیہ۔ ۳۷۱ سے ۳۸۰ تک کسی سال) قفال شاشی کا شاگرد۔ حافظہ میں ضرب المثل

۱۸۰۸۔ خطا [ملا محمد ایرانی لکھنوی] (شاعر فارسی۔ اوائل صدی سیزدہم) واقعات کربلا نظم فارسی

۱۸۰۹۔ خطابی [ابو سلیمان احمد بن محمد بن ابراہیم بن خطاب بستی نیشاپوری] (محدث۔ فقیہ۔ ادیب۔ ۳۸۸) معالم السنن شرح ابو داؤد۔ غریب الحدیث۔ کتاب الغنیہ۔ اعلام السنن شرح بخاری۔ اصلاح غلط المحدثین۔

[۱] ابن شہر آشوب کے مشائخ سے۔ صدوق سے روایت کی۔

۱۸۱۰۔ خطیب [ولی الدین محمد بن عبداللہ] (محدث۔ آٹھویں صدی) مشکوٰۃ المصابیح جو ۷۳۷ھ میں لکھی

۱۸۱۱۔ خطیب بغداد [ابوبکر احمد بن علی بن ثابت بغدادی] (فقیہ۔ محدث۔ مورخ۔ ۴۶۳ھ) تاریخ بغداد۔ الجامع۔ ابوالحسن محاملی اور ابونعیم اصفہانی کا شاگرد۔ ولادت ۳۹۲

۱۸۱۲۔ خطیب تبریزی [ابوزکریا یحییٰ بن علی بن محمد شیبانی تبریزی] (لغوی۔ نحوی۔ خطیب۔ ۵۰۲ بغداد) ولادت ۴۲۱ھ۔ تہذیب الالفاظ۔ شرح دیوان متنبی شرح حماسہ۔ شرح معلقات۔ کافی عروض میں۔ ملخص اعراب قرآن میں۔

۱۸۱۳۔ خطیب دمشقی [قاضی القضاۃ جلال الدین محمد بن عبدالرحمان بن عمر قزوینی] (خطیب۔ ادیب۔ ۷۳۹) (دیکھو قزوینی) تلخیص المفتاح

۱۸۱۴۔ خفاجی [ابومحمد عبداللہ بن محمد بن سعید خفاجی] (شاعر۔ ادیب۔ ۴۶۶ھ حلب) محمود بن صالح کے وزیر حسن بن نحاس سے بہت دوستی رکھتا تھا۔

۱۸۱۵۔ خفاجی [شہاب الدین احمد بن محمد خفاجی اندلسی مصری حنفی] (عالم۔ ادیب۔ شاعر۔ ۔ ۱۰۶۹) نسیم الریاض شرح شفائے قاضی عیاض۔ طراز المجالس۔ شفاء الغلیل۔ دیوان الادب۔ ریحانۃ الالباء۔ عنایۃ القاضی حاشیہ بیضاوی۔

۱۸۱۶۔ خ...ف [شیخ ابوبکر بن یحییٰ بن عبداللہ جذامی مالقی مالکی] (نحوی۔ ۷۰۶ھ قاہرہ) شلوبین کا شاگرد۔ شرح سیبویہ۔ شرح ایضاح فارسی۔ شرح لمع ابن جنی

۱۸۱۷۔ خفری [علامہ شمس الدین محمد خفری کاشانی (متشیع)] (حکیم۔ متکلم۔ صدی دہم) معاصر شاہ اسمٰعیل صفوی۔ اثبات واجب۔ منتہی الادراک حل ...

۱۸۱۸۔ خلال [ابومحمد حسن بن محمد بن حسن بغدادی] (محدث۔ ۴۳۹) ولادت ۳۵۲ھ۔ مسند۔ کرامات اولیاء

۱۸۱۹۔ خلال [ابومحمد عبداللہ بن نجم بن شاش جذامی مالکی] (فقیہ۔ ۶۱۶ دمیاط) جواہر الثمینہ فقہ میں

۱۸۲۰۔ خلعی [قاضی ابوالحسن علی بن حسن بن حسین موصلی مصری شافعی] (محدث۔ ۴۹۲ھ مصر) ولادت ۴۰۵ھ مصر

۱۸۲۱۔ خلف الاحمر [ابومحرز خلف بن حیان ہلالی بصری] (لغوی۔ شاعر۔ ۱۸۰ھ البصرہ)

۱۸۲۲۔ خلف بن عسکر [خلف بن عسکر کربلائی] (فقیہ۔ صدی سیزدہم کربلا) شاگرد صاحب ریاض المسائل۔ وفات ۱۲۰۰ھ کے بعد پانچویں عشرہ میں

۱۸۲۳۔ خلقی [جمال الدین ابوالربیع سلیمان بن محمد یمنی تمیمی] (نحوی۔ ۔ ۔)

۱۸۲۴۔ خلیع [ابوعلی حسین بن ضحاک بن یاسر بغدادی] (شاعر۔ ۲۵۰) ولادت ۱۶۲۔ امین سے لیکر مستعین تک خلفاء کا ندیم و جلیس رہا

۱۸۲۵۔ خلیفہ [ابوعمرو خلیفہ بن خیاط عصفری بصری (مشہور بہ شباب)] (مورخ۔ ۲۴۰ھ) طبقات تاریخ

۱۸۲۶۔ خلیفہ سلطان [علاء الدین سید حسین بن امیر رفیع الدین محمد صدر] (عالم محقق۔ مدقق۔ ۱۰۶۴ اصفہان) سلطان العلماء۔ استاد آقا حسین خونساری۔ حاشیہ معالم۔ حاشیہ شرح لمعہ

۱۸۲۷۔ خلیل بن احمد [ابوعبدالرحمٰن خلیل بن احمد بن عمرو فراہیدی شیعی بصری] (لغوی۔ ادیب۔ نحوی۔ عروضی۔ ۱۷۰) کتاب العین۔ کتاب العروض۔ کتاب الشواہد۔ کتاب النغم۔ کتاب العوامل۔ کتاب النقط والشکل۔ استاد سیبویہ۔ شاگرد ابوعمرو۔ واضع علم عروض۔ عمر ۷۴

۱۸۲۸۔ خلیل احمد [خلیل احمد انبیٹھوی] (فقیہ۔ متکلم۔ حی) رشید احمد گنگوہی کے شاگرد۔

۱۸۲۹۔ خلیل قزوینی [خلیل بن غازی قزوینی] (حکیم۔ محقق۔ محدث۔ ۱۰۸۹ قزوین) صافی فارسی شرح کافی و عربی شافی۔ شرح عدۃ الاصول ...

۱۸۳۰۔ خلیل کوفی [خلیل بن ظفر بن خلیل کوفی اسدی] (فقیہ۔ صدی پنجم کوفہ) کتاب الانصاف والانتصاف۔ کتاب الدلائل۔ جواب الزیدیہ۔ جواب الاسماعیلیہ۔ معاصر شیخ طوسی۔

۱۸۳۱۔ خلیل مالکی [خلیل بن اسحاق مالکی (ابوالضیاء)] (فقیہ۔ ۷۶۷) المختصر فقہ میں

۱۸۳۲۔ خلیل مقری [خلیل بن اسماعیل بن عبدالملک بن خلف سکونی لبلی] (فقیہ۔ نحوی۔ ادیب۔ ۵۵۷)

۱۸۳۳۔ خلیل نیشاپوری [ابومحمد خلیل بن محمد بن عبدالرحمان نیشاپوری] (نحوی۔ صدی دوم) عبداللہ بن مبارک کا شاگرد

۱۸۳۴۔ خلیق [میر مستحسن بن میر حسن لکھنوی فیض آبادی] (شاعر اردو۔ تیرھویں صدی) معاصر ناسخ

ے شاگرد بہبہانی۔

۱۸۳۵۔ خمراوی [حسن عددی خمراوی] (عالم - صوفی - ۱۳۰۳) ۱۲۲۰ ولادت - مشارق الانوار فی فوز اہل الاعتبار

۱۸۳۶۔ خوات [خوات بن جبیر] (تابعی - ۳۸) جنگ نہروان سے پہلے خارجیوں نے شہید کیا

۱۸۳۷۔ خواجو [خواجو کرمانی شیرازی] (شاعر فارسی - ۷۵۳) مداح مظفر والی کرمان و ابواسحاق شیرازی

۱۸۳۸۔ خواجہ پارسا [محمد بن محمد بن محمود حافظی بخاری] (صوفی - محدث - ۸۲۲ مدینہ) فصل الخطاب [خواجہ زادہ - دیکھو رومی]

۱۸۳۹۔ خوارزمی [ابن دختر جریر طبری] (محدث - ۳۸۳) صاحب مناقب بعض نے طبری کا بھانجہ لکھا ہے۔ دیکھو ابوبکر خوارزمی۔

۱۸۴۰۔ خیاط [ابوالحسن علی بن ابوسعد بن ابوالفرج] (محدث - صدی پنجم) جامع الاخبار - معاصر کراجکی

۱۸۴۱۔ خیالی [احمد بن موسے بروصی رومی] (متکلم - ۸۶۲ یا ۸۷۰) حاشیہ شرح عقائد نسفی

۱۸۴۲۔ خیثمہ [ابوالحسن خیثمہ بن سلیمان بن حیدرہ قرشی طرابلسی شامی] (محدث - ۳۴۳)

۱۸۴۳۔ خیرالدین پاشا [خیرالدین پاشا] (عالم - مدبر - صدی سیزدہم) وزیر تونس - اقوام المسالک جو ۱۲۸۴ میں لکھی

۱۸۴۴۔ خیرالدین رملی [خیرالدین رملی حنفی] (فقیہ - ۱۰۸۱) فتاوی خیریہ

۱۸۴۵۔ خیرالنساج [ابوالحسن خیرالنساج] (صوفی - ۳۲۲) عمر ۱۲۰

۱۸۴۶۔ داتا گنج بخش [ابوالحسن علی ہجویری لاہوری (مخدوم جلابی غزنوی)] (صوفی - ۴۶۴ لاہور) ابوالفضل بن حسن ختلی جنیدی کے مرید

۱۸۴۷۔ دارقطنی [ابوالحسن علی بن عمر بن احمد بغدادی شافعی] (محدث - فقیہ - ۳۸۵) علل - مسند - دلائل النبوۃ - کفایۃ الطالب - المناقب - ولادت ۳۰۶

۱۸۴۸۔ دارمی [ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمان بن فضل تمیمی سمرقندی] (محدث - ۲۵۵) ولادت ۱۸۲ - مسند یا سنن دارمی

۱۸۴۹۔ داروی [ابوعبداللہ حسین بن محمد تمیمی عنبری داروی قیروانی] (لغوی - شاعر عرب - ۴۴۳)

۱۸۵۰۔ داغ [فصیح الملک نواب مرزا خان دہلوی رامپوری] (شاعر اردو - ۱۳۲۲) محبوب علی خان نظام حیدرآباد دکن کے استاد - شاگرد ذوق

۱۸۵۱۔ دانی [ابوصلت امیّہ بن عبدالعزیز بن ابی الصلت دانی اندلسی] (ادیب - حکیم - ۵۲۹ مہدیہ) العمل بالاصطرلاب - الوجیز ہیئت میں - ادویۃ المفردہ - تقویم الذہن منطق میں۔

۱۸۵۲۔ داؤد انطاکی [داؤد انطاکی نابینا] (طبیب - ۱۰۰۵) نزیل قاہرہ - تذکرہ اولی الالباب

۱۸۵۳۔ داؤد شاذلی [داؤد بن عمر بن ابراہیم شاذلی اسکندری مالکی] (صوفی - فقیہ - ۷۳۳)

۱۸۵۴۔ داؤد طائی [ابوسلیمان داؤد بن نصیر بغدادی] (صوفی - ۱۶۲) شاگرد ابوحنیفہ

۱۸۵۵۔ داؤد ظاہری [ابوسلیمان داؤد بن علی بن خلف اصفہانی بغدادی] (ادیب - زاہد - ۲۷۰ بغداد) شاگرد اسحاق بن راہویہ و ابوثور - فرقہ ظاہریہ کا بانی - بغداد کا رئیس العلماء

۱۸۵۶۔ داؤد بن فرقد [داؤد بن فرقد اسدی کوفی] (محدث - دوسری صدی) امام جعفر و کاظم سے روایت کی۔

۱۸۵۷۔ داؤد بن قاسم [داؤد بن قاسم بن اسحاق بن عبداللہ بن جعفر بن ابیطالب (ابوہاشم جعفری) بغدادی] (محدث - تیسری صدی) امام ابوجعفر اور ابوالحسن اور ابومحمد کی صحبت سے فیضیاب ہوئے۔

۱۸۵۸۔ داؤدی [ابوالحسن عبدالرحمان بن محمد بن مظفر خراسانی (جمال الاسلام امام الکبیر)] (محدث - فقیہ - ۴۶۷) ولادت ۳۷۴ - قفال مروزی اور ابوحامد اسفرائنی کا شاگرد - راوی بخاری

۱۸۵۹۔ داؤدی [احمد بن علی بن عنبۃ الاصغر] (نسابہ - ۸۲۸) دیکھو ابن عنبہ

۱۸۶۰۔ دبوسی [ابوزید عبداللہ بن عمر بن عیسے دبوسی (بخاری حنفی)] (فقیہ - ۴۳۰ بخارا) واضع علم الخلاف و ابرزہ - کتاب الاسرار و التقویم

۱۸۶۱۔ دبیر [مرزا سلامت علی لکھنوی] (شاعر اردو - ۱۲۹۲) مراثی - شاگرد میر ضمیر - عمر ۷۲

۱۸۶۲۔ دحلان [سید احمد زینی دحلان مکی شافعی] (فقیہ۔ ۱۳۰۴) سیرۃ النبویہ۔ دول الاسلامیہ۔ فتوحات اسلامیہ۔ اسنی المطالب فی نجاۃ ابی طالب

۱۸۶۳۔ دحیہ کلبی [دحیہ بن خلیفہ کلبی] (صحابی۔ ۔۔) آنحضرتؐ پر جبرئیلؑ انکی صورت میں ظاہر ہوتے تھے۔ عہد معاویہ تک زندہ رہے۔

۱۸۶۴۔ درد [خواجہ میر بن خواجہ محمد ناصر دہلوی] (صوفی۔ شاعر اردو۔ ۱۲۰۲) علم الکتاب۔ دیوان اشعار

۱۸۶۵۔ دردیر [احمد دردیر مالکی] (صوفی۔ فقیہ۔ ۱۲۰۱) تحفۃ الاخوان (تصوف)۔ تحفۃ الاخوان (بیان)۔ شرح مختصر فقہ مالکی

۱۸۶۶۔ دسوقی (محمد بن عرفہ دسوقی) (نحوی۔ ۱۲۳۰) حاشیۂ مفتاح العلوم۔ حاشیۂ مغنی اللبیب

۱۸۶۷۔ دعبل [ابو علی دعبل بن علی بن رزین شیعی بغدادی] (شاعر عرب۔ ۲۴۶) ولادت ۱۴۸۔ طبقات الشعراء۔ دیوان۔ قصائد و مراثی

۱۸۶۸۔ دقیقی [تقی الدین ابو عبد الغنی سلیمان بن بنین بن خلف مصری] (نحوی۔ ۶۱۴)

۱۸۶۹۔ دقیقی [ابو القاسم علی بن عبد اللہ بن الدقاق] (نحوی۔ ۴۱۵) شاگرد ابو علی فارسی و رمانی۔ شرح الایضاح۔ کتاب المقدمات۔ ولادت ۳۴۵

۱۸۷۰۔ دلدار علی [سید دلدار علی بن محمد معین نصیر آبادی لکھنوی] (فقیہ۔ متکلم۔ ۱۲۳۵) عماد الاسلام۔ اساس الاصول۔ صوارم۔ شہاب ثاقب۔
مواعظ حسنیہ۔ منتہی الافکار۔ مسکن القلوب۔ اثارۃ الاحزان۔ لقب بعد وفات غفران مآب۔

۱۸۷۱۔ دلگیر [مظفر علی لکھنوی] (شاعر اردو۔ ۔۔) مراثی

۱۸۷۲۔ دمامینی [بدر الدین ابو عبد اللہ محمد بن ابی بکر مخزومی اسکندری مالکی] (نحوی۔ ۸۲۷ احمد آباد) تحفۃ الغریب شرح مغنی اللبیب۔ شرح لامیۃ العجم۔
تعلیق المصابیح۔ ولادت ۷۶۴

۱۸۷۳۔ دمشقی [شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن ابیطالب انصاری دمشقی] (صوفی۔ ۷۲۸ صفد) نخبۃ الدہر فی عجائب البر والبحر

۱۸۷۴۔ دمشقی [صدر الدین ابو عبد اللہ محمد بن عبد الرحمان دمشقی] (فقیہ۔ آٹھویں صدی) رحمۃ الامہ فی اختلاف الائمہ جو ۷۸۰ میں لکھی

۱۸۷۵۔ دمشقی [محمد امین بن فضل اللہ محبی دمشقی] (مورخ۔ ۱۱۱۱) خلاصۃ الاثر فی اعیان القرن الحادی عشر۔ کتاب الاعلام

۱۸۷۶۔ دمنہوری [محمد] (ادیب۔ ۱۱۸۸) لقط الجواہر شرح سمرقندیہ۔ ارشاد الصافی عروض میں

۱۸۷۷۔ دمنہوری [محمد] (ادیب۔ ۱۱۹۲) حلیۃ اللب بلاغۃ میں

۱۸۷۸۔ دمیاطی [ابو محمد عبد المومن بن خلف شافعی دمیاطی] (محدث۔ فقیہ۔ ۷۰۵) معجم سیرۃ۔ کتاب الخیل۔ استاد ابن سید الناس۔ ولادت ۶۱۳

۱۸۷۹۔ دمیری [کمال الدین محمد موسیٰ بن عیسیٰ مصری شافعی] (ادیب۔ فقیہ۔ محدث۔ ۸۰۸ قاہرہ) حیاۃ الحیوان۔ دیباجہ شرح ابن ماجہ ۵ جلد

۱۸۸۰۔ دوانی [جلال الدین محمد بن اسعد دوانی شیرازی] (متکلم۔ ۹۰۸) شرح عقائد عضدی۔ حواشی تجرید۔ توضیح تلویح۔ اخلاق جلالی۔ شرح تہذیب۔

۱۸۸۱۔ دوریستی [ابو عبد اللہ جعفر بن محمد بن احمد بن عباس دوریستی (رازی)] (فقیہ۔ صدی پنجم) شاگرد شیخ مفید۔ معاصر شیخ طوسی و وزیر نظام الملک۔

۱۸۸۲۔ دولا (شاہ) [شاہ دولا دریائی گجراتی (پنجابی)] (صوفی۔ ۱۰۷۵)

۱۸۸۳۔ دولابی [ابو جعفر محمد بن صباح البزاز بغدادی] (محدث۔ ۲۲۷ کرخ) عمر ۷۷۔ کتاب السنن

۱۸۸۴۔ دولابی الوراق [ابو بشر محمد بن احمد بن حماد انصاری رازی] (محدث۔ ۳۱۰) ولادت ۲۲۴۔ الکنیٰ۔ تواریخ۔ ذریۂ طاہرہ

۱۸۸۵۔ دولت آبادی [ملک العلماء شہاب الدین بن شمس الدین] (مفسر۔ فقیہ۔ ۸۴۸) جونپور کے شیخ الاسلام۔ (دیکھو ملک العلماء)

۱۸۸۶۔ دہلوی [دیکھو ولی اللہ۔ عبد العزیز۔ عبد الحق] (۔۔۔) ولی اللہ وفات ۱۱۷۰۔ ازالۃ الخفاء۔ حجۃ اللہ البالغہ۔ قرۃ العینین وغیرہ

۱۸۸۷۔ دیار بکری [حسین بن محمد بن حسن] (مورخ۔ ۹۶۶) تاریخ الخمیس

۱۸۸۸۔ دیرینی [عبد العزیز بن احمد دیرینی] (عالم۔ ۶۹۴) تیسیر فی علم التفسیر

۱۸۸۹۔ دیک الجن [ابو محمد عبد السلام بن رغبان بن عبد السلام کلبی شیعی بغدادی] (شاعر عرب۔ ۲۳۵) ولادت ۱۶۱ حمص۔ دولت عباسیہ کے شاعروں میں سے۔
[امام حسینؑ کے مرثیے لکھے]

۱۸۹۰۔ دیلمی [حافظ شیرویہ بن شہردار] (محدث۔ ۵۰۹ ہمدان) تفسیر۔ فردوس الاخبار

۱۸۹۱- دیلمی [ابومحمد حسن بن ابوالحسن محمد دیلمی] (واعظ - صدی ہشتم) معاصر شہید اول - ارشاد القلوب - اعلام الدین

۱۸۹۲- دینوری [ابوبکر احمد بن مروان مالکی دینوری] (ادیب - ۳۱۰) کتاب المجالسۃ - [نیز ابن قتیبہ و ابوحنیفہ دینوری]

۱۸۹۳- ذربن حکیم [ذربن حکیم ازدی] (محدث - دوسری صدی) امام جعفر و کاظم سے روایت کی

۱۸۹۴- ذکا خان [ذکا خان اکبرآبادی] (طبیب - ۱۲۰۹ آگرہ) سیندھیا راجہ گوالیار کا طبیب

۱۸۹۵- ذکوان [ذکوان بن عبد قیس انصاری] (صحابی - ۳) جنگ احد میں شہید ہوئے - رسول اللہ کے ایک غلام کا نام بھی ذکوان تھا

۱۸۹۶- ذکی [محمد بن ابوالفرج کنانی صقلی مالکی اصفہانی] (نحوی - لغوی - ادیب - اصفہان ۵۱۰)

۱۸۹۷- ذوالجوشن [اوس بن اعور ضبابی عامری کوفی] (صحابی - ۰۰) ابواسحاق سبیعی کی ولادت اس سے روایت کی ہے شمر قاتل حسین کا باپ بعض نے اسکا نام شرحبیل لکھا ہے

۱۸۹۸- ذوالرمہ [ابوالحارث غیلان بن عقبہ بن نہیس] (شاعر عرب - ۱۱۷) عمر ۴۰

۱۸۹۹- ذوالفقار [سید عماد الدین ذوالفقار بن محمد مروزی شیعی] (فقیہ - پانچویں صدی) شاگرد سید مرتضےٰ علم الہدیٰ عمر ۱۱۵

۱۹۰۰- ذوالفقار احمد [ذوالفقار احمد بن علی سارنگپوری بھوپالی (ابوالحسن)] (عالم - حی[1]) طی الفراسخ الیٰ منازل البرازخ - فضاء الارب بیشکر

۱۹۰۱- ذوالفقار علی [ذوالفقار علی دیوبندی] (عالم - حی) شرح متنبی - شرح حماسہ

۱۹۰۲- ذوق [شیخ محمد ابراہیم دہلوی (ملک الشعراء - خاقانی ہند)] (شاعر اردو - ۱۲۷۱) دیوان اشعار

۱۹۰۳- ذوالکلاع [ایفع بن ناکور حمیری] (صحابی - ۳۷) کعب الاحبار کا ابن عم - جنگ صفین میں معاویہ کے ساتھ تھا - مارا گیا

۱۹۰۴- ذوالنون مصری [ابوالفیض ثوبان بن ابراہیم مصری] (صوفی حکیم - فصیح - ۲۴۵ مصر) ایک راوی موطائے امام مالک کے یہ بھی ہیں انکا باپ نوبیہ کا تھا۔

۱۹۰۵- ذہبی [ابوعبداللہ شمس الدین محمد بن احمد بن عثمان بن قایماز شافعی] رجالی - مورخ - محدث - ۷۴۸) تاریخ الاسلام ۲۰ جلد میں - دول الاسلام - میزان الاعتدال - تذکرۃ الحفاظ - العبر - تذہیب التہذیب - فتح المطالب۔

۱۹۰۶- ذہبی [ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمان] (محدث - ۳۹۳) معجم کبیر

۱۹۰۷- ذہلی [ابوعبداللہ محمد بن یحییٰ بن عبداللہ نیشاپوری بغدادی] (محدث - ۲۵۸) ولادت ۱۹۱۔

۱۹۰۸- رابعہ بصریہ [ام الخیر رابعہ بنت اسمٰعیل عدویہ بصریہ] (صوفی - ۱۳۵) قبر بیرون قدس ایک پہاڑ پر

۱۹۰۹- راجن [شیخ محمد راجن] (صوفی - ۹۰۰)

۱۹۱۰- راجو (سید) [سید راجو قتال دہلوی (سید شریف عرف راجے یا راجو)] (صوفی - ۷۳۶ دولت آباد) بن سید محمد گیسو دراز کے والد - زید شہید کی

۱۹۱۱- راجو (سید) [سید راجو بن سید عابد حسینی بخاری ہندی شیعی] (صوفی - ۔۔) معاصر ہمایوں و اکبر

۱۹۱۲- رازی [ابوبکر محمد بن زکریا رازی بغدادی] (طبیب - ۳۱۱) حاوی - منافع الاغذیہ

۱۹۱۳- رازی [احمد بن فارس رازی] (لغوی - ۳۹۵) مجمل اللغۃ - الصاحبی - بدیع الزمان ہمدانی کا استاد

۱۹۱۴- رازی [محمد بن ابی بکر بن عبدالقادر] (لغوی - صدی ہشتم) مختار الصحاح جو ۷۶۰ھ میں لکھی

۱۹۱۵- رازی [فخر الدین محمد بن عمر (ابن الخطیب رازی) شافعی] (مفسر متکلم - ۶۰۶ ہرات) تفسیر کبیر[2] مطالب العالیہ - نہایۃ العقول محصل - اربعین

۱۹۱۶- رازی [قطب الدین محمود بن محمد] (متکلم - ۷۶۶) قطبیہ منطق میں جو شمسیہ کی شرح ہے

۱۹۱۷- راغب اصفہانی [ابوالقاسم حسین بن محمد بن مفضل اصفہانی شافعی] (لغوی - ادیب - ۵۰۲ بغداد) غریب القرآن یعنی مفردات - محاضرات الادباء - الذریعہ الیٰ مکارم الشریعہ

۱۹۱۸- رافع [ابوعبداللہ رافع بن خدیج حارثی انصاری] (صحابی - محدث - ۷۳ مدینہ) عمر ۸۶

[1] ولادت ۱۲۴۶ھ اسکا نام منتہی الفیبہ ہے۔

۱۹۱۹- رافعی [امام الدین ابوالقاسم عبدالکریم بن محمد بن عبدالکریم قزوینی شافعی] (صوفی۔ فقیہ۔ ۶۲۳) شرح الکبیر فقہ شافعی میں جو وجیز کی شرح ۱۶ جلد میں ہے۔

۱۹۲۰- ربعی [شیخ ابوالعلاء صاعد بن حسن بن عیسٰے ربعی بغدادی] (لغوی۔ ۴۱۷)

۱۹۲۱- ربیع الجیزی [ابومحمد ربیع بن سلیمان بن داؤد مصری شافعی] (فقیہ۔ ۲۵۶ جیزہ) اصحاب شافعی سے ہے۔ ابوداؤد اور نسائی نے انسے روایت کی۔

۱۹۲۲- ربیع بن یونس [ابوالفضل ربیع بن یونس بن محمد بغدادی] (وزیر۔ ۱۶۵) منصور عباسی کا حاجب پھر وزیر ہو گیا۔ رشید نے زہر دیا۔

۱۹۲۳- ربیع خواجہ [ابویزید ربیع بن خیثم اسدی ثوری تمیمی کوفی شیعی] (صوفی۔ محدث۔ مفسر۔ ادیب۔ لغوی۔ اول صدی) از اصحاب علی۔ سکونت کوفہ (مشہدی)

۱۹۲۴- ربیع المصری [ابومحمد ربیع بن سلیمان بن عبدالجبار مصری شافعی] (فقیہ۔ ۲۷۰) شافعی کے اصحاب سے۔ شافعی کی اکثر کتابیں انسے مروی ہیں۔

۱۹۲۵- ربیعۃ الرائی [شیخ ابوعثمان ربیعہ بن ابی عبدالرحمان فروخ] (فقیہ۔ ۱۳۶ ہاشمیہ) سکونت مدینہ و انبار۔ امام مالک کا استاد

۱۹۲۶- ربیعہ [ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب] (صحابی۔ ۲۳ مدینہ) انتقال در خلافت عمر۔ اپنے چچا عباس سے عمر میں بڑے تھے۔

۱۹۲۷- ربیعہ [ربیعہ بن کعب اسلمی مدنی] (صحابی۔ ۶۳) خادم رسول

۱۹۲۸- ربیعہ [ربیعہ بن عبدالرحمان] (تابعی۔ فقیہ۔ ۱۳۶) ۷ فقہائے مدینہ میں سے

۱۹۲۹- رتن ہندی [رتن ہندی] (محدث۔ ۶۳۲) عمر بعض نے ۶ سو سال بعض نے ۷۶۱ سال لکھی ہے۔ مسلمان ہو گیا تھا

۱۹۳۰- رجاء [ابوالمقدام رجاء بن الحیوۃ کندی شامی] (تابعی۔ محدث۔ ۱۱۲)

۱۹۳۱- رجب برسی [رضی الدین رجب بن محمد بن رجب برسی حلی شیعی] (صوفی۔ اوائل صدی نہم) دیکھو برسی۔

۱۹۳۲- رحمۃ اللہ [رحمۃ اللہ ہندی مہاجر مکہ] (متکلم۔ اوائل صدی چہاردہم) اظہار الحق در رد نصاریٰ

۱۹۳۳- رزین [شیخ ابوالحسن رزین بن معاویہ بن عمار عبدی سرقسطی] (محدث۔ ۵۳۵) امام الحرمین۔ جمع بین الصحیحین

۱۹۳۴- رستم علی [رستم علی بن علی اصغر قنوجی] (مفسر۔ فقیہ۔ ۱۱۷۸) التفسیر الصغیر

۱۹۳۵- رسعنی [عز الدین ابومحمد عبدالرزاق بن محمد رزق اللہ جزری] (محدث۔ ۶۶۱) محدث جزیرہ

۱۹۳۶- رسعنی [شمس الدین محمد بن عبدالرزاق بن رزق اللہ رسعنی حنبلی] (محدث۔ ۶۸۹) ولادت ۶۱۱۔ نزیل دمشق

۱۹۳۷- رشاطی [ابومحمد عبداللہ بن علی بن عبداللہ اندلسی مری] (مورخ۔ ۵۴۲ مریہ) ولادت ۴۶۶ اوریولہ۔ اقتباس الانوار و التماس لازہار انساب (مشہدی)

۱۹۳۸- رشید الدین خاں [رشید الدین خاں دہلوی] (متکلم۔ فقیہ۔ ۱۲۴۹) شاگرد رفیع الدین و عبدالعزیز دہلوی۔ شوکت عمریہ رد متعہ۔ فتح المبین۔

۱۹۳۹- رشید بن زبیر [قاضی رشید الدین ابوالحسین احمد بن ابوالحسن علی بن ابراہیم غسانی اسوانی] (فقیہ۔ شاعر۔ شاعر عرب۔ ۵۶۳) کتاب الجنان ریاض الاذہان

۱۹۴۰- رشید ہجری [رشید ہجری] (تابعی۔ اول صدی) از اصحاب علی۔ عبیداللہ بن زیاد نے کوفہ میں شہید کیا

۱۹۴۱- رضا علی [رضا علی بن سخاوت علی بن محمد ابراہیم بنارسی] (فقیہ۔ شاعر فارسی۔ ۱۳۱۲) مفتی بنارس

۱۹۴۲- رضی (سید) [ابوالحسن محمد بن حسین بن موسےٰ بغدادی] (مفسر۔ محدث۔ ۴۰۶ بغداد) شاگرد شیخ مفید۔ حقائق التنزیل۔ تفسیر القرآن۔ خصائص الائمہ۔ نہج البلاغہ۔ تلخیص البیان (نیز دیکھو ابن الداعی)

۱۹۴۳- رضی قزوینی [آقا رضی الدین محمد بن حسن قزوینی] (محدث۔ فقیہ۔ ۱۰۹۶) لسان الخواص۔ شاگرد ملا خلیل قزوینی

۱۹۴۴- رضی [نجم الائمہ رضی الدین محمد بن علی استرآبادی نجفی شیعی] (نحوی۔ علامہ۔ ۶۸۶ نجف) شرح کافیہ و شرح شافیہ (صرف و نحو عربی) تحفیۃ العقود

۱۹۴۵- رضی الدین حلی [شیخ رضی الدین علی بن سدید الدین یوسف حلی] (عالم۔۔۔) برادر علامہ حلی۔ (نیز دیکھو رجب برسی)

۱۹۴۶- رضی الدین علی لالا [رضی الدین علی لالا غزنوی] (صوفی۔ ۶۴۲ غزنی)

۱۹۴۷- رضی الدین اربلی [یونس بن محمد بن منعتہ اربلی الموصلی] (فقیہ۔ ۵۷۶ موصل) ولادت ۵۰۸ اربل

نہج البلاغہ کلام امیرالمومنین کا ہے جسکو سید رضی نے مختلف کتابوں سے جمع کیا ہے۔ ملّانحو میں اس سے اعلےٰ کوئی کتاب نہیں۔

۱۹۴۸۔ رفاعہ [رفاعہ بن رافع انصاری] (صحابی۔ اوائل حکومت معاویہ) رسول اللہ اور علی کے ساتھ تمام معرکوں میں رہے۔

۱۹۴۹۔ رفاعہ بیگ [رفاعہ بیگ طنطاوی مصری] (منطقی۔ ۱۲۹۰) کتاب المنطق وغیرہ

۱۹۵۰۔ رفاعی [سید احمد بن رفاعی حسینی] (صوفی۔ ۵۷۸)

۱۹۵۱۔ رفاعی [سراج الدین محمد بن عبداللہ حسینی] (صوفی۔ نسابہ۔ ۸۸۵) صحاح الاخبار فی انساب السادات

۱۹۵۲۔ رفیق [رفیق بیگ بن محمود بیگ مصری] (مدبر۔ ۱۲۸۵ دمشق) البیان فی التمدن واسباب العمران

۱۹۵۳۔ رفیع الدین [سید رفیع الدین شیرازی دہلوی] (محدث۔ ۹۵۴ آگرہ) شاگرد دوانی۔ شیراز سے دہلی آئے۔ سکندر لودھی انکا معتقد ہوا

۱۹۵۴۔ رفیع [مرزا رفیع الدین محمد بن ملا فتح اللہ قزوینی] (واعظ۔ ۱۰۸۹) ابواب الجنان۔ (نیز دیکھو باذل)

۱۹۵۵۔ رفیع [رفیع الدین بن ولی اللہ دہلوی] (محدث۔ ۱۲۳۸) ترجمہ قرآن۔ دفع الباطل تکمیل

۱۹۵۶۔ رفیع [رفیع الدین مرادآبادی] (عالم۔ ۱۲۱۸ مرادآباد) شاگرد ولی اللہ وعبدالعزیز دہلوی۔ شرح اربعین نووی۔ شرح غنیۃ الطالبین۔ تاریخ افاغنہ

۱۹۵۷۔ رفیعا [مرزا رفیع الدین محمد بن امیر حیدر حسینی نائینی] (عالم۔ ۱۰۸۱ اصفہان) شاگرد عبداللہ شوستری شجرۃ الالٰہیہ۔ تعلیقات جدیدہ بر کتاب کافی

۱۹۵۸۔ رفیعی [امیر حیدر معمائی کاشی] (شاعر فارسی۔ صدی دہم) جلال الدین اکبر کے زمانہ میں ایران سے ہند میں آیا

۱۹۵۹۔ رقیہ [رقیہ بنت خدیجہ] (صحابیہ۔ ۳) پہلے عتبہ بن ابی لہب کے نکاح میں تھیں پھر عثمان سے نکاح ہوا۔

۱۹۶۰۔ رقاشی [ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن محمد بصری] (محدث۔ ۲۱۹)

۱۹۶۱۔ رکن جرجانی [رکن الدین محمد بن علی بن محمد جرجانی] (فقیہ۔ صدی ہفتم) معاصر علامہ حلی۔ شرح نافع۔ شرح مبادی

۱۹۶۲۔ رُمّانی [دیکھو ابوالحسن علی بن عیسیٰ بن عبداللہ معتزلی رمّانی واسطی] (نحوی۔ فقیہ۔ متکلم۔ ۳۸۴) ولادت ۲۹۶۔ ابوبکر بن سراج اور ابن درید کا شاگرد

۱۹۶۳۔ رملی [شمس الدین محمد بن ابی العباس احمد بن حمزہ رملی] (محدث۔ ۱۰۰۴) مجدد صدی یازدہم۔ نہایۃ المحتاج شرح منہاج نووی

۱۹۶۴۔ رملی [خیر الدین رملی حنفی] (فقیہ۔ ۱۰۸۱) فتاوی خیریہ

۱۹۶۵۔ رمو [ابوالحارث رمو بن عقبہ] (شاعر عرب۔ ۱۱۷) معاصر فرزدق

۱۹۶۶۔ رند [نواب سید محمد خاں لکھنوی] (شاعر اردو۔ صدی سیزدہم) آتش کے شاگرد

۱۹۶۷۔ رنگین [سعادت یار خاں دہلوی] (شاعر اردو۔ انجام صدی سیزدہم)

۱۹۶۸۔ روزبہان کبیر [روزبہان کبیر مصری] (صوفی۔ ۵۸۴)

۱۹۶۹۔ روزبہان صغیر [روزبہان صغیر شیرازی] (صوفی۔ ۶۰۶)

۱۹۷۰۔ رودکی [ابوالحسن بن حسن] (شاعر فارسی۔ صدی چہارم) آدم الشعرائے فارسی۔ نصر بن احمد سامانی کا مداح۔

۱۹۷۱۔ رومی [مصطفیٰ بن خلیل بروصوی رومی (خواجہ زادہ)] (فقیہ۔ ۸۹۳) تہافۃ الفلاسفہ (رومی زادہ۔ دیکھو قاضی زادہ و شیخ زادہ)

۱۹۷۲۔ رؤف احمد [رؤف احمد مصطفیٰ آبادی (رامپوری) بھوپالی] (محدث۔ مفسر۔ ۱۲۵۳) شاگرد عبدالعزیز دہلوی۔ تفسیر رؤفی اردو

۱۹۷۳۔ رویانی [ابوبکر محمد بن ہارون رویانی] (محدث۔ ۳۰۷) مسند (نیز دیکھو ابوالمحاسن رویانی)

۱۹۷۴۔ رہاوی [ابوالحسین احمد بن سلیمان جزری رہاوی] (محدث۔ ۲۶۱) محدث جزیرہ

۱۹۷۵۔ رہاوی [ابو محمد عبدالقادر بن عبداللہ حنبلی رہاوی] (محدث۔ ۶۱۱ حران) ولادت ۵۳۶ رُہا

۱۹۷۶۔ ریاشی [ابوالفضل عباس بن فرج ریاشی بصری] (لغوی۔ نحوی۔ ۲۵۷ بصرہ) عمر ۸۰۔ صاحب الزنج کے فتنہ میں مارا گیا

۱۹۷۷۔ ریان بن صلت [ریان بن صلت] (فقیہ۔ محدث۔ تیسری صدی) امام رضا سے روایت کرتا ہے

۱۹۷۸۔ ریان بن شبیب [ابو علی ریان بن شبیب قمی] (محدث۔ تیسری صدی) امام رضا سے روایت کرتا ہے۔

ز

۱۹۷۹۔ زاہد [میر محمد زاہد بن قاضی محمد اسلم] (عالم۔ ۱۱۰۱ کابل) حاشیہ شرح مواقف۔ حاشیہ تہذیب دوانی

۱۹۸۰۔ زاہدی [نجم الدین مختار بن محمود بن محمد بغدادی] (فقیہ۔ ۶۵۸ بغداد) فتاوی قنیہ

۱۹۸۱۔ زاہدی [شیخ ابو النصر احمد بن حسین بن سلیمان درواجکی] (مفسر۔ صدی ششم) تفسیر زاہدی جو ۵۱۹ھ میں لکھی

۱۹۸۲۔ زاہی [ابو القاسم علی بن اسحاق بن خلف بغدادی] (شاعر عرب۔ ۳۵۲) ولادت ۳۱۸۔ مداح اہلبیت و مداح سیف الدولہ و وزیر مہلبی۔

۱۹۸۳۔ زبیدہ [ام جعفر زبیدہ بنت جعفر بن منصور دوانیقی] (زوجۂ رشید عباسی۔ ۲۱۶ بغداد) ۱۶۵ھ میں ہارون رشید سے نکاح ہوا۔ اسکی کنیزیں قرآن حفظ کرتی تھیں۔ والدۂ امین بن رشید۔ فیاض بہت تھی۔

۱۹۸۴۔ زبیدی [سید مرتضیٰ محمد بن محمد بن مرتضیٰ حسین بلگرامی زبیدی] (صوفی۔ لغوی۔ ۱۲۰۶ مصر) تاج العروس شرح قاموس۔ اتحاف السادۃ شرح احیاء العلوم۔ ازہار المتناثرہ۔

۱۹۸۵۔ زبیدی [ابو بکر محمد بن حسن بن عبد اللہ بن مذحج اشبیلی مغربی] (نحوی لغوی۔ ۰۰)

۱۹۸۶۔ زبیر [زبیر بن العوام] (صحابی۔ محدث۔ ۳۶) عمر ۶۴۔ جنگ جمل سے کنارہ کش ہوتے ہوئے وادی السباع میں عمرو بن جرموز نے مار ڈالا

۱۹۸۷۔ زبیری [ابو عبد اللہ زبیر بن احمد بن سلیمان شافعی بصری] (فقیہ۔ ۳۱۸) کافی فقہ میں۔ کتاب الہدایہ۔ کتاب الامارہ۔ کتاب الاستشارہ والاستخارہ

۱۹۸۸۔ زٹلی [میر جعفر نارنولی] (شاعر اردو۔ صدی دوازدہم) اعظم شاہ بن اورنگ زیب کے خواصوں میں سے تھا

۱۹۸۹۔ زجاج [ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن سری بغدادی] (نحوی۔ ادیب۔ عالم۔ ۳۱۱[1] بغداد) معانی القرآن۔ الفرق بین المذکر والمونث۔ المختصر نحو میں۔

۱۹۹۰۔ زجاجی [ابو سہل محمد بن ابراہیم نیشاپوری] (محدث۔ ۳۴۲) کتاب الریاض

۱۹۹۱۔ زجاجی [امام ابو القاسم عبد الرحمٰن بن اسحاق صیمری بغدادی] (نحوی۔ ۳۳۷ دمشق) مصاحب زجاج۔ ابن درید و ابن الانباری کا شاگرد۔ کتاب جمل الکبریٰ۔

۱۹۹۲۔ زر بن حبیش [ابو مریم زر بن حبیش اسدی کوفی] (تابعی۔ محدث۔ ۸۲) عمر ۱۲۰

۱۹۹۳۔ زرارہ [زرارہ بن ابی اوفیٰ حرشی] (تابعی۔ فقیہ۔ ۹۳) قاضی بصرہ

۱۹۹۴۔ زرارہ [زرارہ بن اعین بن سنسن شیبانی کوفی] (محدث۔ فقیہ۔ متکلم۔ ادیب۔ ۱۵۰) امام باقر و جعفر و کاظم سے روایت کی

۱۹۹۵۔ زرقانی [عبد الباقی مالکی] (فقیہ۔ ۱۰۹۹) شرح مختصر خلیل مالکی

۱۹۹۶۔ زرقانی [محمد زرقانی] (محدث۔ ۱۱۲۲) شرح موطا۔ شرح مواہب اللدنیہ

۱۹۹۷۔ زرکشی [بدر الدین محمد بن بہادر بن عبد اللہ موصلی شافعی] (محدث۔ مفسر۔ ۷۹۴) ولادت ۷۴۵۔ شرح بخاری۔ شرح جمع الجوامع۔ تفسیر البرہان فی علوم القرآن۔

۱۹۹۸۔ زرندی [جمال الدین محمد بن یوسف زرندی مدنی] (عالم۔ ۷۵۳) درر السمطین۔ معارج الوصول

۱۹۹۹۔ زرندی [ابو عمرو احمد بن محمد بن عبد اللہ زرندی نیشاپوری] (لغوی۔ ادیب۔ محدث۔ ۳۳۸)

۲۰۰۰۔ زعفرانی[2] [ابو القاسم عمر بن جعفر بن محمد زعفرانی رومی] (ادیب۔ لغوی۔ نحوی۔ ۰۰) متقدمین میں سے۔ کتاب اللغات۔ کتاب القوافی۔ کتاب العروض۔

۲۰۰۱۔ زعفرانی [ابو علی حسن بن محمد بن صباح زعفرانی] (محدث۔ فقیہ۔ ۲۴۹ یا ۲۶۰) یکے از اصحاب شافعی۔

۲۰۰۲۔ زفر [ابو الہذیل زفر بن ہذیل بن قیس حنفی کوفی بغدادی] (فقیہ۔ ۱۵۸) ولادت ۱۱۰۔ شاگرد ابو حنیفہ

۲۰۰۳۔ زکریا [زکریا بن آدم بن عبد اللہ بن سعد اشعری قمی] (محدث۔ تیسری صدی) امام رضا کے مخصوصین سے

۲۰۰۴۔ زکریا انصاری [شیخ الاسلام ابو یحییٰ زکریا انصاری شافعی] (محدث۔ فقیہ۔ ۹۲۶) شرح بخاری۔ فتح الرحمان۔ منہج فقہ میں۔ المقصد فی الوقف والابتدا

۲۰۰۵۔ زکریا قزوینی [قاضی عمید الدین زکریا بن محمد بن محمود قزوینی] (لغوی۔ فقیہ۔ ۶۸۲) عجائب المخلوقات جو ۶۷۳ھ میں لکھی۔ آثار البلاد و اخبار العباد

۲۰۰۶۔ زکی نجفی [زکی الدین عنایت اللہ بن شرف الدین علی اصفہانی] (رجالی۔ اوائل صدی یازدہم نجف) مجمع الرجال۔ شاگرد مقدس اردبیلی و شیخ بہائی۔

۲۰۰۷۔ زلالی خونساری [زلالی خونساری] (شاعر فارسی۔ ۱۰۳۱) مثنوی

[1] ولادت ۲۳۰۔ شاگرد مبرد و ثعلب [2] زعفران محلہ بغداد

۲۰۰۸۔ زمان تبریزی [ملا محمد زمان بن کلب علی تبریزی اصفہانی] (فقیہ۔ اوائل صدی دوازدہم اصفہان) شاگرد علامہ مجلسی و آقا حسین خونساری۔ شرح زبدۃ الاصول۔

۲۰۰۹۔ زمان مشہدی [امیر محمد زمان بن محمد جعفر مشہدی] (فقیہ۔ ۱۰۴۱) شرح قواعد الاحکام

۲۰۱۰۔ زمخشری [ابوالقاسم محمود بن محمد۔ بن عمر خوارزمی معتزلی حنفی] (نحوی۔ لغوی۔ ادیب۔ مفسر۔ ۵۳۸ھ) تفسیر کشاف۔ مفصل نحو میں۔ اساس البلاغہ۔ فائق۔ اطواق الذہب۔ ربیع الابرار۔ ولادت ۴۶۷ھ۔

۲۰۱۱۔ زنجانی [سعد بن علی بن محمد زنجانی] (محدث۔ ۴۷۱ھ) شیخ الحرم

۲۰۱۲۔ زنجانی [ابراہیم بن عبدالوہاب بن ابراہیم زنجانی] (صرفی۔ ۶۵۵) المختصر صرف میں جسکو العزی اور زنجانی بھی کہتے ہیں۔

۲۰۱۳۔ زواوی [زین الدین ابوالحسین یحییٰ بن عبد المعطی بن عبدالنور زواوی مغربی] (نحوی۔ ۶۲۸ قاہرہ) درۃ الالفیہ نحو میں (دیکھو ابن المعطی)

۲۰۱۴۔ زوزنی [ابو محمد عبداللہ بن محمد بن یوسف زوزنی] (ادیب۔ شاعر عرب۔ ۴۳۱ھ) شرح سبعہ معلقات۔ شاہان خراسان کی اولاد کا معلم۔ قدیم تھا

۲۰۱۵۔ زوزنی [قاضی ابو عبداللہ حسین بن احمد زوزنی] (ادیب۔ نحوی۔ ۴۸۶ھ)

۲۰۱۶۔ زہرانی [ابوالربیع سلیمان بن داؤد عتکی بصری] (محدث۔ ۲۳۴ھ)

۲۰۱۷۔ زہراوی [ابوالقاسم خلف بن عباس قرطبی] (طبیب۔ ۵۰۰) التصریف طب میں

۲۰۱۸۔ زہراوی [ابو حفص عمر بن عبید اللہ ذہلی قرطبی زہراوی] (محدث۔ ۴۵۴ھ) عمر ۹۳

۲۰۱۹۔ زہری [امام ابوبکر محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن عبداللہ بن شہاب زُہری مدنی شامی] (تابعی۔ فقیہ۔ محدث۔ ۱۲۴ھ) ولادت ۵۱۔ مدینہ کے نامی محدثین اور فقیہوں میں سے۔ عبدالملک اور ہشام خلفاء بنی امیہ کی صحبت میں رہا۔ امام مالک کا اُستاد۔ سب سے پہلے علم حدیث کو مدوّن کیا

۲۰۲۰۔ زہری [ابو عبداللہ محمد بن سعد بن منیع زہری کاتب واقدی] (محدث۔ مورخ۔ ۲۳۰) طبقات الصحابہ والتابعین والخلفاء (دیکھو ابن سعد)

۲۰۲۱۔ زہیر مصری [زہیر مصری] (شاعر عرب ۔۰۰) دیوان اشعار

۲۰۲۲۔ زیات [ابو عمارہ حمزہ بن حبیب بن عمارہ کوفی] (قاری۔ ۱۵۶ حلوان) شاگرد اعمش۔ مشہور قاریوں میں سے عمر ۷۶۔

۲۰۲۳۔ زیاد [زیاد بن ابیہ یا زیاد بن ابی سفیان یا زیاد بن سمیہ] (صحابی۔ ۵۳ کوفہ) ابوسفیان نے سمیہ سے زنا کیا تھا اُس سے پیدا ہوئے۔

۲۰۲۴۔ زیاد [زیاد بن لبید بن ثعلبہ انصاری] (صحابی۔ خلافۃ علی) رسول اللہ کے ساتھ تمام مشاہد میں رہے۔ آپکے عامل حضرموت

۲۰۲۵۔ زیاد [ابوالفضل زیاد بن مروان قندی انباری بغدادی] (محدث۔ دوسری صدی) امام جعفر و کاظم سے روایت کی

۲۰۲۶۔ زید [زید بن ارقم بن زید انصاری خزرجی کوفی] (صحابی۔ محدث۔ ۶۶) رسول اللہ کے ساتھ تمام مشاہد میں اور علی کے ساتھ صفین میں تھے۔

۲۰۲۷۔ زید [زید بن ثابت انصاری] (صحابی۔ محدث۔ ۵۴ھ مدینہ) کاتب نبی۔ عمر ۵۶۔ ابوبکر اور عثمان کے عہد میں قرآن مرتب کیا

۲۰۲۸۔ زید [زید بن حارثہ] (صحابی۔ ۸) رسول اللہ نے اُمّ ایمن سے شادی کر دی جس سے اسامہ پیدا ہوئے۔ دوسری شادی زینب بنت جحش سے جن کو طلاق دیدی۔ جنگ موتہ میں شہید ہوئے۔ عمر ۵۵

۲۰۲۹۔ زید [زید بن خارجہ خزرجی انصاری] (صحابی۔ عہد عثمان)

۲۰۳۰۔ زید [زید بن خالد جہنی نزیل کوفہ] (صحابی۔ محدث۔ ۷۸) عمر ۸۵

۲۰۳۱۔ زید [زید بن خطاب عدوی] (صحابی۔ ۱۲) حضرت عمر کے بڑے بھائی۔ جنگ یمامہ میں مارے گئے

۲۰۳۲۔ زید [زید بن سراقہ] (صحابی۔ ۱۳) جنگ جسر میں شہید ہوئے

۲۰۳۳۔ زید [زید بن صوحان بن حجر عبدی] (صحابی۔ محدث۔ ۳۶) صیحان اور صعصعہ کے بھائی۔ زید اور صیحان علی کی ہمراہی میں جنگ جمل میں شہید ہوئے۔

۲۰۳۴۔ زید [زید بن وہب جہنی] (تابعی۔ ۹۰) از اصحاب علی۔ جناب علی کے عیدین اور جمعہ کے خطبے جمع کر کے لکھے۔

۲۰۳۵- زید بن یونس [زید بن محمد بن یونس ابو اسامۃ الشحام کوفی] (محدث - دوسری صدی) امام جعفر و کاظم سے روایت کی۔

۲۰۳۶- زیلعی [جمال الدین عبداللہ بن یوسف حنفی] (فقیہ - ۷۶۲) نصب الرایہ لاحادیث الہدایہ

۲۰۳۷- زیلعی [فخر الدین زیلعی حنفی] (فقیہ - صدی ہشتم) تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق - جمال الدین زیلعی کا اُستاد

۲۰۳۸- زینب [زینب بنت جحش] (صحابیہ - ۲۱ مدینہ)

۲۰۳۹- زینب [زینب بنت خدیجہ] (صحابیہ - ۸ مدینہ) ابو العاص بن ربیع کی زوجہ

۲۰۴۰- زینب [زینب بنت خزیمہ (اُمّ المساکین)] (صحابیہ - ۴ مدینہ) زوجۂ رسول

۲۰۴۱- زینب بنت الشعریؒ [اُمّ المؤید زینب بنت عبد الرحمان بن حسن جرجانی] (عالمہ - ۶۱۵) ولادت ۵۲۴ - ابن خلکان کے مشائخ سے۔

۲۰۴۲- زینب [زینب بنت علی بن ابیطالب] (صحابیہ - -) زوجہ عبداللہ بن جعفر

۲۰۴۳- زین الدین تایبادی [زین الدین علی تایبادی] (صوفی - ۷۹۱) امیر تیمور کا پیر

۲۰۴۴- زین الدین حنبلی [زین الدین ابو الفرج عبد الرحمان بن شہاب الدین ابو العباس احمد بن حسن بن رجب حنبلی دمشقی] (محدث - فقیہ - واعظ - ۷۹۵) شرح ترمذی
شرح بخاری - طبقات حنابلہ - شرح اربعین نوویہ - استنشاق نسیم الانس۔

۲۰۴۵- زین الدین خونساری [شیخ زین الدین بن عین علی خونساری] (فقیہ - صدی دوازدہم) وفات در اوائل جلوس نادرشاہ

۲۰۴۶- زین الدین صغیر [زین الدین بن شیخ علی بن محمد بن حسن بن شہید ثانی] (فقیہ - صدی یازدہم) زین الدین وسط کے بھتیجے

۲۰۴۷- زین الدین عاملی [زین الدین بن حسین بن علی عاملی] (فقیہ - ۱۰۷۸) شرح حجیہ - متوسط الفتوح - مبحث تقیہ - کتاب التاریخ

۲۰۴۸- زین الدین عراقی [ابو الفضل عبد الرحیم بن حسین عراقی] (محدث - ۸۰۶) تخریج احادیث احیاء العلوم - شرح ترمذی ناتمام

۲۰۴۹- زین الدین کبیر [زین الدین بن علی بن احمد بن محمد جبعی عاملی شامی] (فقیہ - ۹۶۶) شہید ثانی - شرح لمع

۲۰۵۰- زین الدین نابلسی [ابو البقاء خالد بن یوسف بن سعد نابلسی مقدسی] (محدث - ادیب - ۶۶۳) ولادت ۵۸۵ نابلس

۲۰۵۱- زین الدین وسط [زین الدین بن محمد بن حسن بن شہید ثانی اصفہانی مکی] (فقیہ - ادیب - ۱۰۶۴ مکہ) معروف بہ شیخ زین الدین الوسط - شاگرد
بہاء الدین عاملی - ولادت ۱۰۰۹

۲۰۵۲- زین العابدین [زین العابدین بن نور الدین علی بن حسین عاملی] (فقیہ - ۱۰۷۳) اپنے والد کے شاگرد

۲۰۵۳- زین العابدین [علی بن الحسین بن علی بن ابیطالب ہاشمی] (امام چہارم - ۹۵)

۲۰۵۴- زین العابدین [شیخ زین العابدین مازندرانی حائری] (فقیہ - بعد ۱۳۰۷) ان کی وفات پر انکے بیٹے شیخ محمد حسین ان کے جانشین ہوئے - ذخیرۃ المعاد[1]

۲۰۵۵- زین العابدین بن حسن بن علی بن محمد حر عاملی] (فاضل - ادیب - شاعر عرب - ۱۰۷۸) مناسک المروی فی شرح الحجیہ - وسط الفتوح - رسالہ تقیہ -
تاریخ - حر عاملی کے بھائی

۲۰۵۶- زین المشائخ [محمد بن ابو القاسم بن بایجوک بقالی خوارزمی] (نحوی - لغوی - ۵۶۲) مفتاح التنزیل - تقویم اللسان - شاگرد زمخشری

۲۰۵۷- زینی [زین العابدین بن ابراہیم بن نجیم مصری حنفی] (فقیہ - ۹۷۰) (دیکھو ابن النجیم اور دحلان)

۲۰۵۸- زینی زادہ [حسین بن احمد] (نحوی - صدی دوازدہم) ۱۱۶۸ میں زندہ تھا - فوائد الشافیہ علے اعراب الکافیہ - معرب الاظہار

۲۰۵۹- سابق [قاضی عبداللہ المشتہر بہ ملا محمد عمر بن قاضی غوث محمد بن قاضی محمد سعید بکری بخاری بنارسی] (فقیہ - مفسر - ادیب - منطقی - شاعر فارسی - ۱۲۴۵ بنارس)
شاگرد آرزو - گنج شایگاں - مثنوی سوز و گداز - عمر ۹۲

۲۰۶۰- سالار مسعود [سالار مسعود غازی (بالے میاں - سالار رجب)] (صوفی - ۴۲۴ بہرائچ) محمود غزنوی کے بھانجے - محمد بن حنفیہ کی نسل سے - عمر ۱۹ سال

۲۰۶۱- سالم - ابو المرجی الحاجب سالم بن احمد بن سالم تمیمی بغدادی] (نحوی - عروضی - ۶۱۱) یعقوب حموی کا اُستاد - منتجب کے نام سے مشہور ہے۔

[1] شاگرد آقا سید ابراہیم۔

۲۰۶۲- سالم [شیخ سدید الدین سالم بن محفوظ بن عزیز حلی شیعی] (فقیہ - صدی ہفتم حلہ) سید علی بن طاؤس نے ان سے روایت کی ہے۔ کتاب المنہاج علم کلام میں۔ اُستاد محقق حلی۔

۲۰۶۳- سالم [شیخ معین الدین ابوالحسن سالم بن بدران بن علی مصری مازنی شیعی] (فقیہ - صدی ہفتم) معاصر علامہ حلی

۲۰۶۴- سالم [ابو خدیجہ سالم بن مکرم بن عبداللہ (ابوسلمہ کناسی)] (محدث - دوسری صدی) جناب صادق و کاظم سے روایت کی

۲۰۶۵- سالم بن ابی الجعد [سالم بن ابی الجعد رافع کوفی] (تابعی - محدث - ۹۷)

۲۰۶۶- سالم بن عبداللہ [سالم بن عبداللہ بن عمر بن خطاب مدنی] (تابعی - محدث - فقیہ - ۱۰۶ مدینہ) ۷ فقہائے مدینہ سے

۲۰۶۷- سالم بن معقل [سالم بن معقل فارسی اصطخری] (صحابی - ۱۲ یمامہ) ابو حذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ کے غلام

۲۰۶۸- سائب [ابوالعباس اعمی مکی] (شاعر عرب - حدود ۱۰۰) علاء کا والد، خبیث - فاسق - آل محمد کا دشمن - بنی امیہ کا طرفدار، ابوالطفیل عامر بن واثلہ شیعی شاعر اس کے اقوال کو رد کرتا تھا۔

۲۰۶۹- سبط ابن[1] جوزی [شمس الدین یوسف بن قزغلی یا قزاوغلی] (مورخ - محدث - ۶۵۴ دمشق) تاریخ مراۃ الزمان - تذکرہ خواص الامۃ شرح مسلم۔ [سبط حسن - مولوی سبط حسن لکھنوی - واعظ بے نظیر - حی]

۲۰۷۰- سبکی [تاج الدین عبدالوہاب شافعی] (فقیہ - رجالی - ۷۷۱) طبقات الشافعیہ - جمع الجوامع اصول فقہ میں

۲۰۷۱- سبکی [تقی الدین ابوالحسن علی بن عبدالکافی بن علی خزرجی شافعی مصری] (محدث - مفسر - متکلم - ۷۵۶) ولادت ۶۸۳ - قاضی القضاۃ۔

۲۰۷۲- سبیعی [ابو محمد حسن بن احمد بن صالح سبیعی ہمدانی حلبی] (محدث - ۳۷۱) کتاب التبصرہ فی فضائل العترۃ

۲۰۷۳- سبیعی [ابو اسحاق عمر بن عبداللہ بن علی سبیعی ہمدانی کوفی] (تابعی - محدث - ۱۲۷ یا ۱۳۲) ولادت ۳۲ شمر سے روایت کرتا ہے اور اعمش، شعبہ اور ثوری اس سے۔

۲۰۷۴- سجاعی [سجاعی] (ادیب - نحوی - ۱۱۹۷) شرح شواہد ابن عقیل

۲۰۷۵- سجاوندی [سراج الدین محمد سجاوندی حنفی] (فرضی - فقیہ - صدی ہفتم) سراجیہ فرائض میں

۲۰۷۶- سجستانی [دیکھو ابوداؤد سجستانی - ابوبکر سجستانی]

۲۰۷۷- سجزی [زکریا بن یحییٰ] (محدث - ۲۸۹)

۲۰۷۸- سحنون [ابوسعید عبدالسلام بن سعید تنوخی مالکی] (فقیہ - ۲۴۰) ولادت ۱۶۰ - قاضی قیروان - کتاب المدونہ مذہب مالک میں

۲۰۷۹- سخاوت علی [سخاوت علی بن مفتی محمد ابراہیم بنارسی] (فقیہ - ادیب - شاعر فارسی - ۱۲۸۱) ولادت ۱۲۱۹ - مفتی بہرائچ

۲۰۸۰- سخاوت علی [سخاوت علی عمری جونپوری] (فقیہ - ۱۲۷۴ مکہ)

۲۰۸۱- سخاوی [علم الدین ابوالحسن علی بن محمد بن عبدالصمد ہمدانی مصری شافعی] (نحوی - لغوی - ۶۴۳ دمشق) شاطبی، سلفی اور بوصیری کا شاگرد - شرح مفصل زمخشری ۴ جلد

۲۰۸۲- سخاوی [شمس الدین محمد بن علی بن عبدالرحمان مصری شافعی] (مورخ - ۹۰۲ مدینہ) تحفۃ الاحباب فی الخطط والمزارات مصر، ولادت ۸۳۱

۲۰۸۳- سُدّی [ابو محمد اسمٰعیل بن عبدالرحمان سُدّی (کوفہ)] (تابعی - محدث - مفسر - ۱۲۷ کوفہ)

۲۰۸۴- سدید الدین کاشغری [سدید الدین کاشغری حنفی] (فقیہ - ...) منیۃ المصلی

۲۰۸۵- سدید الدین گازرونی [سدید الدین گازرونی] (طبیب - صدی ہشتم) سدیدی شرح موجز القانون

۲۰۸۶- سراب [محمد بن عبدالفتاح تنکابنی مازندرانی][2] (فقیہ - متکلم - ۱۱۲۴ اصفہان) سفینۃ النجاۃ اصول دین میں - ضیاء القلوب۔

۲۰۸۷- سراج الدین [سراج الدین علی خان آرزو اکبرآبادی دہلوی لکھنوی] (ادیب - فقیہ - شاعر - ۱۱۶۹) چراغ ہدایت - مجمع النفائس - تذکرہ

[1] ابن جوزی کے نواسہ ہیں [2] شاگرد محمد باقر خراسانی۔ ان کے بیٹے محمد صادق ان کے شاگرد اور بڑے عالم تھے۔

۲۰۸۸- سراج الدین [سراج الدین بن نور الدین] (محدث - ۸۰۴) شرح بخاری - شرح عمدہ

۲۰۸۹- سراج الدین [سراج الدین عمر غزنوی ہندی مصری] (فقیہ - ۷۷۳) شامل فقہ ہیں - شرح جامع الصغیر - شرح منار - کتاب الخلافہ - لوائح الانوار - لوامع شرح جمع الجوامع -

۲۰۹۰- سراقہ بن حارث [سراقہ بن حارث] (صحابی - ۸) جنگ حنین میں مارے گئے -

۲۰۹۱- سراقہ بن مالک [سراقہ بن مالک مدلجی] (صحابی - شاعر عرب - ۲۴)

۲۰۹۲- سرخوش [محمد افضل دہلوی] (شاعر فارسی - ۱۱۲۶)

۲۰۹۳- سرمد [سرمد دہلوی] (صوفی - ۱۰۷۰) بالکل برہنہ رہتے تھے - عالمگیر نے قتل کرا دیا

۲۰۹۴- سروجی [تقی الدین عبد اللہ بن علی بن منجد سروجی] (ناظم - ناثر - لغوی - ۶۹۳ قاہرہ) ولادت ۶۲۷ - سروج -

۲۰۹۵- سری سقطی [شیخ ابوالحسن سری بن مغلس سقطی بغدادی] (صوفی - ۲۵۳ بغداد) معروف کرخی کے مرید - جنید بغدادی کے ماموں اور خسر - معروف امام رضا کے دربان تھے -

۲۰۹۶- سری موصلی [سری بن احمد بن سری موصلی] (شاعر - ۳۶۲)

۲۰۹۷- سعد بن خلف [سعد بن خلف بن سعید قرطبی] (ادیب - صدی ششم) ابوالقاسم نحاس کا شاگرد - ابو عثمان مالکی سے سو برس پہلے ہوا ہے -

۲۰۹۸- سعد بن عبادہ [سعد بن عبادہ خزرجی انصاری] (صحابی - ۱۵ حوران) ۱۲ نقیبوں میں سے - انصار کے سردار

۲۰۹۹- سعد بن عبد اللہ قمی [سعد بن عبد اللہ قمی] (فقیہ - محدث - تیسری صدی) معاصر امام حسن عسکری - بصائر الدرجات ۴ جلد جو صفار کی بصائر کے علاوہ ہے

۲۱۰۰- سعد بن معاذ [سعد بن معاذ انصاری اوسی] (صحابی - ۵) عقبہ اول و ثانیہ کے درمیان مدینہ میں مسلمان ہوئے - جنگ خندق کے زخم سے انتقال - عمر ۳۷

۲۱۰۱- سعد بن ابی وقاص [مالک بن وہیب زہری] (صحابی - محدث - ۵۵ مدینہ) عمر ۷۰ - وقت اسلام ۱۷ سال - عشرہ مبشرہ سے ہیں

۲۱۰۲- سعد الدین فارقی [سعد الدین مروان بن عبد اللہ فارقی] (ادیب - شاعر - ۶۹۱ دمشق) مصر میں بھی عرصہ تک رہا [نیز دیکھو تفتازانی]

۲۱۰۳- سعد اللہ [مفتی سعد اللہ مراد آبادی رامپوری] (ادیب - فقیہ - ۱۲۹۴ رامپور) ولادت ۱۲۱۹ - نوادر الاصول شرح فصول اکبری - عروض و قافیہ - مفید الطلاب فی خاصیۃ الابواب - میزان الافکار شرح معیار الاشعار - رسالہ تشبیہ و استعارہ -

۲۱۰۴- سعد اللہ [سید سعد اللہ سلونی شطاری قادری] (صوفی - ۱۱۳۸ سورت) سلون قصبہ ضلع الٰہ آباد میں - سورت میں گئے - پھر سورت میں آ رہے

۲۱۰۵- سعدون [ابو عطا سعید البصری] (مجنون - بعد - ۲۵۰) [سعدی - دیکھو ابو عبد اللہ سعدی]

۲۱۰۶- سعدی [شیخ مصلح الدین عبد اللہ شیرازی] (صوفی - شاعر فارسی - ۶۹۱) گلستان - بوستان - قصائد وغیرہ - شاگرد ابن جوزی - عمر ۱۱۰ - [۱]

۲۱۰۷- سعید (محمد) [محمد سعید عمری بخاری بنارسی] (حکیم - شاعر فارسی - صدی سیزدہم)

۲۱۰۸- سعید بن ابراہیم [سعید بن ابراہیم بن عبد الرحمان بن عوف] (تابعی - فقیہ - ۱۲۵) قاضی مدینہ - عمر ۷۲

۲۱۰۹- سعید بن جبیر [ابو عبد اللہ سعید بن جبیر بن ہشام والبی اسدی کوفی] (مفسر - محدث - تابعی - ۹۵ واسط) سکونت مکہ و کوفہ - عمر ۴۹ - امام زین العابدین کے صحابی - حجاج نے شہید کیا

۲۱۱۰- سعید بن خالد [سعید بن خالد بن سعید بن العاص اموی] (صحابی - ۱۲) جنگ مرج الصفر میں مارے گئے -

۲۱۱۱- سعید بن زید [سعید بن زید ابو الاعور عدوی قرشی] (محدث - ۵۱) عمر کی بہن فاطمہ کے شوہر - عشرہ مبشرہ سے ہیں عمر ۷۳

۲۱۱۲- سعید بن سعد [سعید بن سعد بن عبادہ خزرجی] (صحابی - ۰) علی کی طرف سے یمن کے گورنر

۲۱۱۳- سعید بن العاص [سعید بن العاص اموی] (صحابی - ۵۹) عام الہجرۃ کو پیدا ہوئے - مصحف عثمان کی ترتیب میں یہ بھی شریک تھے -

۲۱۱۴- سعید بن مسیب [ابو محمد سعید بن مسیب بن حزن مخزومی مدنی] (تابعی - فقیہ - محدث - ۹۱ یا ۹۴ مدینہ) ولادت ۲۵ یا ۱۵ - مدینہ کے فقہائے ...

[۱] مرید شہاب الدین سہروردی -

۲۱۱۵۔ سغناقی [حسام الدین حسن بن علی حنفی] (فقیہ - ۷۱۴) نہایہ شرح ہدایہ

۲۱۱۶۔ سفاقسی [ابو اسحاق ابراہیم بن محمد سفاقسی] (نحوی۔ مفسر - ۷۴۲) المجید اعراب قرآن میں - ابو حیان کا شاگرد

۲۱۱۷۔ سفیان ثوری [شیخ عبد اللہ سفیان بن سعید بن مسروق کوفی] (صوفی۔ محدث - فقیہ - ۱۶۱ بصرہ) عمر ۶۴۔ شاگرد امام مالک۔ جنید بغدادی کے پیر۔ ولادت ۹۷ یا ۹۹

۲۱۱۸۔ سفیان بن عُیَینہ [ابو محمد سفیان بن عیینہ بن ابی عمران میمون ہلالی کوفی مکی] (مفسر۔ محدث۔ فقیہ - ۱۹۸) شاگرد ابو حنیفہ - عمر ۹۱

۲۱۱۹۔ سکاکی [سراج الدین ابو یعقوب یوسف بن ابو بکر محمد بن علی خوارزمی] (ادیب - فقیہ متکلم - ۶۲۶ خوارزم) مفتاح العلوم - ولادت ۵۵۵

۲۱۲۰۔ سکری [شیخ ابو سعید حسن بن حسین بن عبید اللہ سکری عتکی] (نحوی۔ لغوی - ۲۷۵) از نسل مہلب بن ابی صفرہ - ولادت ۲۱۲

۲۱۲۱۔ سکینہ [سکینہ بنت الحسین بن علی بن ابیطالب] (شاعرہ - ۱۱۷) اہلسنت کے موافق اول مصعب بن زبیر سے پھر عبد اللہ بن عثمان بن عبد اللہ بن حکیم بن حزام سے نکاح ہوا۔ اہل تشیع نے جواب شہر میں ثابت کیا ہے کہ کم سنی میں قید خانۂ شام میں انتقال کیا۔

۲۱۲۲۔ سلار دیلمی [سلار بن عبد العزیز دیلمی حلبی] (فقیہ متکلم - صدی پنجم) شاگرد مفید و مرتضیٰ - رد علی الشافعی تقریب الاصول مراسم فقہ میں - رد جواب حسین البصری

۲۱۲۳۔ سلام اللہ [سلام اللہ رامپوری بن شیخ الاسلام] (فقیہ۔ محدث۔ مفسر - ۱۲۲۹) از نسل عبد الحق دہلوی - کمالین حاشیہ جلالین - ترجمہ بخاری فارسی۔ اصول حدیث۔

۲۱۲۴۔ سلام بغدادی [سلام بن محمد بن اسماعیل ارزنی بغدادی] (محدث - فقیہ - ۴۳۹ بغداد) (کتاب الغیبہ۔ کشف الحیرۃ۔ کتاب المقنع فقہ میں کتاب الحج

۲۱۲۵۔ سلامی [ابو الحسن محمد بن عبد اللہ بن محمد مخزومی بغدادی] (شاعر عرب - ۳۹۳) ولادت ۳۳۶ کرخ۔ عضد الدولہ کی مدح میں قصیدہ کہا

۲۱۲۶۔ سلامی [ابو الفضل محمد بن ناصر بن محمد بغدادی] (محدث - ادیب - ۵۵۰ بغداد) ولادت ۴۶۷

۲۱۲۷۔ سلاوی [احمد بن خالد ناصری سلاوی مراکشی] (مورخ - اوائل صدی چہاردہم) استقصاء الاخبار جو مراکش کی تاریخ ہے فتح کے وقت سے سنہ ۱۸۹۴ء تک

۲۱۲۸۔ سلطان العلماء [دیکھو خلیفہ سلطان سید حسین بن رفیع الدین محمد صدر اصفہانی] (عالم محقق - مدقق - ۱۰۶۴)

۲۱۲۹۔ سلطان العلماء [سید محمد بن سید دلدار علی لکھنوی] (فقیہ۔ متکلم۔ بعد ۱۲۷۳) (دیکھو سید محمد)

۲۱۳۰۔ سلفی [حافظ صدر الدین[1] ابو طاہر احمد بن محمد بن احمد اصفہانی شافعی] (محدث - مورخ - فقیہ - لغوی - ۵۷۶ اسکندریہ) تاریخ - کیا ہرسی و خطیب تبریزی کا شاگرد - ولادت ۴۷۲ - عمر ۱۰۶

۲۱۳۱۔ سلماسی [سدید محمد بن ہبۃ اللہ بن عبد اللہ سلماسی شافعی] (فقیہ - ۵۷۴ بغداد) سلماس علاقہ آذربیجان میں

۲۱۳۲۔ سلمان ساوجی [جمال الدین بغدادی] (شاعر فارسی - ۷۷۸) مداح امیر حسین نویان و امیر اویس و الیان بغداد

۲۱۳۳۔ سلمان فارسی [سلمان فارسی] (صحابی - محدث - ۳۵ یا ۳۶ مداین) ہجرت کے اول سال مسلمان ہوئے - عمر ڈھائی سو سال بعض کہتے ہیں حضرت عیسیٰ کا زمانہ دیکھا تھا

۲۱۳۴۔ سلمہ بن الکوع [سلمہ بن الکوع اسلمی مدنی] (صحابی - محدث - ۷۴) عمر ۸۰

۲۱۳۵۔ سلیم بن ایوب [ابو القاسم یا ابو الفتح سلیم بن ایوب بن سلیم رازی شافعی] (فقیہ - ادیب - ۴۴۷) عمر ۸۰ سے زیادہ - ابو حامد اسفرائنی کا شاگرد - کتاب الاشارہ - غریب الحدیث (دیکھو ابو الفتح رازی)

۲۱۳۶۔ سلیم چشتی [شیخ سلیم چشتی] (صوفی - ۹۷۹) فتحپور سیکری میں مزار - اکبر و جہانگیر بادشاہ کے پیر

۲۱۳۷۔ سلیم بن قیس [ابو صادق سُلیم بن قیس ہلالی عامری کوفی شیعی] (محدث - لواخر صدی اول) از اصحاب علی - ۵ اماموں کی خدمت سے فیضیاب ہوا - کتاب الحدیث۔

۲۱۳۸۔ سلیمان بحرانی [شیخ سلیمان بن علی بن سلیمان بحرانی شاخوری] (فقیہ - ۱۱۰۱)

۲۱۳۹۔ سلیمان بحرانی [شیخ ابو الحسن سلیمان بن عبد اللہ بن علی بحرانی ماحوزی] (فقیہ - ۱۱۲۱) محقق بحرانی۔

[1] یا عماد الدین۔

۲۱۴۰۔ سلیمان قندوزی [سلیمان بن خواجہ کلاں قندوزی بلخی قسطنطنیوی حنفی نقشبندی] (صوفی۔ ۱۲۹۴ قسطنطنیہ) ینابیع المودۃ

۲۱۴۱۔ سلیمان حلوانی [ابوعبداللہ سلیمان بن محمد بن الفتح حلوانی نہروانی بغدادی] (نحوی۔ ۴۹۴ بغداد)

۲۱۴۲۔ سلیمان بن خالد [ابوالربیع سلیمان بن خالد ہلالی کوفی] (محدث۔ دوسری صدی) معاصر جناب صادق

۲۱۴۳۔ سلیمان زہراوی [سلیمان بن زہراوی] (نحوی۔ ۴۵۶ قرطبہ) نحاس سیرافی اور زجاج وغیرہ سے روایت کی

۲۱۴۴۔ سلیمان بن سفیان [ابوداؤد سلیمان بن سفیان المشرق کوفی] (محدث۔ ۲۳۰) عمر ۷۰

۲۱۴۵۔ سلیمان (شاہ) [شاہ سلیمان] (صوفی۔ ۱۰۶۵)

۲۱۴۶۔ سلیمان بن صالح [سلیمان بن صالح بن احمد بن عصفور درازی] (فقیہ۔ ۱۰۸۵ کربلا)

۲۱۴۷۔ سلیمان بن صرد [سلیمان بن صرد خزاعی کوفی] (صحابی۔ ۶۵) انتقام خون حسین میں عبدالملک کی فوج سے لڑ کر شہید ہوئے

۲۱۴۸۔ سلیمان بن علی [سلیمان بن علی کوفی الاصل تلمسانی] (صوفی۔ ۶۹۰ دمشق) ابن عربی کے طریق پر تھے۔

۲۱۴۹۔ سلیمان کاظمینی [شیخ سلیمان بن محمد صیداوی عاملی کاظمینی] (فقیہ۔ صدی یازدہم) معاصر حر عاملی

۲۱۵۰۔ سلیمان یزدی [مرزا سلیمان حسنی حسینی طباطبائی نائینی یزدی] (فقیہ۔ ۱۲۵۴ یزد)

۲۱۵۱۔ سلیمان بن یسار [ابوایوب سلیمان بن یسار] (تابعی۔ محدث۔ ۱۰۷ مدینہ) میمونہ زوجۂ نبی کے غلام۔ مدینہ کے فقیہوں سے۔ عمر ۷۳

۲۱۵۲۔ سماعہ [ابوناشرہ سماعہ بن مہران بن عبدالرحمان حضرمی] (محدث۔ ۱۴۵ مدینہ) امام جعفر صادق و کاظم سے روایت کی۔ عمر ۶۰

۲۱۵۳۔ سماک [سماک بن حرب ذہلی] (تابعی۔ ۱۲۳) (نیز دیکھو ابودجانہ)

۲۱۵۴۔ سمان [ابوسعد اسماعیل بن علی بن حسین رازی معتزلی] (محدث۔ ۴۴۵)

۲۱۵۵۔ سمان [ابوبکر ازہر بن سعد باہلی بصری] (محدث۔ ۲۰۳ یا ۲۰۷) ولادت ۱۱۱۔ منصور دوانیقی کا مصاحب

۲۱۵۶۔ سمرہ [سمرہ بن جندب فزاری] (صحابی۔ ۵۹ بصرہ)

۲۱۵۷۔ سمرقندی [اسحاق بن محمد سمرقندی ماتریدی] (حکیم۔ متکلم۔ ۳۴۲) سواد الاعظم اصول دین میں

۲۱۵۸۔ سمرقندی [شمس الدین محمد] (منطقی۔ سنہ ۱۲۰۰) قسطاس المیزان منطق میں

۲۱۵۹۔ سمرقندی [شمس الدین محمد بن اشرف] مہندس۔ ۶۰۰) اشکال التاسیس ہندسہ میں

۲۱۶۰۔ سمرقندی [نجیب الدین ابوحامد محمد بن علی بن عمر] (طبیب۔ ۶۱۸) اسباب الامراض۔ تجنیات کلیات طب میں۔

۲۱۶۱۔ سمعانی [ابوسعد عبدالکریم بن ابوبکر محمد تمیمی مروزی شافعی] (محدث۔ نسابہ۔ مورخ۔ ۵۶۲) کتاب الانساب۔ معجم البلدان۔ معجم الشیوخ۔ ذیل تاریخ خطیب۔ تاریخ مرو۔ ولادت ۵۰۶

۲۱۶۲۔ سمویہ [اسماعیل بن عبداللہ اصفہانی] (محدث۔ ۲۶۷)

۲۱۶۳۔ سمہودی [سید نورالدین علی بن عبداللہ شافعی مدنی] (مورخ۔ محدث۔ ۹۱۱) خلاصۃ الوفاء اور وفاء الوفاء فی اخبار دار المصطفیٰ۔ جواہر العقدین۔

۲۱۶۴۔ سمین [شہاب الدین احمد بن یوسف حلبی] (نحوی۔ مفسر۔ ۷۵۶) ابوحیان کا شاگرد

۲۱۶۵۔ سمیہ [سمیہ (والدۂ عمار یاسر)] (صحابیہ۔ ۔) اسلام میں پہلی شہیدہ ہے۔ ابوجہل کے ہاتھ سے مکہ میں شہید ہوئی

۲۱۶۶۔ سنائی [حکیم ابوالمجد مجدالدین محمد بن آدم غزنوی (حکیم سنائی)] (صوفی۔ شاعر فارسی۔ حکیم۔ ۵۲۵ یا ۵۵۹ غزنی) حدیقۃ الحقائق۔ مولانا رومی نے ان کی بہت تعریف کی ہے۔ روضات الجنات میں انکا نام مجدود لکھا ہے۔ عمر ۶۲

۲۱۶۷۔ سنجر کاشی [سنجر کاشی بن حیدر معمائی] (شاعر فارسی۔ ۱۰۲۱) اکبرآباد و بیجاپور میں ایران سے آکر رہا۔ مداح اکبر و شاہزادگان۔

۲۱۶۸- سندی [سندی] (محدث - ۱۱۳۸) حاشیہ بخاری

۲۱۶۹- سنوسی [محمد بن یوسف اشعری] (متکلم - ۸۹۵) عقیدہ اہل التوحید یا کبرائے سنوسی - اُم البراہین یعنی عقیدہ سنوسیہ صغریٰ

۲۱۷۰- سودا [مرزا رفیع دہلوی] (شاعر اردو - ۱۱۹۵) ولادت ۱۱۲۵ - شاہ حاتم اور خان آرزو کے شاگرد

۲۱۷۱- سودہ [سودہ بنت زمعہ] (صحابیہ - ۲۲ مدینہ)

۲۱۷۲- سوز [سید محمد میر دہلوی لکھنوی] (شاعر اردو - ۱۲۲۵) معاصر سودا

۲۱۷۳- سوید [سوید بن غفلہ نخعی کوفی] (صحابی - ۸۱) عمر ۱۲۵ یا ۱۲۷ ولادت ۲ عام الفیل

۲۱۷۴- سویدی [ابو الفوز محمد امین بغدادی] (نسّابہ - ...) سبائک الذہب فی معرفۃ قبائل العرب جو سنہ ۱۲۲۹ھ میں لکھی

۲۱۷۵- سویدی [ابراہیم بن محمد بن ترخان انصاری دمشقی] (طبیب فلسفی - ۶۹۰) تذکرۃ الامراض - خواص الاحجار

۲۱۷۶- سہروردی [ضیاء الدین ابو النجیب عبد القاہر بن عبد اللہ بن محمد سہروردی] (صوفی فقیہ - ۵۶۳) از نسل محمد بن ابی بکر شہاب الدین سہروردی کے چچا۔

۲۱۷۷- سہروردی [شہاب الدین ابو حفص عمر بن عبد اللہ بن محمد سہروردی بغدادی شافعی] (صوفی - ۶۳۲) عوارف المعارف

۲۱۷۸- سہل بن سعد [سہل بن سعد ساعدی انصاری] (صحابی - محدث - ۹۱ مدینہ) وفات رسول کے وقت ۱۵ سال کے تھے۔

۲۱۷۹- سہل بن حنیف [سہل بن حنیف انصاری اوسی] (صحابی - محدث - ۳۸ کوفہ) علی کی طرف سے مدینہ کے پھر فارس کے گورنر

۲۱۸۰- سہل شوستری [ابو محمد سہل بن عبد اللہ بن رفیع شوستری] (صوفی مفسر - ۲۸۳ بصرہ) مکہ میں ذوالنون مصری سے ملاقات کی عمر ۸۳ - تفسیر

۲۱۸۱- سہل صعلوکی [ابو الطیب سہل بن محمد بن سلیمان صعلوکی نیشاپوری شافعی] (فقیہ متکلم - ادیب - ۳۸۷)

۲۱۸۲- سہیل [سہیل بن عمرو قرشی عامری] (صحابی - ۱۸ عمواس)

۲۱۸۳- سہیلی [ابو القاسم عبد الرحمان بن عبد اللہ بن احمد بن سعدون مالقی] (محدث - مورخ - نحوی - ۵۸۱ مراکش) روض الانف یعنی شرح سیرۃ ابن ہشام - ولادت ۵۰۸ - ۱۷ سال کی عمر میں نابینا ہو گیا تھا۔

۲۱۸۴- سیالکوٹی [قاضی عبد الحکیم] (فقیہ متکلم - ۱۰۶۷) حاشیہ تفسیر بیضاوی - حاشیہ عقائد عضدی و نسفی - ترجمہ غنیۃ الطالبین

۲۱۸۵- سیبویہ [ابو بشر عمر بن عثمان بن قنبر حارثی بیضاوی بصری بغدادی] (نحوی - ۱۸۰ یا ۱۹۴ بغداد) خلیل و اخفش اکبر کا شاگرد۔ متقدمین و متاخرین میں سب سے بڑا نحوی - الکتاب نحو میں - عمر ۳۲ یا ۴۰

۲۱۸۶- سید ابراہیم [سید العلماء سید محمد ابراہیم بن ممتاز العلماء محمد تقی بن سید حسین بن دلدار علی لکھنوی] (فقیہ - حی)

۲۱۸۷- سید ابو [سید ابو الحسن محمد بن علی بن صفدر لکھنوی] (فقیہ - حی)

۲۱۸۸- سید احمد [سید احمد بن سید ابراہیم] (فقیہ - حی) حمایۃ الاسلام

۲۱۸۹- سید احمد [سید احمد مجاہد رائے بریلوی] (فقیہ - صوفی - ۱۲۴۶ بالاکوٹ) مرید و خلیفہ عبد العزیز دہلوی

۲۱۹۰- سید احمد [سید احمد دہلوی] (ادیب اردو - لغوی - ۱۳۳۰) فرہنگ آصفیہ اردو - انشاء ہادی النساء

۲۱۹۱- سید احمد [سید احمد گیسو دراز] (صوفی - ۱۰۵۸ کالپی) سید محمد کالپوی کے بیٹے

۲۱۹۲- سید احمد [سید نظام الدین احمد بن زین العابدین عاملی] (فقیہ - صدی یازدہم) شاگرد بہائی - معارج الہیہ - کشف الحقائق - مفتاح الشفاء - عروۃ الوثقیٰ - نفحات

۲۱۹۳- سید اشرف جہانگیر [سید اشرف جہانگیر سمنانی] (صوفی - ۸۰۸) مخدوم جہانیاں جہانگشت کے مرید

۲۱۹۴- سید حسن رسول نما [سید حسن رسول نما دہلوی] (صوفی - ۱۱۰۳ دہلی)

۲۱۹۵۔ سید حسن [سید حسن بن سید دلدار علی] (عالم۔ ۱۲۶۰) تذکرۃ الشیوخ والشبان

۲۱۹۶۔ سید حسن غزنوی [سید حسن غزنوی] (شاعر فارسی۔ ۵۶۵)

۲۱۹۷۔ سید حسین [سید حسین خنگ سوار] (صوفی۔ ۶۱۰ اجمیر) شہاب الدین غوری کے ساتھ ہند میں آئے۔ اجمیر کے صوبہ دار۔ (نیز دیکھو حسین سید)

۲۱۹۸۔ سید حمیری [ابو ہاشم اسماعیل بن محمد بن یزید حمیری بصری] (شاعر عرب۔ ۱۷۳) ولادت ۱۰۵۔ اس کے آباء حضرت علی کو برا کہتے تھے مگر یہ مداح اہلبیت تھا۔ (دیکھو اسماعیل حمیری)

۲۱۹۹۔ سید خلیفہ [سید خلیفہ بن مطلب بن حیدر] (فقیہ۔ متکلم۔ صدی یازدہم) معاصر شیخ بہائی۔ سیف الشیعہ۔ حق الیقین۔ برہان الشیعہ۔ حجۃ البالغہ۔ کتاب کبیر منطق میں۔

۲۲۰۰۔ سید شریف [سید شریف الدین علی بن محمد بن علی حسینی حنفی جرجانی] (متکلم۔ فقیہ۔ ۸۱۶ شیراز) شرح مواقف۔ شرح مفید۔ حاشیہ کشاف۔ حاشیہ بیضاوی۔ شرح فرائض سراجیہ۔ صرف میر۔ نحو میر۔ محمد بن زید داعی کی اولاد سے۔ شاگرد قطب الدین رازی بویہی۔ ولادت ۷۴۰

۲۲۰۱۔ سید بن طاؤس [ابو القاسم رضی الدین علی بن موسیٰ بن طاؤس] (فقیہ۔ ۶۶۴) کتاب الاقبال۔ لہوف۔ طرائف۔ شرح نہج البلاغہ۔ ربیع الشیعہ۔ (دیکھو ابن طاؤس)

۲۲۰۲۔ سید عبداللہ [سید عبداللہ بن نور الدین بن نعمت اللہ جزائری] (فقیہ۔ ۱۱۷۳) سکونت شوشتر۔ رسالۂ احمدیہ۔ تحفۃ السنیہ۔ مدینۃ النحو۔ شرح مفاتیح الشرائع۔

۲۲۰۳۔ سید العلماء [سید احمد بن نظام الدین ابراہیم بن سلام اللہ] (عالم۔ فقیہ۔ ۱۰۱۵) اثبات الواجب (نیز دیکھو حسین (سید) و سید ابراہیم)

۲۲۰۴۔ سید علن [سید محمد حسین بن ملک العلماء بندہ حسن] (فقیہ۔ ۱۳۲۵) بناء الاسلام

۲۲۰۵۔ سید علی خاں [صدر الدین سید علی بن سید احمد بن سید معصوم دشتکی شیرازی شیعی مدنی] (ادیب۔ شاعر عرب۔ نحوی۔ ۱۱۱۷ حیدرآباد دکن) ولادت ۱۰۵۲ مدینہ۔ انوار الربیع۔ سلافۃ العصر۔ شرح صحیفۂ کاملہ۔ شرح فوائد صمدیہ۔ حدائق الندیہ

۲۲۰۶۔ سید علی ہمدانی [امیر سید علی بن شہاب الدین محمد ہمدانی] (صوفی۔ محدث۔ ۷۸۶ کشمیر) مودۃ القربیٰ۔ ذخیرۃ الملوک۔ اوراد فتحیہ۔ مرید شرف الدین محمود بن عبداللہ مزدقانی۔ ولادت ۷۱۴

۲۲۰۷۔ سید علی [سید علی بن خلف بن مطلب بن حیدر حویزی] (فقیہ۔ صدی یازدہم) معاصر حر عاملی۔ نور المبین تفسیر القرآن۔ وجیز المقال۔ نکت البیان

۲۲۰۸۔ سید علی [آقا سید علی بن محمد علی طباطبائی حائری] (فقیہ۔ ۱۲۳۱ حائر) ریاض المسائل شرح مفاتیح

۲۲۰۹۔ سید علی [سید علی بن سید دلدار علی لکھنوی] (مفسر۔ ۱۲۵۹) تفسیر

۲۲۱۰۔ سید علی [سید علی بن سید محمد حسن کربلائی لکھنوی] (محدث۔ اوائل صدی چہاردہم) مجالس علویہ

۲۲۱۱۔ سید فیروز [سید فیروز] (صوفی۔ ۳۳۹ لاہور) کچھ دنوں دہلی میں بھی رہے

۲۲۱۲۔ سید قاسم [سید قاسم بن سید محمد طباطبائی] (فقیہ۔ صدی یازدہم) شاگرد شیخ بہائی۔ تعلیقات بر کتب اربعہ و جملہ کتب فقہیۂ کلامیۂ اصولیہ

۲۲۱۳۔ سید کاظم رشتی [سید کاظم بن قاسم رشتی] (فقیہ۔ ۱۲۵۹ حائر) لامع الحسینیہ۔ مطالع الانوار شرح لوامع شیخ مقداد

۲۲۱۴۔ سید کاظم طباطبائی [سید محمد کاظم طباطبائی نجفی] (فقیہ۔ حی)

۲۲۱۵۔ سید ماجد [سید ابو علی ماجد بن ہاشم بن علی بحرانی] (فقیہ۔ محدث۔ ۱۰۲۸) سلاسل الحدید۔ رسالۂ یوسفیہ۔ قصیدہ بدیعیہ

۲۲۱۶۔ سید محمد [سید محمد مکی دہلوی ابن سید جعفر مکی] (صوفی۔ ادیب۔ نسابہ۔ ۸۹۱) خلیفہ روشن چراغ دہلی۔ بحر المعانی۔ بحر الانساب۔ معاصر بہلول لودھی۔

۲۲۱۷۔ سید محمد گیسو دراز بن سید شریف عرف سید راجے حسینی] (صوفی۔ ۸۲۴ گلبرگہ) ولادت ۷۲۰۔ زید شہید کی نسل سے۔ روشن چراغ دہلی کے مرید

۲۲۱۸۔ سید محمد [سید محمد بن عبد الجلیل بلگرامی] (ادیب - ۱۱۸۵) الجزء الاشرف من المستطرف - ولادت ۱۱۰۱۔ آزاد بلگرامی کے ماموں۔

۲۲۱۹۔ سید محمد [سید محمد بن حسن بن قاسم] (فقیہ - واعظ - صدی یازدہم) شہید ثانی کے نواسے۔ اثنا عشریہ فی المواعظ العددیہ حدائق

۲۲۲۰۔ سید محمد [سلطان العلماء سید محمد بن سید دلدار علی نصیر آبادی لکھنوی] (فقیہ - متکلم - بعد ۱۲۷۳) طعن الرماح - ضربت حیدریہ لقب بعد وفات رضوان مآب۔

۲۲۲۱۔ سید محمد [آقا سید محمد بن سید علی طباطبائی] (فقیہ - ۱۲۴۲ طہران) مفاتیح الاصول - وسائل اصول فقہ - مصابیح فقہ میں اصلاح العمل

۲۲۲۲۔ سید مرتضےٰ [ابو القاسم علی بن حسین بن موسےٰ بغدادی شیعی (علم الہدیٰ)] (فقیہ - متکلم - ادیب - ۴۳۶) شاگرد شیخ مفید شافی امامت میں مصباح الفقہ مختصر الاصول - انوار الدرر - تنزیہ الانبیاء والائمہ جمل العلم والعمل - کتاب الذخیرہ - امالی - المقنع - تقریب الاصول (دیکھو مرتضےٰ)

۲۲۲۳۔ سید مصطفےٰ [سید مصطفےٰ بن حسین تفریشی] (رجالی - صدی یازدہم) معاصر حر عاملی - نقد الرجال۔

۲۲۲۴۔ سید معصوم [سید محمد معصوم بن محمد مہدی بن حبیب اللہ اصفہانی] (فقیہ - ۱۰۹۵) اصفہان کے شیخ الاسلام

۲۲۲۵۔ سید میرزا جزائری [سید میرزا محمد بن سید شرف الدین علی بن سید نعمۃ اللہ جزائری] (فقیہ - محدث - صدی یازدہم) جوامع الکلم - شاگرد محمد بن خاتون - اُستاد نعمۃ اللہ جزائری۔

۲۲۲۶۔ سیدہ نفیسہ [سیدہ نفیسہ بنت حسن بن زید بن علی بن ابیطالب] (محدثہ - ۲۰۸ قاہرہ) اپنے شوہر اسحٰق بن جعفر صادق کے ساتھ مصر آ رہیں

۲۲۲۷۔ سیدی رزوق [ابو العباس احمد بن احمد بن احمد برنسی فاسی مغربی] (محدث - ۸۹۹) ولادت ۸۴۶

۲۲۲۸۔ سیرافی [قاضی ابو سعید حسن بن عبد اللہ بن مرزبان سیرافی بغدادی] (نحوی - فقیہ - ۳۶۸ بغداد) ولادت ۲۸۴۔ شرح کتاب سیبویہ - سیراف کرمان کے جنوبی ساحل پر ہے

۲۲۲۹۔ سیوطی [علامہ جلال الدین ابوبکر] (محدث - مفسر - مورخ - ۹۱۱) لب اللباب انساب میں - تفسیر اتقان و در المنثور (دیکھو جلال

۲۲۳۰۔ شاب الظریف [شمس الدین محمد بن عفیف الدین تلمسانی] (شاعر عرب - ۶۸۸ دمشق) دیوان اشعار

۲۲۳۱۔ شاذان [ابو عبد الرحمٰن اسود بن عامر بغدادی] (محدث - ۲۰۸ بغداد)

۲۲۳۲۔ شاذان [سدید الدین ابو الفضل شاذان بن جبرئیل بن اسمٰعیل قمی] (محدث - اوائل صدی ہفتم) نجار کے اُستاد - الفضائل - ازاحۃ العلۃ فی معرفۃ القبلہ۔

۲۲۳۳۔ شابستی [ابو الحسن علی بن محمد شابستی] (کاتب - ادیب - ۳۹۰ مصر) عزیز بن معز مصر کے فاطمی بادشاہ کا کاتب - کتاب الدیارات - کتاب الیسر بعد العسر - مراتب الفقہاء

۲۲۳۴۔ شاتانی [علم الدین ابو علی حسن بن سعید بن عبد اللہ شاتانی] (فقیہ - شاعر عرب - ۵۹۹ موصل) شاتان دیار بکر کا ایک قصبہ ہے۔

۲۲۳۵۔ شاذلی [سید ابو الحسن علی شاذلی مصری] (صوفی - ۶۵۶)

۲۲۳۶۔ شاشی [فخر الاسلام نظام الدین ابوبکر محمد بن احمد بن حسین شاشی فارقی شافعی] (فقیہ - ۵۰۷ بغداد) اصول مستظہری یا حلیۃ العلماء ولادت ۴۲۹ میافارقین۔

۲۲۳۷۔ شاشی [ابو سعید ہیثم بن کلیب بن شریح شاشی] (محدث - ۳۳۵) مسند کبیر

۲۲۳۸۔ شاطبی [ابو اسحاق ابراہیم بن موسےٰ شاطبی اندلسی] (ادیب - ۵۰۹) الموافقات

۲۲۳۹۔ شاطبی [ابو محمد قاسم بن خیرہ بن خلف رعینی شاطبی بغدادی] (محدث - قاری - ۵۹۰ قاہرہ) ولادت ۵۳۸۔ قصیدہ شاطبیہ

۲۲۴۰۔ شاغوری [شہاب الدین فتیان بن علی بن فتیان دمشقی حنفی] (معلم - فاضل - شاعر عرب - ۶۱۵ دمشق) ولادت ۵۳۳ بانیاس بادشاہوں کی اولاد کا معلم۔

۲۲۴۱۔ شافعی [امام ابو عبداللہ محمد بن ادریس بن عباس ہاشمی عسقلانی مصری] (فقیہ۔ ۲۰۴ قاہرہ) ولادت ۱۵۰ غزہ۔ اصول فقہ۔ مسند امام شافعی

۲۲۴۲۔ شاہ چراغ [سید احمد بن موسیٰ بن جعفر صادقؑ مدنی شیرازی] (فاضل۔ محدث۔ آغاز صدی سوم) امام رضا کے بھائی

۲۲۴۳۔ شبراوی [عبداللہ] (عالم۔ ۱۱۷۲) مفاتیح الالطاف فی مدائح الاشراف۔ عنوان البیان فی النصائح

۲۲۴۴۔ شبرخیتی [ابراہیم بن مرعی بن عطیہ مالکی شبرخیتی] (محدث۔ ۱۱۰۶) فتوحات وہبیہ شرح اربعین النوویہ

۲۲۴۵۔ شبستری [محمود بن امین الدین شبستری تبریزی] (صوفی حکیم۔ واعظ۔ ۔۔) گلشن راز۔ مراۃ المحققین۔ سعادت نامہ۔ حق الیقین

۲۲۴۶۔ شبلنجی [سید مومن بن حسن شبلنجی] (عالم۔ آغاز صدی چہاردہم) نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار

۲۲۴۷۔ شبلی [ابوبکر جعفر بن یونس خراسانی بغدادی مالکی] (صوفی۔ ۳۳۴ بغداد) عمر ۸۷۔ مرید جنید بغدادی۔ ممشاد دینوری کے پیر بھائی

۲۲۴۸۔ شبلی نعمانی [محمد شبلی بن حبیب اللہ اعظم گڑھی] (ادیب۔ متکلم۔ مورخ۔ ۱۳۳۲) الفاروق۔ المامون۔ النعمان۔ البرامکہ۔ علم الکلام۔ اورنگ زیب عالمگیر۔ الجزیہ۔ شاگرد احمد علی سہارنپوری و علی عباس چڑیا کوٹی و ارشاد حسین رامپوری۔ ولادت ۱۸۵۷ء / ۱۲۷۴ھ

۲۲۴۹۔ شجاع [شجاع بن ابی وہب اسدی] (صحابی۔ ۱۲) کچھ اوپر چالیس کی عمر میں جنگ یمامہ میں شہید ہوئے

۲۲۵۰۔ شداد [شداد بن اوس شامی] (محدث۔ ۵۸ قدس) حسان بن ثابت کے بھتیجے۔ عمر ۷۵

۲۲۵۱۔ شربینی [محمد بن احمد شربینی شافعی] (خطیب۔ مفسر۔ ۹۷۷) تفسیر سراج المنیر۔ اقناع فی حل الفاظ المختصر ابی شجاع۔

۲۲۵۲۔ شرجی [شہاب الدین احمد شرجی زبیدی] (محدث۔ ۸۹۳) تجرید الصریح لاحادیث الجامع الصحیح

۲۲۵۳۔ شرحبیل [شرحبیل بن حسنہ کندی] (صحابی۔ ۱۸ عمواس) عمر کی طرف سے چوتھائی شام کا حاکم۔ عمر ۶۷

۲۲۵۴۔ شرحبیل [شرحبیل بن سمط بن اسود کندی] (صحابی۔ ۴۱) معاویہ کی طرف سے حمص کا گورنر۔ ابو الاعور سلمی کی طرح علی کا مخالف

۲۲۵۵۔ شرف الدین [امیر شرف الدین علی بن حجۃ اللہ شولستانی] (فقیہ۔ ۱۰۵۰) شاگرد تفریشی و مرزا محمد استرآبادی۔ از مشائخ محمد باقر مجلسی

۲۲۵۶۔ شرف الدین آبی [قاضی صاعد بن محمد بن صاعد بریدی آبی شیعی] (فقیہ۔ فاضل۔ متبحر۔ ۔) آبہ قریہ علاقہ قم میں۔ کتاب الامانۃ۔ معیار المعانی۔ عیون الحقائق۔

۲۲۵۷۔ شرف الدین اربلی [ابو الفضل احمد بن کمال الدین موسیٰ بن رضی الدین یونس شافعی اربلی] (فقیہ۔ ۶۲۲ موصل) موصل کی مدرسہ قاہریہ کا مدرس

۲۲۵۸۔ شرف الدین دمیاطی [امام عبدالمومن بن خلف بن ابوالحسن دمیاطی] (محدث۔ نسابہ۔ ۷۰۵ قاہرہ) ولادت ۶۱۳

۲۲۵۹۔ شرف الدین عمری [قاضی عبدالوہاب بن فضل اللہ عمری] (فقیہ۔ ادیب۔ کاتب۔ ۷۱۷) ولادت ۶۲۳۔ مصر و شام میں قاضی رہا

۲۲۶۰۔ شرف الدین نجفی [شیخ شرف الدین بن علی استرآبادی نجفی] (محدث۔ صدی یازدہم) شاگرد نور الدین علی بن عبدالعالی کرکی۔ آیات الباہرہ

۲۲۶۱۔ شرقاوی [امام عبداللہ حجازی] (صوفی۔ عالم۔ ۱۲۲۷) شرح کتاب الحکم تصوف میں۔ تحفۃ الناظرین جو تاریخ مصر ہے۔

۲۲۶۲۔ شرنوبی [احمد عرب شرنوبی اشعری] (صوفی۔ ۹۹۴) السلوک الیٰ ملک الملوک

۲۲۶۳۔ شروانی [احمد بن محمد شروانی] (ادیب۔ ۱۲۵۶) نفحۃ الیمن۔ انشائے عجب العجاب۔ حدیقۃ الافراح (دیکھو احمد عرب)

۲۲۶۴۔ شریح [قاضی ابو امیہ شریح بن حارث بن قیس] (صحابی۔ فقیہ۔ محدث۔ ۷۸ کوفہ) شروع خلافت عمرؓ سے ۷۵ سال کوفہ کا قاضی رہا۔ عمر ۱۲۰

۲۲۶۵۔ شریح [شریح بن ہانی ابو المقدام حارثی سجستانی] (صحابی۔ محدث۔ ۷۸) علی کے بزرگ اصحاب سے۔ عمر ۱۲۰

۲۲۶۶۔ شریشی [احمد] (ادیب۔ ۶۱۹) شرح مقامات حریری۔

۲۲۶۷۔ شریف العلماء [شریف الدین محمد بن حسن علی مازندرانی حائری] (فقیہ۔ ۱۲۴۶ حائر) آقا سید ابراہیم اور آقائے دربندی کے استاد

۲۲۶۸۔ شریک [قاضی ابو عبداللہ شریک بن عبداللہ بن حارث نخعی بخاری کوفی] (فقیہ۔ محدث۔ ۱۷۷۔ ولادت ۹۵ بخارا۔ علی کے فضائل بیان کرتا۔ ابوبکر و عمر کی تنقیص کرتا۔ مہدی عباسی کے عہد میں کوفہ کا قاضی۔ شاگرد ابو حنیفہ۔

سلہ یا ولادت بن حجہ۔ سلہ ابن قرہ کہتے ہیں کہ ۳۰ سال معطل رہا۔

۲۲۶۹- شریک الاعور [شریک بن الاعور سلمی نخعی] (تابعی - ۰۰) یکے از اصحاب علی۔

۲۲۷۰- شعبہ [شعبہ بن الحجاج بن الورد ازدی واسطی] (محدث - ۱۶۰)

۲۲۷۱- شعبی [معاویہ بن حفص شعبی کوفی حلبی] (محدث - صدی سوم)

۲۲۷۲- شعبی [ابو عمر عامر بن شراحیل بن عبد کبار حمیری کوفی] (محدث - ۱۰۴) عمر ۸۵ - امام زہری کہا کرتے تھے کہ عالم چار ہیں ابن مسیب مدینہ میں شعبی کوفہ میں حسن بصری بصرہ میں۔ مکحول شام میں۔

۲۲۷۳- شعبی [عبیداللہ بن مظفر] (محدث - ۰۰)

۲۲۷۴- شعرانی [امام عبدالوہاب احمد بن محمد بن رفیع الدین شعرانی شافعی] (صوفی - ۹۷۳) کشف الغمہ عن جمیع الامہ حدیث میں، یواقیت و الجواہر۔ کبریت الاحمر۔ لواقح الانوار۔ میزان الکبریٰ۔ مختصر تذکرہ قرطبی۔

۲۲۷۵- شعلہ [محمد بن احمد موصلی] (فقیہ - ادیب - مقری - ۶۵۶)

۲۲۷۶- شفیعا [آقا سید شفیع بروجردی] (فقیہ - صدی سیزدہم) روضۃ البہیۃ - شاگرد شریف العلماء

۲۲۷۷- شقران [شقران مولائے رسول] (۰۰۰)

۲۲۷۸- شقیق بلخی [ابو علی شقیق بن ابراہیم بلخی] (صوفی - ۱۹۴) شاگرد امام موسی کاظم۔ استاد حاتم اصم۔ مصاحب ابراہیم بن ادہم

۲۲۷۹- شقیق [ابو وائل بن ابی سلمہ] (تابعی - ۸۲) ۔ عام الفیل میں پیدا ہوئے مگر رسول اللہ کو نہیں دیکھا

۲۲۸۰- شکیبی [ملا محمد رضا اصفہانی اکبرآبادی دہلوی] (شاعر فارسی - ۱۰۲۳) ملازم خان خاناں۔ ہمایوں کے عہد میں ایران سے ہندوستان میں آیا۔

۲۲۸۱- شلوبین [شیخ ابو علی شلوبین عمر بن محمد بن احمد اشبیلی] (نحوی - لغوی - ۶۴۵ اشبیلیہ) ولادت ۵۶۲ اشبیلیہ

۲۲۸۲- شمس الدین آملی [شمس الدین محمد آملی][1] (حکیم - طبیب - متکلم - صدی ہشتم) شرح کلیات قانون ابو علی سینا۔ قاضی عضد سے مناظرہ کرتے تھے۔

۲۲۸۳- شمس الدین محمد [محمد بن قاسم بن ابی البدر واسطی] (واعظ - شاعر عرب - ۷۴۴) عمر ۷۰

۲۲۸۴- شمس الدین [علامہ محمد بن محمود بن محمد اصفہانی اصولی] (ادیب - شاعر - ۶۸۸) ولادت ۶۱۶ - شرح محصول فخر رازی - کتاب القواعد

۲۲۸۵- شمس الدین رومی [شمس الدین محمد بن حمزہ بن محمد رومی فنری] (فقیہ - ۸۳۴) ولادت ۷۵۱

۲۲۸۶- شمس الدین بغدادی [شمس الدین محمد بن بہاء الدین یوسف بن علی بن سعید کرمانی بغدادی] (فقیہ - محدث - مفسر - ۷۸۶) شرح صحیح بخاری۔ شرح مواقف۔ (دیکھو کرمانی)

۲۲۸۷- شمس الدین مصری [محمد بن محمد بن علی مصری مالکی] (نحوی - ۸۰۲) (دیکھو عماری)

۲۲۸۸- شمس تبریز [شمس الدین محمد بن علی تبریزی] (صوفی - ۶۴۵ قونیہ)

۲۲۸۹- شمس الدین جزری [ابوالخیر شمس الدین محمد بن محمد جزری شافعی] (قاری - محدث - ۸۳۳) اسنی المطالب حصن حصین - (دیکھو ابن الجزری)

۲۲۹۰- شمس الدین عاملی [شمس الدین محمد بن علی بن حسین عاملی] (فقیہ - محدث - ۱۰۰۹) شہید ثانی کے نواسے۔ شاگرد مقدس اردبیلی۔ مدارک الاحکام شرح شرائع الاسلام جو ۹۹۸ میں لکھی۔ حاشیہ تہذیب و ارشاد والفیہ۔

۲۲۹۱- شمس الدین جرجانی [شمس الدین محمد جرجانی بن سید شریف] (متکلم - حکیم - ۸۳۸)

۲۲۹۲- شمس الدین ترک [شمس الدین ترک پانی پتی] (صوفی - ۷۱۵ پانی پت)

۲۲۹۳- شمنی [امام تقی الدین ابوالعباس احمد بن کمال الدین محمد شمنی قسطنطینوی] (نحوی - ۸۷۲) شرح مغنی اللبیب

۲۲۹۴- شمیم [مہذب الدین ابوالحسن علی بن حسن بن عنتر حلّی موصلی] (ادیب - شاعر عرب - ۶۰۱ موصل)

۲۲۹۵- شمیم [سید جواد حسین امروہوی] (شاعر اردو - ۱۳۲۳ امروہہ)

[1] سلطان محمد خدابندہ کے عہد میں مدرسہ سلطانیہ کے مدرس تھے موسوی

۲۲۹۶-ششتری [ابو محمد عبداللہ بن محمد بن سارہ البکری الششتری] (شاعر عرب - ناثر - نحوی - ۵۱۷ مریہ)

۲۲۹۷-شواء [شہاب الدین ابوالمحاسن یوسف بن اسمٰعیل بن علی کوفی حلبی] (ادیب - شاعر عرب - ۶۳۵) ولادت ۵۶۲ حلب) اس کا استاد ابن الجبرانی طائی بحتری باشندہ جبرین جو بڑا نحوی تھا ۵۶۱ میں پیدا ۶۲۸ میں فوت ہوا

۲۲۹۸-شوکانی [امام محمد بن علی بن محمد بن عبداللہ شوکانی صنعانی] (محدث - مفسر - ۱۲۵۰ھ) نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار - تفسیر - کتاب الموضوعات۔

۲۲۹۹-شولستانی [امیر شرف الدین علی بن حجۃ اللہ شولستانی طباطبائی] (فقیہ - ۱۰۵۰ - نجف) شاگرد تفریشی و مرزا استرآبادی - از مشائخ ملا محمد باقر مجلسی کا

۲۳۰۰-شہاب تلعفری [محمد بن یوسف بن مسعود موصلی] (ادیب - شاعر عرب - ۶۷۵ دمشق) ولادت ۵۹۳ موصل - سکونت حلب۔

۲۳۰۱- شہاب الدین حلبی [علامہ محمود بن سلمان بن فہد حلبی دمشقی حنبلی] (شاعر عرب - کاتب - ۷۵۵) احسن التوسل - مقامۃ العشاق - منازل الاحباب۔

۲۳۰۲-شہاب الدین دولت آبادی [ملک العلماء قاضی شہاب الدین دولت آبادی جونپوری] (فقیہ - مفسر - ادیب - ۸۴۹) تفسیر بحر مواج - مناقب السادات - ہدایۃ السعداء - ارشاد النحو - بدایع البیان - شرح بزدوی - فتاوی ابراہیم شاہی - حاشیہ کافیہ۔

۲۳۰۳-شہاب الدین زبیدی [ابوالعباس احمد بن عثمان بن ابی بکر زبیدی] (نحوی - لغوی - ۷۶۸)

۲۳۰۴- شہاب الدین سہروردی [ابوحفص شہاب الدین عمر بن عبداللہ بن محمد سہروردی شافعی] (صوفی - فقیہ - ۶۳۲ بغداد) از نسل محمد بن ابی بکر - اصل نام طیبغ - عمر ۹۹ - عوارف المعارف

۲۳۰۵-شہاب الدین قیروانی [شہاب الدین احمد بن ادریس صنہاجی قرافی مالکی] (فقیہ - ۶۸۴) انوار البروق فی انواء الفروق (فقہ) شرح تنقیح الفصول (اصول)

۲۳۰۶- شہاب الدین معبر [شہاب الدین احمد بن عبدالرحمان بن عبدالمنعم مقدسی حنبلی] (معبر - ۶۹۷ دمشق) مدتوں مصر میں رہا - البدر المنیر فی

۲۳۰۷- شہاب الدین مقتول [ابوالفتح محمد یا احمد بن یحییٰ سہروردی شافعی] (صوفی - حکیم - ۵۸۶ حلب) عمر ۳۶

۲۳۰۸- شہدہ [فخر النساء شہدہ بنت ابی نصر احمد بن فرج بغدادیہ] (کاتبہ - عالمہ - ۵۷۴ بغداد)

۲۳۰۹-شہردار [شہردار بن شیرویہ بن شہردار ہمدانی] (محدث - ۵۵۸) اپنے والد کی فردوس الاخبار کو مرتب کیا

۲۳۱۰-شہرزوری [قاضی کمال الدین ابوالفضل محمد بن عبداللہ بن قاسم شافعی] (فقیہ - ۵۷۲) محی الدین شیرازی کے والد - ولادت ۴۹۲ - موصل و دمشق کا قاضی رہا۔

۲۳۱۱- شہرزوری [محی الدین ابوحامد محمد بن قاضی کمال الدین شہرزوری شافعی] (فقیہ - ۵۸۶ موصل) ولادت ۵۱۰ - دمشق و حلب کا قاضی رہا پھر شاہ موصل کا مختار سلطنت

۲۳۱۲-شہرستانی [ابوالفتح محمد بن ابوالقاسم عبدالکریم بن ابوبکر احمد شہرستانی] (متکلم - ۵۴۸) الملل والنحل - نہایۃ الکلام - مناہج بیان ولادت ۴۶۷ - شہرستان قریہ ہے درمیان نیشاپور و خوارزم کے

۲۳۱۳-شہید اول [شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن جمال الدین علی بن شمس الدین محمد عاملی] (فقیہ - ۷۸۶ دمشق) شاگرد فخر المحققین - لمعہ - دروس - غایۃ المراد - اربعین - درۃ الباہرہ - الفیہ - استدراک - کتاب الذکری۔

۲۳۱۴-شہید ثانی [زین الدین بن نور الدین علی بن احمد (معروف بہ ابن الحجہ)] (فقیہ - ۹۶۶) شاگرد میسی - مسالک الافہام شرح شرایع الاسلام - منیۃ المرید - مسکن الفواد - روضۃ البہیہ - مقاصد العلیہ - شرح الفیہ - رسالہ غیبت - غایۃ المراد - شرح لمعہ - روضۃ الجنان - شرح ارشاد - کشف الربوبیہ - جواز تقلید میت - درایہ - غنیۃ القاصدین - رسالہ اسطنبولیہ۔

۲۳۱۵-شہید ثالث [قاضی نوراللہ بن شریف شوستری اکبرآبادی] (فقیہ - متکلم - ۱۰۱۹ آگرہ) مجالس المومنین - احقاق الحق - مصائب النواصب - صوارم مہرقہ در صواعق محرقہ - شرح بدیع المیزان - عدۃ الابرار - تحفۃ العقول - سحاب المطیر - گوہر شاہوار - حاشیہ تہذیب - حاشیہ قواعد علامہ - حاشیہ شرح جامی۔

لہ ولادت ۱۰۷۳ھ ۴۴ - سکونت مصر و دمشق

۲۳۱۶- شہید رابع [مرزا محمد مہدی بن ہدایت اللہ اصفہانی] (فقیہ - ۱۲۱۶ مشہد) شرح دروس - دہلی میں حکیم مرزا محمد دہلوی صاحب نزہتہ شہید رابع

۲۳۱۷- شہید خامس [حاجی محمد تقی بن محمد برغانی قزوینی] (فقیہ - ۱۲۶۴ قزوین) مجالس المتقین - ایران میں شہید ثالث مشہور ہیں اگرچہ شہید خامس ہیں

۲۳۱۸- شہیدی [شہیدی قمی] (شاعر فارسی - ۹۳۵ سرکھیج) یعقوب والی تبریز کا ملک الشعراء - ایران سے آکر بیجاپور اور گجرات کے بادشاہوں پاس رہا -

۲۳۱۹- شیبانی [محمد بن حسن] (فقیہ - ۱۸۹) شاگرد ابوحنیفہ - موطا

۲۳۲۰- شیبہ [شیبہ بن عثمان بن ابی طلحہ عبدری مکی] (صحابی - ۵۹) فتح مکہ پر مسلمان ہوئے - مولفۃ القلوب میں سے ہیں -

۲۳۲۱- شیخ الاسلام ہروی [سیف الدین احمد بن یحییٰ بن سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی] (فقیہ، محدث، مفسر ۹۱۶)

۲۳۲۲- شیخانی [محمود بن محمد بن علی الشیخانی مدنی] (محدث - ۰) صراط السوی [شیخ الحرم - دیکھو ابن المنذر]

۲۳۲۳- شیخ البریت [علی زادہ سکتوری نسیاوی] (ادیب - ۱۰۰۷) محاضرۃ الاوائل ومسامرۃ الاواخر

۲۳۲۴- شیخ الرئیس [ابوعلی حسین عبداللہ بن سینا بخاری] (طبیب فلسفی حکیم - ۴۲۸) اشارات، شفاء، قانون (دیکھو ابن سینا)

۲۳۲۵- شیخ زادہ [عبدالرحمان محمد بن مصلح الدین سلیمان رومی حنفی] (فقیہ، مفسر - ۹۵۱) مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر - حاشیہ تفسیر بیضاوی

۲۳۲۶- شیخ الطائفہ [ابوجعفر محمد بن حسن بن علی طوسی شیعی] (فقیہ، مفسر - ۴۶۰ نجف) شاگرد مفید - استبصار - تہذیب الاحکام - نہایہ - عدۃ الاصول - کتاب الرجال - مبسوط فقہ میں - ریاض العقول تفسیر تبیان - مصباح المتہجد - اقتصار - کتاب الغیبۃ - مقتل حسین - اصول عقائد تلخیص الشافی

۲۳۲۷- شیخ مفید [محمد بن محمد بن نعمان بغدادی شیعی] (فقیہ، متکلم - ۴۱۳ بغداد) تصنیفات ۲۰۰ - کتاب الارشاد - اصول الفقہ - کشف السرائر - امالی - اختصاص - فرائض الشرعیہ - شرح عقائد صدوق - فصول - مجالس - مقنع - مقالات - وجوہ الاحکام وغیرہ -

۲۳۲۸- شیدا [شیدا اکبرآبادی] (شاعر فارسی - ۱۰۴۲) جہانگیر کا معاصر

۲۳۲۹- شیذلہ [ابوالمعالی عزیزی بن عبدالملک بن منصور جیلی شافعی بغدادی] (فقیہ - واعظ - ۴۹۴ بغداد) بغداد کے محلہ باب الازج کا قاضی -

۲۳۳۰- شیرازی [صدر الدین محمد بن ابراہیم (ملا صدرا) شیعی شیرازی] (حکیم، فلسفی - ۱۰۵۰) حکمۃ المتعالیہ فی المسائل الربوبیہ عقلیات میں -

۲۳۳۱- شیرویہ [شیرویہ بن شہردار بن شیرویہ ہمدانی] (محدث - ۵۰۹) فردوس الاخبار - تاریخ ہمدان

۲۳۳۲- شیفتہ [نواب مصطفیٰ خان دہلوی] (شاعر اردو - آخر صدی سیزدہم)

۲۳۳۳- صابونی [ابوالفضل محمد بن احمد بن ابراہیم جعفی کوفی مصری] (فقیہ، محدث - صدی چہارم مصر) استاد ابن قولویہ - کتاب فاخر

۲۳۳۴- صابونی [ابوعثمان اسمٰعیل بن عبدالرحمان نیشاپوری] (محدث - ۴۴۹) ولادت ۳۷۳ - مائتین

۲۳۳۵- صابی[1] [ابواسحاق ابراہیم بن ہلال بن ابراہیم حرانی بغدادی] (کاتب، شاعر عرب - ۳۸۴ بغداد) عمر ۷۱ - تاجی یعنی تاریخ بنی بویہ عضد الدولہ کیلئے لکھی

۲۳۳۶- صاحب ابن عباد [ابوالقاسم اسمٰعیل بن ابوالحسن عباد طالقانی شیعی] (ادیب، منشی، لغوی - ۳۸۵ رے) دیکھو ابن عباد

۲۳۳۷- صاعد [قاضی ابوالقاسم صاعد بن احمد اندلسی] (فقیہ، محدث - ۴۶۲) طبقات الامم

۲۳۳۸- صاعد [ابوالعلاء صاعد بن محمد بن حسن بن عیسیٰ ربعی بغدادی] (لغوی - ۴۱۷ صقلیہ) کتاب الفصوص - ۳۸۰ھ میں بغداد سے منصور عامری کے پاس اندلس چلا گیا

۲۳۳۹- صاعد [شیخ صاعد بن ربیعہ بن ابوغانم] (فقیہ - صدی پنجم) شاگرد ابوجعفر طوسی

۲۳۴۰- صاعد [قاضی صاعد بن منصور بن صاعد مازندرانی] (فقیہ - ۰) نیز دیکھو شرف الدین آبی

۲۳۴۱- صاعد [مجد الدین صاعد بن علی آبی] (فقیہ - واعظ - ۰)

۲۳۴۲- صاغانی [حسن بن محمد عمری عدوی لاہوری] (محدث، نحوی - ۶۵۰) دیکھو حسن صغانی

۲۳۴۳- صالح برغانی [محمد صالح برغانی قزوینی] (فقیہ - صدی سیزدہم) تنبیہۃ المعاد - مسلک تفسیر گویا - معدن البکاء - مخزن البکاء - منبع البکاء - برادر حاجی محمد تقی المقتول

۲۳۴۴- صالح [میر محمد صالح کشفی اکبرآبادی] (صوفی، شاعر فارسی - ۱۰۶۰) مناقب مرتضوی

[1] آخر عمر میں مسلمان ہو گیا تھا۔

۲۳۴۵- صالح [شیخ صالح بن حسن جزائری] (فقیہ - صدی یازدہم کاظمین) شیخ بہائی سے روایت کی

۲۳۴۶- صالح [شیخ صالح بن سلیمان بن محمد عاملی صیداوی] (فقیہ - کاظمین)

۲۳۴۷- صالح [صالح بن شرف] (فقیہ - آٹھویں صدی) شاگرد علامہ حلی

۲۳۴۸- صالح [شیخ صالح بن عبد الکریم بحرانی] (فقیہ - محدث - شاعر عربی - ۱۰۹۸ شیراز) تفسیر اسماء اللہ الحسنیٰ - رسالہ خمریہ - شاگرد علی بن سلیمان بحرانی

۲۳۴۹- صالح [ابو الفضائل محمد صالح بن احمد سروی مازندرانی اصفہانی] (فقیہ - محدث - ۱۰۸۱) ملا عبد اللہ اور ملا محمد تقی کے شاگرد

۲۳۵۰- صالحی [عبد اللہ بن احمد صالحی لبلی مصری] (صوفی - ادیب - ۷۱۸) ولادت ۶۳۵

۲۳۵۱- صائب [مرزا محمد علی اصفہانی اکبر آبادی] (شاعر فارسی - ۱۰۸۰) عہد جہانگیر میں آگرہ آکر ایران واپس گیا۔

۲۳۵۲- صائغ [سید علی بن حسین الصائغ عاملی جزینی] (فقیہ - محدث - آخر صدی دہم) شہید ثانی کا شاگرد - شرح شرائع الاسلام - شرح ارشاد

۲۳۵۳- صبان [ابو العرفان محمد بن علی مصری] (نحوی - صوفی - ۱۲۰۶) کافیۃ الشافیہ فی العروض والقافیہ - حاشیہ شرح اشمونی علی الالفیہ - شرح تجرید علامہ - حاشیہ مختصر تفتازانی - اسعاف الراغبین -

۲۳۵۴- صدر الدین اردبیلی [صدر الدین موسیٰ بن صفی الدین اسحاق اردبیلی] (صوفی - ۷۸۵) عمر ۹۰ [صدر الائمہ = اخطب خوارزم]

۲۳۵۵- صدر الدین [مفتی صدر الدین کشمیری دہلوی متخلص بہ آزردہ] (فقیہ - شاعر عربی و فارسی و اردو - ۱۲۸۵) منتہی المقال - در المنضود - عمر ۸۱ - شاگرد عبد العزیز و فضل امام خیر آبادی

۲۳۵۶- صدر الدین اصفہانی [صدر الدین محمد بن سید صالح بن سید محمد عاملی بغدادی اصفہانی نجفی] (فقیہ - ۱۲۶۳ نجف)

۲۳۵۷- صدر الدین شیرازی [ابو المعالی صدر الدین محمد بن ابراہیم بن محمد دشتکی شیرازی] (حکیم - ۹۰۳) ولادت ۸۲۸ - حاشیہ تجرید - حاشیہ شرح مطالع - حاشیہ کشاف - حاشیہ شرح شمسیہ - حاشیہ شرح مختصر الاصول -

۲۳۵۸- صدر الدین شیرازی [صدر الدین محمد بن ابراہیم شیرازی شیعی (ملا صدرا)] (حکیم - متکلم - ۱۰۵۰ شیراز) کتاب الاسفار - شرح اصول کافی - شواہد الربوبیۃ - مفاتیح الغیب - شرح ہدایۃ الحکمۃ - اسرار الآیات - رد دلائل فخر رازی - حاشیہ حکمۃ اشراق - شیخ بہائی اور ملا باقر داماد کے شاگرد

۲۳۵۹- صدر الدین قمی [صدر الدین بن سید محمد باقر رضوی قمی شیعی] (فقیہ - ۱۱۶۰ نجف) شاگرد آقا جمال خونساری و مدقق شیروانی

۲۳۶۰- صدر الدین قونوی [ابو المعالی صدر الدین قونوی] (صوفی - ۶۷۲ قونیہ) مفتاح الغیب - نصوص - نفحات الٰہیہ

۲۳۶۱- صدر الافاضل [قاسم بن حسین مروزی بخاری خوارزمی] (نحوی - ادیب - ۶۱۷) تخمیر - توضیح شرح مقامات - شرح انموذج - شرح مفصل

۲۳۶۲- صدر الشریعۃ اکبر [شمس الدین احمد بن جمال الدین عبید اللہ بن ابراہیم بن احمد حنفی] (فقیہ - صدی ہفتم) تنقیح العقول

۲۳۶۳- صدر الشریعۃ اصغر [عبید اللہ بن مسعود بن تاج الشریعۃ محمود بن صدر الشریعۃ احمد حنفی] (فقیہ - ۷۴۷) شرح وقایہ

۲۳۶۴- صدر عالم [محمد صدر عالم] (محدث -) معارج العلیٰ فی مناقب آل المصطفیٰ

۲۳۶۵- صدر العلماء [حبیب اللہ بن حسین بن حسن عاملی کرکی] (فقیہ - صدی یازدہم) شیخ بہائی کے شاگرد - عمدۃ الجلیہ - محجۃ البیضاء - مقنع الطلاب

۲۳۶۶- صدقہ [صدقہ بن حسین بن حسن بن بختیار بغدادی] (فقیہ - ادیب - متکلم - شاعر عرب - مورخ - ۵۷۳) ولادت ۴۹۷

۲۳۶۷- صدوق [ابو جعفر ثانی محمد بن علی بن حسین بن موسیٰ بن بابویہ قمی شیعی] (فقیہ - محدث - ۳۸۱ رے) ابن بابویہ کے بیٹے - تصنیفات ۳۰۰ - اکمال الدین - دعائم الاسلام - کتاب التوحید - کتاب نبوۃ - من لا یحضرہ الفقیہ - کتاب المقنع - علل الشرائع - کتاب الاوائل - ارکان الاسلام - کتاب السنۃ - مصابیح المصابیح - کتاب الرجال - دلائل الائمہ - تفسیر القرآن - کتاب الناسخ والمنسوخ - جامع الکبیر - امالی - اعتقادیہ - کتاب العقبہ - عیون اخبار الرضا وغیرہ -

۲۳۶۸- صدیق حسن [صدیق حسن خان بن آل حسن قنوجی بھوپالی] (محدث - مفسر - ۱۳۰۷ بھوپال) تفسیر فتح البیان - ابجد العلوم - نیل المرام - اتحاف النبلاء - اکسیر - روضۃ الندیہ - لقطۃ الرائد - مسک الختام - حصول المامول - کشف الالتباس - فتح المغیث - اکلیل الکرامہ - افادۃ الشیوخ فی الناسخ والمنسوخ -

۲۳۶۹ - صرصری [یحییٰ بن یوسف بن یحییٰ انصاری ضریر] (صوفی - فقیہ - ادیب - شاعر عرب - لغوی - ۶۵۶) ولادت ۵۸۸

۲۳۷۰ - صعصعہ [صعصعہ بن صوحان عبدی] (صحابی - ۰ ۰) علی کے اصحاب سے

۲۳۷۱ - صفار [ابوالحسن احمد بن عبید بن اسماعیل بصری] (محدث - ۳۴۱ میں زندہ تھا) السنن

۲۳۷۲ - صفار [عفان بن مسلم] (محدث - ۲۲۰)

۲۳۷۳ - صفار [ابوعلی اسماعیل بن محمد بن اسماعیل بغدادی] (نحوی - شاعر عرب - ۳۴۱) مبرد کا شاگرد - ولادت ۲۴۸

۲۳۷۴ - صفار زاہد [امام ابراہیم بن اسماعیل بن احمد مروزی بخاری] (محدث - ۵۳۴) تخلیص الزاہد - کتاب السنۃ والجماعت

۲۳۷۵ - صفار [محمد بن حسن صفار] (محدث - ۲۹۰) معاصر امام حسن عسکری - بصائر الدرجات

۲۳۷۶ - صریع الدلاء [ابوالحسن علی بن عبدالواحد بغدادی] (فقیہ - شاعر عرب - ۴۱۲ مصر)

۲۳۷۷ - صفدی [صلاح الدین خلیل بن ایبک بن عبداللہ شافعی] (مورخ - ادیب - شاعر عرب - ۷۶۴ دمشق) شرح رسالہ ابن زیدون - دمعۃ الباکی

۲۳۷۸ - صفوان [صفوان بن امیہ بن خلف جمحی قرشی] (صحابی - ۴۲ مکہ) اسلام بعد فتح مکہ - مولفۃ القلوب سے تھے۔

۲۳۷۹ - صفوان [صفوان بن سلام زہری مدنی] (تابعی - ۱۳۲)

۲۳۸۰ - صفوان [صفوان بن معطل بصری] (صحابی - ۱۹) عمر کچھ اوپر ۶۰ - جنگ ارمینیہ میں مارے گئے۔

۲۳۸۱ - صفوان [ابومحمد صفوان بن یحییٰ بجلی] (محدث - فقیہ - ۲۱۰ مدینہ) وکیل امام رضا - ۳۰ کتابیں فقہ وغیرہ میں

۲۳۸۲ - صفوانی [ابوعبداللہ محمد بن احمد بن عبداللہ نزیل بغداد] (فقیہ متکلم - اوائل صدی چہارم بغداد) صفوان جمال صحابی جناب صادق کی پوتی کا پوتا - علی بن ابراہیم بن ہاشم سے روایت کی - معاصر کلینی - کتاب الکشف والحجۃ - تحلیل المتعہ - انس العالم و تادیب المتعلم - تحفۃ الطالب بغیۃ الراغب - کتاب الجامع فقہ میں - کتاب الامامۃ -

۲۳۸۳ - صفیہ [صفیہ بنت عبدالمطلب (زوجۂ عوام بن خویلد)] (صحابیہ - ۲۰) زبیر کی والدہ - رسول اللہ کی پھوپی - حمزہ کی حقیقی بہن - عمر ۷۳

۲۳۸۴ - صفیہ [صفیہ] (صحابیہ - ۲۵ مدینہ) زوجۂ رسول

۲۳۸۵ - صفیہ [صفیہ بنت ابی عبید ثقفیہ] (صحابیہ - ۰ ۰) مختار ثقفی کی بہن - عبداللہ بن عمر کی زوجہ

۲۳۸۶ - صفی الدین [صفی الدین ابن شکر عبداللہ بن علی بن حسین مصری مالکی] (محدث - ۶۲۲) ولادت ۵۴۸ - سکونت قاہرہ و دمشق

۲۳۸۷ - صفی الدین اردبیلی [صفی الدین اسحاق اردبیلی] (صوفی - ۷۳۵) ایران کے شاہان صفوی انہی کی نسل سے اور انہی کی طرف منسوب ہیں

۲۳۸۸ - صفی الدین حلی [امام صفی الدین عبدالعزیز بن سرایا بن علی الطائی] (ناثر - شاعر عرب - ۷۵۰) ولادت ۶۷۷ - شاعر عصرہ علی الاطلاق (دیکھو ابن

۲۳۸۹ - صفی الدین بن نصیر [صفی الدین بن نصیر الدین] (نحوی - ۸۱۹) ملک العلماء دولت آبادی کے داماد - دستور المبتدی - حل ترکیب کافیہ - غایۃ التحقیق شرح کافیہ -

۲۳۹۰ - صفی امروہوی [ابن الفصاحۃ ناطق الملک سید الشعراء سید محمد حسین بن علی حسین خوشنویس امروہوی] (شاعر اردو و فارسی - ۱۳۱۹ھ آگرہ) ولادت ۱۱۵۹ - اعراب - خوشنویس - طوبی العروض - لطافۃ الضیافۃ (عربی) انکے بیٹے ڈاکٹر سید زیرک حسین (رضی) اور سید لائق حسین (قوی) اعلیٰ درجہ کے شاعر اور خوشنویس [illegible]

۲۳۹۱ - صفی پوری [عبدالرحیم صفی پوری] (لغوی - ادیب - صدی سیزدہم) منتہی الارب جو ۱۲۵۷ھ میں لکھی - شرح سبعہ معلقات - مسالک البہیہ (نحو) غایۃ البیان (صرف)

۲۳۹۲ - صقلی [محمد بن محمد بن منظفر] (ادیب - ۵۶۵) سلوان المطاع

۲۳۹۳ - صلاح الدین اربلی [ابوالعباس احمد بن عبدالسید بن شعبان اربلی] (شاعر عرب - ۶۳۱) ولادت ۵۷۲

۲۳۹۴ - صلاح الدین کتبی [صلاح الدین محمد بن شاکر کتبی حلبی] (مورخ - ۷۶۴ حلب) فوات الوفیات (دیکھو ابن شاکر)

۲۳۹۵ - صلاح الدین صفدی [دیکھو صفدی] (مورخ - ادیب - ۷۶۴ دمشق)

۲۳۹۶ - صنہاجی [صنہاجی بن آجروم] (نحوی - ۷۲۳) آجرومیہ نحو میں -

[illegible] عراق [illegible] ضیاء الاسلام [illegible] ربیع الاول [illegible] ذخیرۃ الحامدین - ثمرۃ المکاشفہ - ترجمہ قرآن وغیرہ [illegible] فرہنگ اردو

۲۳۹۷- صنہاجی [ابوالعباس احمد بن ادریس قرافی] (عالم - ۶۸۴) شرح تنقیح الفصول

۲۳۹۸- صولی [ابراہیم بن عباس بن محمد بغدادی] (شاعر عرب - ۲۴۳ سامرا) عباس بن احنف حنفی شاعر کا بھانجا - اعلیٰ درجہ کا شاعر

۲۳۹۹- صولی شطرنجی [ابوبکر محمد بن یحییٰ بن عبداللہ بصری] (ادیب - کاتب - ۳۳۵ بصرہ) ادب الکاتب - کتاب الوزراء - اخبار القرامطہ - کتاب الغرر - تعلیق دیوان

۲۴۰۰- صہبائی [شیخ امام بخش صہبائی دہلوی] (ادیب - شاعر فارسی - ۱۲۷۳) ۱۸۵۷ء کے غدر میں مارے گئے۔

۲۴۰۱- صہیب [صہیب بن سنان (غلام رومی)] (صحابی - محدث - ۳۸ مدینہ) عبداللہ بن جدعان کا غلام - قدیم الاسلام - عمر ۹۰

۲۴۰۲- صیاد [عزالدین احمد الصیاد] (صوفی - ۶۷۰) احمد رفاعی کی نسل سے - المعارف المجیدیہ فی الوظائف الاحمدیہ

۲۴۰۳- صیرفی [ابن حبشی یحییٰ بن ابومنصور بن ابی الفتح] (فقیہ - ادیب - ۶۷۸) نزیل دمشق - ولادت ۵۸۳ - سکونت بغداد و دمشق

۲۴۰۴- ضاحک [میر غلام حسین دہلوی فیض آبادی] (شاعر اردو - حدود ۱۲۰۰) معاصر سودا

۲۴۰۵- ضحاک [ضحاک بن قیس بن خالد فہری] (صحابی - ۶۴) شرطۂ معاویہ - زیاد کے بعد ۵۵ھ تک کوفہ کا گورنر رہا - موج راہط پر مروان سے شکست کھا کر مارا گیا

۲۴۰۶- ضحاک [ضحاک بن مزاحم] (مفسر - ۱۰۵) [نیز ضحاک = ابوالازہر]

۲۴۰۷- ضرار بن ازور [ضرار بن ازور بن مرداس اسدی] (صحابی - شاعر عرب - ۱۳) قاتل مالک بن نویرہ بحکم خالد - جنگ اجنادین میں مارا گیا

۲۴۰۸- ضرار بن الخطاب - ضرار بن الخطاب بن مرداس فہری] (صحابی - شاعر عرب - ۰) فتح مکہ پر مسلمان ہوا

۲۴۰۹- ضمیر [میر مظفر حسین لکھنوی] (شاعر اردو - صدی سیزدہم) معاصر ناسخ

۲۴۱۰- ضمیر یمنی [شیخ ابوعبداللہ محمد بن موسیٰ بن محمد و والی ضمیر یمنی حنفی شافعی] (فقیہ - ادیب - حکیم - ۷۹۰) حقیقۃ اللوح المحفوظ - الرد علی النحاۃ

۲۴۱۱- ضیاء برنی [ضیاء الدین برنی ہندی] (صوفی - مورخ - صدی ہشتم) مرید نظام الدین اولیاء - تاریخ فیروز شاہی جو ۷۵۸ میں لکھی

۲۴۱۲- ضیاء قزوینی [علامہ ضیاء الدین بن سعد بن محمد قزوینی] (مفسر - فقیہ - ۷۸۰ قاہرہ) شاگرد عضد - استاد تفتازانی

۲۴۱۳- ضیاء قوصی [ابوالحسن ضیاء الدین بن ابراہیم بن محمد قنادی] (نحوی - لغوی - عروضی - ۵۹۹) کتاب الاشارہ فی تسہیل العبارہ - المقتصر من المختصر

تہذیب ذہن الواعی -

۲۴۱۴- ضیاء مقدسی [ضیاء الدین ابوعبداللہ محمد بن عبدالواحد بن احمد مقدسی دمشقی حنبلی] (محدث - ۶۴۳) مختارہ فی احادیث الصحیحہ - ولادت ۵۶۹

۲۴۱۵- ضیاء ہکاری [سید ابو محمد عیسیٰ بن محمد بن عیسیٰ ہکاری حسنی] (فقیہ - ۵۸۵) اسد الدین شیرکوہ کا پیش نماز - صلاح الدین کا مشیر

۲۴۱۶- طاشکبری زادہ [ابوالخیر عصام الدین احمد] (عالم - فاضل - ۹۶۸) مفتاح السعادہ - شقائق نعمانیہ - کتاب الشفاء فی دواء الوباء

۲۴۱۷- طالب ابہری [سید طالب بن علی حسینی ابہری شیعی] (فقیہ - واعظ - ۰) شاگرد محی الدین بن حسین بن مظفر حمدانی - ابہر قزوین کا ایک قریہ

۲۴۱۸- طالب آملی [طالب آملی احمد نگری] (شاعر فارسی - ۱۰۳۶) عہد جہانگیر میں ہند میں آیا

۲۴۱۹- طاؤس بن کیسان [طاؤس بن کیسان (ابوعبدالرحمٰن) خولانی ہمدانی یمانی] (تابعی - محدث - ۱۰۶ مکہ) اصل نام ذکوان

۲۴۲۰- طاؤسی [رکن الدین ابوالفضل عراقی بن محمد بن عراقی قزوینی حنفی] (فقیہ - متکلم - ۶۰۰ ہمدان) رضی الدین حنفی نیشاپوری کا شاگرد

۲۴۲۱- طاؤس یمانی [طاؤس بن کیسان یمانی] (صوفی - ۱۰۵ مکہ)

۲۴۲۲- طاہر بن احمد [طاہر بن زید بن احمد] (فقیہ - اوائل صدی ششم) شیخ ابوعلی طوسی کا شاگرد

۲۴۲۳- طاہر جرجانی [شیخ ابوالطیب طاہر بن علی جرجانی] (فقیہ - ۰)

۲۴۲۴- طاہر طبری [قاضی شیخ ابوالطیب طاہر بن عبداللہ بن طاہر بن عمر طبری شافعی] (فقیہ - ۴۵۰ بغداد) عمر ۱۰۲

۲۴۲۵- طاہر پٹنی [محمد طاہر پٹنی گجراتی] (محدث - لغوی - ۹۸۶) مجمع البحار پٹنی - ولادت ۹۱۳ نہروالہ

۲۴۲۶- طاہر قزوینی [شیخ بہاء الدین ابو محمد طاہر بن احمد قزوینی] (نحوی - ۵۷۵)

۲۴۲۷- طاہر قمی [محمد طاہر بن محمد حسین قمی نجفی اخباری] (فقیہ - صدی یازدہم نجف) معاصر ملا باقر مجلسی و ملا خلیل قزوینی - شرح تہذیب الحدیث - حکمۃ العارفین - بہجۃ الدارین - تحفۃ الاخیار - حجۃ الاسلام - فوائد مدنیہ - رد الحکماء والصوفیہ -

۲۴۲۸- طاہر کاشانی [شاہ طاہر بن رضی الدین اسمٰعیل حسینی اثنا عشری] (متکلم - عالم - ۹۵۲) شاگرد علامہ شمس الدین محمد خفری - تصریح مذہب شیعہ

۲۴۲۹- طبرانی [شیخ ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی اصفہانی] (محدث - ۳۶۰ اصفہان) ولادت طبریہ ۲۶۰ - دلائل النبوۃ - معجم کبیر - معجم صغیر - معجم اوسط - تفسیر - کتاب السنہ - کتاب الاوائل - کتاب الدعاء

۲۴۳۰- طبرسی [امین الدین ابو علی فضل بن حسن بن فضل طبرسی مشہدی شیعی] (مفسر - ۵۴۸ مشہد) تفسیر مجمع البیان - جمع الجوامع - صحیفۃ الرضا - اعلام الوریٰ -

۲۴۳۱- طبرسی [رضی الدین ابو نصر بن امین الدین فضل اللہ شیعی] (محدث - صدی ششم) مکارم الاخلاق

۲۴۳۲- طبرسی [ابو منصور احمد بن علی بن ابی طالب طبرسی] (متکلم - محدث - صدی ششم) استاد ابن شہر آشوب - احتجاج - کافی فقہ میں - مفاخر الطالبیہ - تاریخ الائمہ - محض طبرسی سے عموماً یہی مراد ہوتے ہیں -

۲۴۳۳- طبری [شیخ ابو جعفر محمد بن جریر بن رستم آملی امامی] (متکلم - محدث - صدی چہارم) دلائل الامامۃ جس کا نام مسترشد ہے -

۲۴۳۴- طبری [ابو جعفر محمد بن جریر بن یزید طبری بغدادی] (مفسر - مورخ - فقیہ - ۳۱۰) تفسیر جامع البیان - تاریخ الرسل والملوک

۲۴۳۵- طبری [ابو علی حسن بن قاسم شافعی] (فقیہ - ۳۰۵) کتاب الافصاح فقہ میں - کتاب المحرر نظر میں - کتاب العدہ

